دعوت ولیمہ پر معزز مہمانان گرامی

نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پیارے علی علیہ السلام کے دُلارے

شہزادہ حافظ سیّد محسن علی زنجانی کی شادی

خاندان زنجانیہ عالیہ میں شادمانی منجم اعظم الحاج سیّد ناظر حسین شاہ زنجانیؒ بانی ادارہ آئینہ قسمت کے پوتے شہزادہ حافظ سیّد محسن علی زنجانی بن سیّد انتظار حسین زنجانی 9 رمضان المبارک 1440ھ مدینہ منورہ سرکارِ دو عالم ﷺ کے قدموں میں رشتہ ازدواج میں منسلک ہوئے اور اب باقاعدہ 23 نومبر 2018ء شادی 24 نومبر دعوت ولیمہ کی تقریب لاہور انجام پائی اس پُرمسرت موقع پر سینکڑوں ہزاروں خاندان زنجانیہ عالیہ سے عقیدت ومحبت رکھنے والے بہن بھائیوں نے تقریب میں شرکت کی مبارکباد اور دعائیں دیں۔ ماہنامہ آئینہ قسمتؒ کے ان اوراق پر ہم سبھی پاکستان اور دنیا بھر سے مبارکباد دینے والے بہن بھائیوں کا فرداً فرداً شکریہ ادا کرتے ہیں کہ جنہوں نے خاندان زنجانیہ کی خوشیوں کو نہ صرف دوبالا کیا بلکہ مبارکباد کے ساتھ ڈھیروں دعائیہ کلمات سے بھی نوازا۔ جواباً خاندان زنجانیہ کے بزرگ بھی اُن سب کے لئے دُعا گو ہیں۔ یاداشت کے مطابق جن مہمانوں نے دور نزدیک سے شرکت اور دُعا فرمائی ان معزز افراد کے اسمائے گرامی یوں ہیں۔ علامہ ڈاکٹر محمد حسین اکبر بمعہ صاحبزادے، پرنسپل منہاج الحسین علامہ سید افتخار نقوی رکن اسلامی نظریاتی کونسل، جعفر عباس، سید سعید ترمذی۔ رئیس عباس زیدی (سابق سیکرٹری اوقاف) پیر سید حبیب عرفانی (آستانہ عالیہ سندر شریف) سردار مسعود رضا قزلباش، سید نو بہار شاہ، (معزز ایرانی مہمانان گرامی آقای علی اصغریك دله محمود طلائی، محمد قایم پناہ) سہیل ضیاء بٹ، شجاعت، ملک عرفان، ذکا اللہ رانجھا، شمیم خان، شاہد نذیر (پاکستان Web T.V) ڈاکٹر نثار ملک، چوہدری واجد علی خان، پیر طاہر سجاد زنجانی، بریگیڈئر اعزاز C.M.H لاہور، انجم کاظمی، شہزاد قیصر، سید علی حیدر (کراچی) طاہر علی شاہ، محمد رمضان چشتی، سید قاسم النقوی البخاری، رحمت اللہ (ایبٹ آباد) سید انور فراز (کراچی) اقدس کاظمی، سید طیب شاہ، عاصم بخاری، غلام نبی چانڈیو (کراچی) ڈاکٹر سید اسد علی (واہ کینٹ) سید اطہر عباس، سید ریاض علی شاہ، محمد جمیل بدر، جہاں زیب بدر، محمد اکرم گوندل (ایڈووکیٹ) پیر ظہور کاظمی، سید سرفراز زنجانی، میاں خالد سعید (کراچی) رحمت علی رازی، شاہد (C.A.A ائیرپورٹ) علی طاہر زیدی، پیر سید سرفراز حیدر، سردار شعیب خان ممتاز، محمد زبیر (ایڈووکیٹ) فیاض احمد، جاوید صادق (عائشہ پارلر) ڈاکٹر سید واجد رضا جعفری، رحمت علی خان، ظفر حسین بھٹی، سید فضل شاہ، مختار علی ملک (راولپنڈی) خوشنود علی خان (اسلام آباد) پیر سید افضال زنجانی، جسٹس منیر، حاجی احمد، سید جعفر عباس، سید منتظر مہدی، امداد میمن، محمد ارشد بھٹی (سرگودھا) منیر ملک، ڈاکٹر نوازش، رئیس زیدی، اجمل ستار (ایکسپریس) نذیر چاکرانی (کراچی) طاہر حسین غوری، خالد انیس، عاطف جامی، فیصل شجاع، عامر ظہر چوہان (ایڈووکیٹ) محمد ارشد (اتفاق نیوز ایجنسی کراچی) سلطان محمد تنولی، رانا شاہد (فیصل آباد) غلام رضا عسکری، سید دولت علی زیدی، پیر طارق ولی (جڑانوالہ) معین الحق علوی، نایاب حیدر (کراچی) خاور حسن ہاشمی (کراچی) رانا خالد، راجہ نادر علی (راولپنڈی) علی حسن گجر، ندیم وائیں، ماجد جٹ، اختر جٹ، اداکار نعمان اعجاز پیر سید غضنفر علی شاہ (جڑانوالہ) دیگر شہزادگان منجم زنجانی برادرز کے بہت سارے دوستوں نے اس خوشی کے موقع پر شرکت فرمائی۔

جن احباب کے نام یاداشت سے رہ گئے ہیں۔ وہ دوست احباب محسوس نہ کریں۔ نیتوں کا حال جاننے والا ربّ ہے۔ ہمیں اسی ربّ عظیم کی عظمت و بزرگی کی قسم ہے کہ ہم سب کے لئے شکرگذار اور انکی نیک حاجات کی تکمیل کیلئے دعا گو ہیں۔ اور التماس کرتے ہیں کہ نئے جوڑے کو اپنی دعاؤں میں یاد رکھیں۔

شکرگذار دعا گو: **سیّد انتظار حسین زنجانی**

حمد

نوازش علی شیخ

جسم اور رُوح سبھی تِرے اِشارے پر ہے
ڈوبا جو عِشق کے ساگر میں کنارے پر ہے

ہاتھ پاؤں تو بُہت دنیا میں مارے ہم نے
ہنس کے کہتی ہے مگر زیست خسارے پر ہے

جس طرف دیکھتا ہوں جلوہ نُما ہے تُو ہی
نور کا دَریا، میری ناؤ ہُلارے پر ہے

لاکھوں رنگوں میں نمایاں ہے مگر تیرا ہی رنگ
شان تیری ہے تِرا ذکر سپارے پر ہے

چاندنی پھیلی ہے ہر سو تو درَخشاں ہے چاند
چال دنیا کی مگر پھر بھی ستارے پر ہے

رازِ دَرپردہ کو جانے لا شریکَ لہُ
کائنات عاصؔی اِسی ایک سہارے پر ہے

نعت

نوازش علی شیخ

عشق صادق ہوتو پھر دِل میں سفر جاگتے ہیں
تائبِ خواب ہیں، تا وقتِ سحر جاگتے ہیں

جذّب اور شوق کا رَوشن ہے اَلاؤ دِل میں
ذہن میں لا اِلہٰ کے تازہ ہُنر جاگتے ہیں

شہروں میں گلیوں میں اور کوچہ و بازاروں میں
ذکرِ لاہوت سے، دیوار اور در جاگتے ہیں

جس کسی کو بھی عطا چاہیے، تا زیست مُدام
اُسکے اعضائے بدن شام و سحر جاگتے ہیں

دِل میں ہو سوخت، نظر میں ہو تجلّی کا سماں
اِن اداؤں سے فقط اہلِ نظر جاگتے ہیں

کج اداؤں سے حذر، واعظ و مُلّا سے حذر
عاصی درحالِ سفر عُذرِ خطر جاگتے ہیں

تشنہ دہان کی فغاں عہد پیام تک گئی
بادِ سُموم کربلا، کوفہ و شام تک گئی

خطبہ تھا اک اسیر کا، نوکِ سناں پر جو دیا
اُسکی صدائے بازگشت ہر خاص و عام تک گئی

نازشِ مُصطفی سلام تیرے سفر کی شان پر
صبح و مسا کی ہر گھڑی سجدہ قیام تک گئی

جیسے ہوا کٹا سفر، جیسے سہی صعوبتیں
بندِ رسن کی داستاں میرے اِمام تک گئی

چُن چُن کے مارے تھے شقی بُرشِ ذُوالفقار نے
ہر اک عدو کی دُشمنی حدِ حرام تک گئی

ہر اک شہید نے امام کے لئے سر کٹا دیا
رُوحِ بتول و مرتضٰی اُنکے سلام تک گئی

A.B.C سے باقاعدہ منظور شدہ اشاعت

جلد نمبر 71 | JANUARY 2019 | شمارہ نمبر 10

بانی ادارہ منجم اعظم الحاج سید ناظر حسین شاہ زنجانی قدس سرہ العزیز

جانشین خاندان زنجانیہ عالیہ

شہزادہ سیّد مصوّر علی شاہ زنجانی
شہزادہ سیّد محمد علی شاہ زنجانی
شہزادہ سیّد محسن علی شاہ زنجانی

بیرون ممالک سالانہ چندہ
مڈل ایسٹ 12000 روپے
انڈیا، ایران، سری لنکا 12000 روپے
یورپ، فار ایسٹ 14000 روپے
امریکہ، کینیڈا، آسٹریلیا 15000 روپے

قیمت 90 روپے
سالانہ چندہ 1000 روپے
لائف ممبر شپ 15000 روپے For 12 Years
لائف ممبر شپ 1000 ڈالر For 12 Years

کاشانہ زنجانی 125۔ڈی، گلبرگ 2
54660
بلمقابل یونین کونسل حضرت میراں حسین زنجانی روڈ، نزد مین مارکیٹ لاہور
Ph: 042-35752277 - 35872277
Mobile: 0300-9483758

کاشانہ زنجانی راولپنڈی
19-A، جی ٹی روڈ (جہلم روڈ)، بالمقابل گالف کلب / آرمی ہاؤس، عقب پی ایس او پٹرول پمپ
PH: 051-8732742
051-8732764

کاشانہ زنجانی
نزد انصار برنی ٹرسٹ و ہمدرد دواخانہ
آرام باغ روڈ، کراچی-74200
Ph: 021-32217544

حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا!

"میں اور یتیم کی پرورش کرنے والا جنت میں ایسے ہوں گے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے شہادت کی اُنگلی اور درمیانی اُنگلی کو آپس میں ملایا"

(سنن ابی داؤد، حدیث ۵۱۵۰)

سید انتظار حسین زنجانی ایڈیٹر/پبلشر نے حیدری پریس، ریلوے روڈ، لاہور سے چھپوا کر کاشانہ زنجانی 125-D گلبرگ 2 لاہور سے شائع کیا

زائچہ پاکستان میں سال 2019ء کی آسمانی کونسل پر اہمیت زائچہ پاکستان اور زائچہ ورش پھل دونوں کا طالع ثور ہونے سے دو جسمان آپس میں مل رہے ہیں یوں آسمانی کونسل پاکستان پر مہربان ہو رہی ہے

27 دسمبر 2018ء تا 20 فروری 2019ء دور راہو:۔ زائچہ ورش پھل چاند کا سایہ راہو تیسرے جبکہ کیتو پیدائشی زائچہ میں اسی گھر میں ہے ہر دو نحس کواکب کا تیسرے گھر یکجا ہونا عالمی ابلاغ عامہ دشمن پڑوسی ممالک ملک کے خلاف ڈس انفارمیشن پھیلا کر اندرون اور بیرون ملک وطن کی عزت وساکھ کو خراب کرنے کی سازشیں کریں۔ 6 جنوری آٹھویں سورج گرہن لگنے سے پندرہ دن قبل تا بعد اہم سیاسی شخصیات پر قاتلانہ حملہ ہوسکتا ہے۔ موجودہ اور سابق حکمرانوں کو اپنے پروٹوکول حفاظت سے غفلت نہ برتنے کا مشورہ ہے۔ 21 جنوری تیسرے چاند گرہن لگنے سے پندرہ دن قبل تا بعد دہشت گردی کے واقعات اور سرحدوں پر عسکری نقل وحمل کے امکانات بعید از قیاس نہیں مقدس مقامات کا تحفظ خصوصاً اقلیتوں کے مقدس مقامات گرجے مندر گوردواروں کی حفاظت نگرانی پر سیکیورٹی ایجنسیوں کی ضرورت ہوگی۔ اہم شخصیات کو بیرون ملک سے وطن لانے اپوزیشن کے خلاف بعض عدالتی فیصلے احتساب کے عمل کو تیز کرنے سے اپوزیشن سخت احتجاج کرے۔ **(زنجانی جنتری 2019ء اقتباس)**

زائچہ فل مون بحساب ویدک **58 اسد 19**

بتاریخ 22 دسمبر 2018ء بوقت 22 بجکر 47 منٹ بمقام اسلام آباد

زائچہ فُل مون:۔ طالع برج اسد کا حاکم ستارہ شمس اپنے فطرتی گھر سے مقابل گیارہویں پارلیمنٹ کے گھر میں قمر کو ناظر رہتے ہوئے چودھویں کے چاند کا نظارہ زحل تحت الشعاع غروب دیگر سبھی ستارے زہرہ، عطارد، مشتری، مریخ سعد طاقتور پوزیشن میں سیاسی نجوم میں پانچویں گھر کے منسوبات تعلیم وادب تخلیقی کاموں خصوصاً تعلیمی اداروں کے اندرون ملک معیار تعلیم کو بہتر بنانے کے لئے حکومت وقت متوجہ ہو فنون لطیفہ، فلم، تھیٹر، سنیما، شوبز کے شعبوں کے حالات میں بہتری آئے۔ راہو بارہویں کیتو چھٹے اور زحل کے غروب ہونے سے اندرون ملک عوام الناس اور ملکی سول سرد سزا اداروں میں حکومتی اقدامات کے سبب مہنگائی بڑھنے سے بے چینی کی سی کیفیت

رہے۔ سوشل میڈیا پر افواہوں کی بھرمار رہے قمر کی گیارہویں درجاتی کمزور نشست ممبران پارلیمنٹ کے مابین مخالفت تنازعے اور نا اتفاقی جو پہلے سے ہی چلی آ رہی ہے اپوزیشن حکومت کے خلاف مضبوط اتحاد قائم کرنے میں کوشاں رہے۔ حکومت کابینہ میں ردوبدل یا اضافہ کا امکان ہے۔ پارلیمنٹ ملکی معیشت کا حاکم ستارہ عطارد ہمراہ مشتری پانچویں آٹھویں کا مالک ہو کر اوتاد میں سعد نشست کے سبب ملکی معیشت جو ڈالر کے بڑھاوے کے سبب بری طرح متاثر ہوئی ہے اس کے ازالہ کے لئے دوست ممالک یا آئی ایم ایف سے مزید رجوع کیا جا سکتا ہے۔ ملکی معیشت میں بہتری کے لئے کوششیں کی جائیں تاہم روپیہ کی قدر میں فی الحال ٹھہراؤ ممکن نہ ہو سکے۔

زائچہ نیومون: ۔ طالع برج قوس سیاسی اور ملکی زائچہ کا پہلا گھر عمومی پوری قوم کے حالات بیان کرتا ہے۔ بعض سیاسی اور اہم شخصیات احتسابی آزمائشی دور سے گزرنے کے سبب احتجاج، ہنگامہ آرائی جیسے حالات رہیں۔ یہی زائچہ جزوی شمسی گرہن کا بھی زائچہ طالع میں شمس و قمر عطارد اور زحل بارہویں زہرہ مشتری دوسرے کیتو آٹھویں راہو پارلیمانی سیاسی نظام ملک و قوم اچانک کسی سیاسی بحران کا شکار ہو سکتی ہے۔ پارلیمنٹ میں سخت ہنگامہ آرائی پارلیمانی نظام جزوی یا مکمل متاثر ہو سکتا ہے۔ **جوڈیشل مارشل لاء کے اثرات بڑھ کر آئینی سول ایمرجنسی بھٹو طرز پر لگ سکتی ھے** ۔ زائچہ نیومون میں سب سے طاقتور ستارہ مریخ اس زائچہ میں پانچویں میڈیا بارہویں خفیہ دشمنوں کے مالک مریخ کی نظر **10,7,4** اور گیارہویں گھر کو متاثر کر رہی ہے۔ اندرون ملک زراعت اور ہاؤسنگ اسکینڈل، خارجہ تعلقات ملکی و غیر ملکی سپر پاور سے جھگڑے اور سیاسی نوعیت کے حساس تنازعے بڑھنے کا امکان ہے۔ ٹریڈ یونین اور مختلف سیاسی نیم سیاسی تنظیمیں اپنے حقوق کے لئے پُر احتجاج رہے۔ تحریک انصاف کی سیاسی حکومت کے اندر اختلافات جنم لے سکتے ہیں۔ سیاسی حکومت کے لئے اہم اور حساس سخت نوعیت کے فیصلے قدرے آسان نہ ہونگے۔ حکومت مخالف اتحاد میں شدت آئے۔ وزیر اعظم کے لئے سیاسی مشکلات اچانک بڑھ سکتی ہیں۔

قمر در عقرب

اس نحس وقت کی ابتداء 31 دسمبر 23:06، خاتمہ 02 جنوری 13:58 منٹ، جبکہ دوبارہ ابتداء 27 جنوری 12 بجکر 30 منٹ، خاتمہ 29 جنوری 19 بجکر 32 منٹ تک رہے گی۔ جبکہ بحساب ویدک ابتداء 02 جنوری 02 بجکر 52 منٹ خاتمہ 04 جنوری 12 بجکر 23 منٹ جبکہ دوبارہ پھر سے ابتداء 29 جنوری 08 بجکر 28 منٹ خاتمہ 31 جنوری 18 بجکر 09 منٹ پر ہوگا اس دوران آئمہ معصومینؑ کے نزدیک کوئی بھی نیا کام شادی بیاہ نئے کام کا آغاز کرنا بے برکتی کا باعث بنتا ہے۔

کیا پاکستان کسی سویلین ایمرجنسی کی جانب بڑھ رہا ہے؟

از تحریر: سیّد انور فراز، کراچی

وزیراعظم عمران خان کے زائچہء حلف کا تجزیہ کرتے ہوئے گزارش کی تھی کہ آئندہ سال مئی تک مشکلات اور رکاوٹیں حکومت کو پریشان کریں گی اور خاص طور پر **19 دسمبر سے 23 فروری تک کا عرصہ نہایت سخت اور کٹھن ثابت ہوگا**، زائچہء حلف کا طالع میزان ہے جو وزیراعظم کے پیدائشی زائچے کا بھی طالع ہے، اس اعتبار سے سیارہ زہرہ دونوں زائچوں کا حاکم ہے، پیدائشی زائچے میں تو یہ نہایت طاقت ور پوزیشن رکھتا ہے لیکن زائچہء حلف میں اس کے برعکس نہایت کمزور ہے، گزشتہ ماہ 20 اکتوبر سے یکم نومبر تک سیارہ زہرہ، شمس کے انتہائی قریب رہا، اس صورت حال کو اصطلاحاً کسی ستارے کا غروب ہونا کہا جاتا ہے، صاحب زائچہ کی پوزیشن کمزور ہوجاتی ہے، اسی عرصے میں سپریم کورٹ نے آسیہ بی بی کے مقدمے کا فیصلہ سنادیا جس کے نتیجے میں پورے ملک میں شدید احتجاج اور ہنگامہ آرائی شروع ہوگئی، 2 نومبر کو ملک گیر احتجاج ہوا اور اسی روز جمیعت العلمائے اسلام (س) کے سربراہ مولانا سمیع الحق پر قاتلانہ حملہ بھی ہوا جس کے نتیجے میں وہ جاں بحق ہوگئے۔ (اناللہ وانا الیہ راجعون)

وزیراعظم برادر ملک چین کے دورے پر گئے ہوئے تھے، پاکستان کے زائچے کی صورت حال روز بہ روز بگڑتی جارہی ہے جس کے نتیجے میں مسائل اور حادثات مسلسل جاری ہیں اور بہ حیثیت وزیراعظم عمران خان کو بھی مشکلات کا سامنا ہے، اچھی بات یہ ہے کہ حکومت نیک نیتی اور سچائی کے ساتھ حالات کا مقابلہ کرنے کی کوشش کررہی ہے لیکن ان کوششوں میں غلطیوں سے بچنے کی ضرورت ہے کیوں کہ مخالفین اور ملک دشمن قوتیں ان غلطیوں ہی سے فائدہ اٹھانے کی کوشش کرتی ہیں۔

سویلین ایمرجنسی کی ضرورت

زائچہء پاکستان کے مطابق 19 دسمبر سے ایسی صورت حال پیدا ہوسکتی ہے کہ ملک میں سویلین ایمرجنسی نافذ کرنے کے بارے میں سوچا جاسکتا ہے، کیا وزیراعظم اس آپشن پر غور کریں گے؟ اس بارے میں فی الحال کچھ نہیں کہا جاسکتا، گذشتہ دنوں پاکستان پیپلز پارٹی کے کوچیئرمین جناب آصف علی زرداری نے حکومت سے تعاون کا ارادہ ظاہر کیا ہے اور چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے بھی اسمبلی میں کہا ''قدم بڑھاؤ عمران خان، ہم تمہارے ساتھ ہیں''۔ بظاہر یہ بڑی خوش آئند باتیں ہیں، ان پر کسی حد تک عمل ہوگا، اس کے بارے میں قبل از وقت کچھ نہیں کہا جاسکتا، ہم زائچہء پاکستان کی روشنی میں دیکھ رہے ہیں کہ حالات روز بہ روز مزید خراب سے خراب تر ہونے کا امکان موجود ہے، پاکستان کا معاشی بحران بھی اپنی جگہ ہے جس کی وجہ سے مہنگائی کا طوفان عوام کو پاگل کر رہا ہے، اس بحران سے نکلنے کے لیے پاکستان آئی ایم ایف کے پاس جارہا ہے، دوسرا آپشن ان لوگوں سے وصولی کا ہے جنھوں نے ملک میں ناجائز طور پر لوٹ مار کرکے اربوں کھربوں کے اثاثے بنالیے ہیں اور پاکستانی عام قوانین اتنے طاقت ور نہیں ہیں کہ ایسے لوگوں سے بھرپور طریقے سے نمٹا جاسکے، یہ اسی صورت میں ممکن ہے جب ملک میں کچھ خصوصی قوانین نافذ کیے جائیں جو اسمبلی کے ذریعے ممکن نہیں ہیں، کسی ایمرجنسی کے نفاذ کے بعد ہی ایسا ممکن ہوسکے گا، اسی طرح سیاسی کھیل میں انتہا پسند عناصر جو کردار ادا کررہے ہیں انھیں بھی کنٹرول کرنے میں خصوصی قوانین معاون و مددگار ثابت ہوسکتے ہیں۔

19 دسمبر سے **23** فروری کے درمیان زائچہء پاکستان اور زائچہء حلف وزیراعظم کی کیفیت نہایت تشویش ناک نظر آتی ہے، اس سے پہلے ہی اگر معقول احتیاطی تدابیر اختیار کرلی جائیں تو بہتر ہوگا، واضح رہے کہ برسوں پہلے وزیراعظم ذوالفقار علی بھٹو ملک میں ایمرجنسی نافذ کرکے حکومت چلاتے رہے ہیں اور اس طرح انھوں نے اپنی مرضی کے نتائج حاصل کرنے کی کوشش کی تھی، بے شک یہ ایک خطرناک ہتھیار ہے جس کا غلط استعمال نقصان دہ بھی ہوسکتا ہے مگر ضرورت ایجاد کی ماں ہے، یہ ہتھیار عارضی طور پر چند مہینوں سے زیادہ استعمال نہیں ہونا چاہیے، گزشتہ مہینوں میں جو کچھ ہوا، اس تناظر میں مشہور شاعر

جمیل مظہری کا شہرہ آفاق شعر بہت یاد آیا ۔

کسے خبر تھی کہ لے کر چراغ مصطفوی
جہاں میں آگ لگاتی پھرے گی بولہبی

شاید ایسا تماشا پاکستان کی تاریخ میں پہلے کبھی کسی نے دیکھا ہو، کم از کم ہماری یادداشت میں ایسی صورت حال کبھی نہیں رہی جیسی آج کل دیکھنے میں آرہی ہے، وزیراعظم عمران خان اور ان کی حکومت اول روز ہی سے ہدف تنقید بنی ہوئی ہے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ کہ ملک کی تمام سیاسی اشرافیہ اور میڈیا، دائیں بائیں بازو کے دانش ور سب کا مسئلہ عمران خان اور تحریک انصاف ہے، ہر دوسرے تیسرے دن کوئی نیا شوشا چھوٹتا ہے اور سارا میڈیا اس کی گردان شروع کردیتا ہے، سوشل میڈیا بھی ساتھ ساتھ آواز سے آواز ملا کر اپنا راگ الاپ رہا ہوتا ہے، سوشل میڈیا پر تو ایسا معلوم ہوتا ہے کہ دنیا کی تمام خرابیاں اور برائیاں عمران خان میں لوگوں کو نظر آرہی ہیں اور اس کے مقابلے میں ماضی کی تمام سیاسی قیادتیں گویا فرشتہ صفت اور ملک وقوم کے لیے ہر اعتبار سے بہتر تھیں، ابھی سے عمران خان اور تحریک انصاف کی حکومت کے بارے میں فتوے جاری ہونا شروع ہوگئے ہیں اور اس کے بھیانک انجام کی پیش گوئیاں بھی جاری ہیں۔ اس قدر شدت اور انتہا پسندی ہم نے پہلے کبھی کسی حکومت کے برسر اقتدار آنے کے بعد نہیں دیکھی، بعض لوگوں کی تکلیف اس حوالے سے اس قدر شدید ہے کہ حیرت ہوتی ہے لیکن نہایت دلچسپ صورت حال یہ ہے کہ اس قدر مخالفت اور تنقید کے باوجود تمام مخالفین اور ناقدین کی یہ سمجھ میں نہیں آرہا کہ جو مصیبت یا عذاب عمران خان کی شکل میں ان پر نازل ہوا ہے، اس سے نجات کا ذریعہ کیا ہوگا؟ خود بقول ان کے فوج، عدلیہ اور حکومت ایک پیج پر ہیں، ان کے درمیان تاحال مکمل ہم آہنگی پائی جاتی ہے، ایک امید عاصیہ کیس کے فیصلے سے بندھی تھی سو وہ بھی دم توڑ گئی، ہمارا خیال ہے کہ اب تمام مخالفین کو مصلے بچھا کر دست بہ دعا ہوجانا چاہیے کہ اللہ ہی ایسی تمام مصیبتوں کو ٹالنے میں مددگار ہوسکتا ہے۔

وزیراعظم عمران خان کے مخالفین اور ناقدین کے لیے ایسٹرولوجیکل نکتہء نظر سے مژدہ ہو کہ نہ صرف عمران خان، ان کی حکومت اور پاکستان کے لیے دسمبر سے ایک نہایت سخت وقت شروع ہورہا ہے جس میں مختلف نوعیت کے ایسے چیلنجز سامنے آسکتے ہیں جن سے نمٹنا آسان نہیں ہوگا اور یہ وقت تقریباً فروری تک جاری رہے گا، اگر وہ کسی طرح یہ وقت خیر وخوبی سے گزارنے میں کامیاب ہوجاتے ہیں تو پھر مخالفین کے لیے بہت بری خبر ہے، عمران خان کا نیا روپ نہایت سخت اور خطرناک ہوگا، فطری طور پر عمران خان کا رجحان ڈومینیٹنگ اور جارحانہ ہے، جوابی کارروائی نہایت سخت ہوسکتی ہے اور جس ہٹلر کا حوالہ انھوں نے یوٹرن کے حوالے سے دیا ہے، وہ خود بھی ایسا ہی کوئی کردار ادا کرسکتے ہیں، بے شک ایسے کردار کا انجام بھی بخیر نہیں ہوتا لیکن بعض لوگ انجام کی پروا نہیں کرتے، عمران خان کو بھی ایسی ہی شخصیت سمجھا جاسکتا ہے۔

اگر ہم یہ کہیں کہ عمران خان ایک روایتی پاکستانی سیاست داں نہیں ہیں تو یہ غلط نہیں ہوگا، یہی وجہ ہے کہ موصوف سیاست کے روایتی طور طریقوں اور داؤ پیچ کے بجائے اپنے ہی مخصوص اسٹائل میں بات کرنے کے عادی ہیں اور ان کے مخالفین خصوصاً اپوزیشن ان کو اکثر مشورہ دیتی نظر آتی ہے کہ اب وہ ملک کے وزیراعظم ہیں لہٰذا "کنٹینر سے اتر آئیں" اگر آپ غور کریں تو ماضی میں بھی عمران خان کے بات چیت کرنے کے رنگ ڈھنگ کچھ ایسے ہی تھے جو آج بھی نظر آتے ہیں اور انسان اپنی فطری خصوصیات کے خلاف کیسے جاسکتا ہے، ان کے مقابلے میں جناب زرداری، نواز شریف، مولانا فضل الرحمن، سراج الحق صاحب وغیرہ منجھے ہوئے سیاست کار ہیں، ان کا ہر فقرہ نپا تلا ہوتا ہے جب کہ عمران خان ان سب سے مختلف انداز کے مالک رہے ہیں اور شاید ان کی مقبولیت کا ایک سبب ان کا یہی منفرد انداز بھی رہا ہے، فی الوقت عمران خان کو جو چیلنج درپیش ہے، وہ معاشی ہے، مزید یہ کہ ان کی ٹیم میں مخلص اور غیر مخلص یا نادان دوست بھی شامل ہیں، اس تمام صورت حال سے وہ کس طرح عہدہ برآ ہوتے ہیں، آنے والے وقت میں اس کا فیصلہ ہوجائے گا، امکان یہی ہے کہ وہ اس بحران سے نکلنے میں کامیاب ہوجائیں گے۔

جو تھا نہیں ہے جو ہے نہ ہوگا، یہی ہے اک حرف محرمانہ
قریب تر ہے نمود جس کی اسی کا مشتاق ہے زمانہ

زائچہء پاکستان کا پیدائشی برج ثور تقریباً 3 ڈگری ہے۔ راہو کیتو اس درجے کے آس پاس ہی تقریباً فروری تک اپنا شدید اثر ظاہر کریں گے۔ جس کے نتیجے میں زائچے کا تیسرا، چھٹا، ساتواں، نواں اور گیارہواں گھر بشمول پہلا گھر پوری طرح متاثر ہوں گے۔ چنانچہ اس عرصے میں پاکستان کے لیے اپنی بقا کی جنگ کے ساتھ سخت فیصلے اور اقدام کی ضرورت ہوگی۔ یہ سخت اقدام کسی ایمرجنسی کی صورت میں بھی ظاہر ہوسکتے ہیں۔ ملک کی تجارت پر بھی اچھا اثر نہیں پڑے گا۔

ایکسپورٹ بڑھانے کی کوششیں توقع کے مطابق پوری نہیں ہوں گی۔ خارجہ پالیسی میں بھی ناخوش گوار صورت حال اور ناپسندیدہ واقعات کا سامنا ہوسکتا ہے۔ کثرت سیارگان دسمبر کے آخر اور جنوری کی پندرہ تاریخ تک آٹھویں گھر میں رہے گی۔ جہاں پہلے سے دسویں گھر کا حاکم سیارہ زحل براجمان ہے۔ سیارہ شمس کی قربت سے یہ غروب بھی ہوگا۔ زحل کی یہ پوزیشن حکومت اور وزیر اعظم کے علاوہ تجارتی امور پر بھی خراب اثر ڈال رہی ہے۔ پاکستان کی ساکھ متاثر ہوسکتی ہے۔ زائچے کا نواں گھر جس کا تعلق آئین وقانون اور عدلیہ سے ہے، بری طرح متاثر نظر آرہا ہے اور ساتھ ہی تیسرا گھر بھی اور تیسرے گھر کا حاکم بھی متاثرہ ہیں، یہ پوزیشن کسی آئینی ایمرجنسی کی طرف ایک اشارہ ہے۔

یہ تمام عوامل کسی طور بھی خوشگوار نہیں ہیں۔ اطمینان بخش بات صرف اتنی ہے کہ عمران خان پوری نیک نیتی کے ساتھ اپنی کوششوں میں مصروف ہیں، فوج اور حکومت ایک پیج پر ہیں۔ باہم کسی قسم کا اختلاف رائے نہیں ہے۔ اگر ایسا ہوتا تو اپوزیشن کے حوالے سے حکومت کو زیادہ مشکلات کا سامنا ہوسکتا تھا۔ عدلیہ بھی مقدور بھر اپنے فرائض مکمل حب الوطنی کے جذبے سے ادا کر رہی ہے۔ جنوری میں چیف جسٹس ثاقب نثار صاحب ریٹائر ہو رہے ہیں اور پہلے ہی کہہ چکے ہیں کہ میں اپنا شروع کیا ہوا کوئی کام ادھورا چھوڑ کر نہیں جاؤں گا۔ دسمبر میں جب نواں گھر راہو کیتو کی غضب ناکی کا شکار ہوگا تو عدلیہ کے اہم فیصلے بھی متوقع ہیں۔ خصوصاً نیب عدالت سے جناب نواز شریف کے مقدمے کا فیصلہ **24** دسمبر کو متوقع ہے۔ جنوری کے تیسرے ہفتے سے صورت حال میں بہتری کا امکان ہے۔ پاکستان اور حکومت سیاروی گردش کے اس سخت دباؤ سے آہستہ آہستہ آزاد ہوسکیں گے۔ موجودہ سیاروی دباؤ آنے والے دنوں میں وزیر اعظم کو کابینہ میں تبدیلی پر بھی مجبور کرسکتا ہے۔ اس حقیقت کے باوجود کہ وزیر اعظم اور ان کی حکومت کے لیے آنے والے دنوں میں بہت بڑے چیلینجز موجود ہیں لیکن زائچہء حلف اور عمران خان کے ذاتی زائچے میں سیارہ مشتری کی پوزیشن نہایت سپورٹنگ ہے جس کی وجہ سے وہ مشکلات کے اس دور سے نکلنے میں کامیاب ہوجائیں گے۔ ان کی خوش قسمتی یہ بھی ہے کہ اپوزیشن اپنے ہی ذاتی مسائل میں اس بری طرح الجھی ہوئی ہے کہ کوئی کاری ضرب لگانا اس کے لیے ممکن نہیں ہے۔

(واللہ اعلم بالصواب)

دربارِ مصطفائی کا روحانی فیض

نظراتِ سیّارگان کے عملیات برائے ماہِ جنوری 2019ء

آسمانی کونسل میں نظراتِ سیارگان کی عملیات وتعویذات کی تیاری میں ایسے ہی اہمیت رکھتی ہے جیسے جسم میں روح کی ہو۔ مندرجہ ذیل اوقات تربیع میں نحس اعمال جبکہ تسدیس، تثلیث اور قران (بشرطیکہ قران نحس کواکب کا نہ ہو) میں سعد اعمال کیے جاتے ہیں۔

قارئین آئینہ قسمت! چندسال سے آپ نے اِس کالم میں تبدیلی محسوس کی ہوگی۔ نظر سیارگان کی اِبتداء، انتہا اور خاتمہ کے اوقات بن عملیات میں شامل کرکے ہم نے عاملین، شائقین عملیات کیلئے آسانی پیدا کردی ہے۔ اب یہ اُلجھن ختم ہوگئی کہ فلاں سیارے کی نظر کب بن کر کب ختم ہوگی۔ اب عملیات کی تیاری میں پورے پورے وقت سے اِستفادہ کیا جاسکتا ہے۔ نقشہ ساعت (جو نیچے درج ہے) سے جو ہر دن طلوع آفتاب سے شروع ہوتی ہے، اپنے شہر کے طلوع آفتاب سے متعلقہ ستارے کی ساعت دیکھ کر اس ساعت میں تیار کیا گیا عمل اور بھی مؤثر ہوجاتا ہے۔ سالنامہ زنجانی جنتری 2019ء میں بھی ہم نے اہم سالانہ نظرات سیارگان تفصیلی درج کیے ہیں۔ ہماری خدمت باعث فخر بھی بن سکتی ہے، جب آپ وقتاً فوقتاً اپنے تبصروں سے نوازتے رہیں۔ **عامل شاہ زنجانی**

کسی بھی عمل کی ابتداء سے پہلے 2 رکعت نماز اجمالاً ہدیہ روح حضرت رسالت پناہ ﷺ مع سائر انبیاء، عظام اور اولیاء کرامؒ پڑھیں۔ پھر مخصوص بہ نیت رجال الغیب مردان خدا جس سمت یہ اس روز کھڑے ہوں، اُن کی طرف باادب رُخ کرکے دائیں ہاتھ کی شہادت کی انگلی اُس سمت کھڑی کرکے درج ذیل دعا مع ایک بار بسم اللہ شریف پڑھ کر سات بار پڑھیں۔ رجال الغیب کی تواریخ کا چارٹ حسب ذیل ہے۔ عمل کرتے وقت رجال الغیب کی جانب اپنی پشت رکھیں۔

جنوب مشرق 01`09`16`24	جنوب مغرب 02`10`17`25	جنوب 03`11`18`26	مغرب 04`12`19`27
شمال مغرب 05`13`20`00	شمال مشرق 06`00`21`28	مشرق 07`14`22`29	شمال 08`15`23`30

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ یَا رِجَالُ الْغَیْبِ وَیَا اَرْوَاحُ الْمُقَدَّسَۃ اَعِیْنُوْنِیْ بِقُوَّۃٍ وَّ نْظُرُوْنِیْ بِنَظْرَۃٍ یَا رُقَبَاءُ یَا نُقَبَاءُ یَا نُجَبَاءُ یَا اَبْدَالُ یَا اَوْتَادُ یَا قُطْبُ یَا غَوْثُ اَعِیْنُوْنِیْ بِحُرْمَۃِ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمْ وَ عَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْن

روحانی ماہنامہ آئینہ قسمت میں تمام اعمال نیک نیتی کی بناء پر عاملین وقارئین کے استفادہ کیلئے دیئے جاتے ہیں۔ جائز کام میں تو اللہ اور اس کا رسول بھی مدد کرتے ہیں۔ ناجائز عمل کرنے سے باز رہیں، ورنہ سخت رجعت بھی ممکن ہے۔ بہرحال جب بھی کوئی عمل کریں تو لازم ہے کہ عمل کی رجعت سے بچنے کیلئے 6 کلو چینی، ایک کلو سوجی یا بارہ کلو باجرہ، دو کلو چاول اپنے سر سے وار کر رکھ لیں۔ بعد از عمل استعمال سے پہلے کسی بھی قبرستان جاکر عامل شاہ زنجانی کا اور اپنا اہل قبور کو سلام عرض کریں اور فاتحہ کروانی کرکے درختوں کی جڑوں میں حشرات الارض کو صدقہ ڈال دیں اور صدقہ ڈالنے کے بعد پیچھے مڑ کر نہ دیکھیں۔ یہ صدقہ صرف ایک عمل کیلئے ہے، دوسرے عمل کیلئے علیحدہ صدقہ دیں۔

ساعات کی ترتیب آپ کے شہر کے طلوع آفتاب سے شروع ہوتی ہے۔

شمار	پہلی								دوسری								تیسری							چوتھی
دن	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴
اتوار	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد
پیر	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری
منگل	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ
بدھ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل
جمعرات	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس
جمعہ	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر
ہفتہ	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ

قران شمس زحل:۔ جدید نجوم میں اس سعد وقت کی ابتداء یکم جنوری 02 بجکر 12 منٹ، مکمل نظر 2 جنوری 10 بجکر 49 منٹ اور خاتمہ نظر 3 جنوری 13 بجکر 27 منٹ پر ہوگا۔ دوسروں سے تعلقات میں بہتری اور صلح کن اُمور میں کوشش کرنا نیک، اسم حسنیٰ کا نقش پاس رکھنا نیک رہے۔

چال نقش		
۶	۱	۸
۷	۵	۳
۲	۹	۴

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم		
یا حلیم	یا لطیف	یا کریم
یا لطیف	یا کریم	یا حلیم
یا کریم	یا حلیم	یا لطیف

تربیع عطارد مریخ:۔ اس نحس وقت کی ابتداء 7 جنوری 10 بجکر 36 منٹ، مکمل نظر 8 جنوری 15 بجکر 05 منٹ جبکہ خاتمہ نظر 9 جنوری 19 بجکر 17 منٹ پر ہوگا۔ حاسدین کے کاروبار یا اہل قلم کو بستر بیمار کرنا اگر اشد ضروری ہو تو سورۃ کوثر کے خالی البطن نقش کو لکھا کر ساعتِ مریخ میں دفن کریں ناجائز ہرگز نہ کریں۔

۷۸۶		
۶۸۷	۱۸۳۸	۲۲۹
۱۲۰۹	یہاں مقصد لکھیں	۱۱۴۵
۴۵۸	۹۱۶	۱۳۸۰

قران عطارد زحل:۔ اس سعد وقت کی ابتداء 13 جنوری 01 بجکر 51 منٹ، مکمل نظر 13 جنوری 18 بجکر 31 منٹ جبکہ خاتمہ نظر 14 جنوری 11 بجکر 06 منٹ پر ہوگا۔ حل المشکلات کیلئے نقش نادِ علیؑ سے فیض حاصل کریں۔

۱۶۰۳	۱۶۰۶	۱۶۰۹	۱۵۹۶
۱۶۰۸	۱۵۹۷	۱۶۰۲	۱۶۰۷
۱۵۹۸	۱۶۱۱	۱۶۰۴	۱۶۰۱
۱۶۰۵	۱۶۰۰	۱۵۹۹	۱۶۱۰

تثلیث زہرہ مریخ:۔ اس سعد وقت کی ابتداء 16 جنوری 10 بجکر 18 منٹ، مکمل نظر 18 جنوری 21 بجکر 49 منٹ جبکہ خاتمہ نظر 21 جنوری 07 بجکر 50 منٹ پر ہوگا۔ ناراض زوجین میں اُلفت ومحبت بڑھانے کیلئے آیات اُلفت قرآنی کے خالی البطن نقش کو پلانا ممکن نہ ہو تو پھلدار درخت سے ساعت زہرہ میں دُعا کر کے باندھیں۔

۷۸۶		
۵۴۳۳	۱۴۴۹۵	۱۸۱۱
۱۲۶۸۴	یہاں مقصد لکھیں	۹۰۵۵
۳۶۲۲	۷۲۴۴	۱۰۸۷۳

تربیع مریخ زحل:۔ اس نحس وقت کی ابتداء 19 جنوری 22 بجکر 07 منٹ، مکمل نظر 21 جنوری 16 بجکر 47 منٹ جبکہ خاتمہ نظر 23 جنوری 11 بجکر 25 منٹ پر ہوگا۔ زبان بندی، زیر وذلیل کرنے کیلئے روزانہ 101 مرتبہ سورۃ کوثر پڑھ کر دُعا کریں۔ خالی البطن نقش ساعت مریخ یا زحل میں لکھ کر ویران درخت سے باندھیں۔

۷۸۶		
۱۱۸۴۴	۳۱۵۸۴	۳۹۴۸
۲۷۶۴۶	یہاں مقصد لکھیں	۱۹۷۴۰
۷۸۹۶	۱۵۷۹۲	۲۳۶۸۸

قران زہرہ مشتری:۔ اس سعد وقت کی ابتداء 21 جنوری 15 بجکر 06 منٹ، مکمل نظر 22 جنوری 17 بجکر 26 منٹ جبکہ خاتمہ 23 جنوری 19 بجکر 35 منٹ پر ہوگا۔ نصیب کشائی، حصول دولت، خوشحالی، ترقی روحانیت، مال وتجارت میں اضافہ کیلئے ساعت زہرہ یا مشتری میں خالی البطن نقش سورۃ فاتحہ لکھ کر باپرہیز پاس رکھیں۔

۷۸۶		
۲۳۶۴	۶۳۰۹	۷۸۸
۵۵۲۱	یہاں مقصد لکھیں	۳۹۴۰
۱۵۷۶	۳۱۵۶	۴۷۳۳

تثلیث مریخ مشتری:۔ اس سعد وقت کی ابتداء 23 جنوری 22 بجکر 15 منٹ، مکمل نظر 25 جنوری 22 بجکر 53 منٹ جبکہ خاتمہ نظر 27 جنوری 23 بجکر 14 منٹ پر ہوگا۔ برائے حصول انعام، دولت، پرائز بانڈز میں کامیابی کیلئے اسم اعظم "یا وہابُ" کا نقش بنا کر پاس رکھیں۔ اور بلا ناغہ 1400 مرتبہ اوّل وآخر 11 مرتبہ درود شریف کے ساتھ ورد بھی کریں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم		
یا وہابُ	یا وہابُ	یا وہابُ
یا وہابُ	یا وہابُ	یا وہابُ
یا وہابُ	یا وہابُ	یا وہابُ

قران شمس عطارد:۔ جدید نجوم میں اس سعد وقت کی ابتداء 28 جنوری 21 بجکر 16 منٹ، مکمل نظر 30 جنوری 07 بجکر 51 منٹ جبکہ خاتمہ نظر 31 جنوری 17 بجکر 40 منٹ پر ہوگا۔ ذہنی تخلیق صلاحیتوں، ہمت وحوصلہ بڑھانے کیلئے سورۃ یٰسین کے خالی البطن نقش کو لکھ کر ساعت عطارد میں پاس رکھنا نیک ہے۔

۷۸۶		
۵۵۳۵۰	۱۴۷۶۱۰	۱۸۸۴۵۰
۱۲۸۱۶۰	یہاں مقصد لکھیں	۹۲۲۵۰
۳۶۹۰۰	۷۳۸۰۰	۱۱۰۷۱۰

گرہن کے خصوصی، تحقیقی، آسان فہم عملیات سب کیلئے

شمسی و قمری گرہن

ترتیب و پیشکش: شہزادہ حافظ سید محسن علی زنجانی

سورج گرہن کی ابتداء 06 جنوری 2019ء بوقت صبح 04:34 منٹ، انتہاء بوقت 06:41 منٹ، جبکہ اختتام 08:48 منٹ پر ہوگا

پہلا قمری گرہن 21 جنوری 2019ء بروز پیر 07:36 منٹ، انتہاء قمری گرہن 10:43 منٹ جبکہ اختتام قمری گرہن 12:48 منٹ پر ہوگا

گرہن کا خاص عمل برائے وسعتِ رزق

قرآن پاک میں محوری گردش کے بارے فرمان الٰہی ہے: ''وہ ذات ایسی ہے جس نے رات اور دن اور سورج اور چاند پیدا فرمائے ہر ایک ایک دائرے میں گردش کر رہے ہیں۔'' (سورۃ انبیاء ۳۳)

پرانے زمانے میں لوگ گرہن کو دیکھ کر ڈر جاتے تھے اور کہتے تھے کہ کوئی بڑی آفت یا مصیبت آنے والی ہے۔ یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ جس وقت سرکار دو عالم حضرت محمد مصطفی ﷺ کے پیارے بیٹے کی وفات ہوئی تو اس وقت چاند گرہن لگا ہوا تھا۔ تو لوگوں نے کہا کہ فرزند رسولؐ کی وفات کی وجہ سے گرہن لگا ہے۔ آنحضرت ﷺ نے جب یہ بات سنی تو فرمایا کہ گرہن کو کسی کے مرنے یا جینے سے کوئی تعلق نہیں یہ تو اللہ کی نشانیاں ہیں۔ مگر آجکل کے دور میں گرہن کا نظارہ بھی دلچسپی سے خالی نہیں۔ سورج گرہن اس وقت ہوتا ہے جب سورج اور چاند کا قران ہو اور قران ہمیشہ ۲۸۔۲۹ تاریخوں کو ہوتا ہے۔ اس کے بعد چاند جب ہلال بن کر افق مغرب پر نمودار ہوتا ہے تو بہت باریک اور نیچے ہوتا ہے۔ زمین سورج اور چاند جب ایک لائن میں ہوتے ہیں اس دوران اگر چاند کا کچھ حصہ درمیان میں آجائے تو نامکمل گرہن ہوتا ہے۔ اس سے سورج کا کچھ حصہ چھپ جاتا ہے لیکن کناروں سے پیدا ہونے والے شعلے نظر نہیں آتے۔ چاند ہمیشہ زمین سے یکساں فاصلے پر نہیں ہوتا۔ جب عام حالت سے زیادہ فاصلہ پر ہوتا ہے تو اس کے سایہ کا گہرا حصہ زمین پر نہیں پہنچ سکتا تو قمری کرہ سورج کے قرص کو ڈھانپ نہیں سکتا تو سورج کا گھیرا چاند کے گرد ایک روشن حلقہ بنا دیتا ہے۔

گرہن کا خاص اثر اہل دُنیا پر ہوتا ہے۔ جس کے بعض اثرات نمایاں ہوتے ہیں۔ جن عورتوں کے اولاد ہونے والی ہو ان پر گرہن بہت اثر انداز ہوتا ہے۔ اکثر مشاہدہ میں آیا ہے کہ بعض بچے جب ماں کے پیٹ سے ناقص یعنی لنگڑے، اندھے، ہونٹ کٹے یا گونگے بہرے یا نچلا دھڑ بے کار کے ساتھ پیدا ہوتے ہیں وہ سب گرہن کے اثرات سے متاثر ہوتے ہیں۔ عام خواتین خاص کر دیہاتی علاقوں کی رہنے والی گرہنوں کے اثرات بد سے واقف نہیں ہوتیں اور نہ ہی یہ معلوم ہوتا ہے کہ گرہن کب ہوگا اور نہ ہی وہ ان تدابیر اور احتیاطوں سے واقف ہوتی ہیں جن کو اختیار کر کے بچوں کو ان تکالیف سے بچایا جائے۔ آج کل کی جدید میڈیکل سائنس بھی گرہن کے اثرات کو مانتی ہے۔ گرہن کے اوقات میں ان خواتین جو حاملہ ہوتی ہیں کو چاہئے گرہن کے تمام وقت بڑے آرام سے ہاتھ پاؤں سیدھے کر کے لیٹی رہیں اور خیالات نہایت پاکیزہ رکھیں۔ یہ یاد رکھیں کہ گرہن کے وقت جو خیالات ماں کے ہونگے اولاد کے بھی ویسے ہونگے اگر عورت پڑھی لکھی ہو تو گرہن کے اوقات میں لیٹ کر مذہبی یا عالمانہ اور جرات و ہمت والی باتیں کرے اور کتابیں پڑھتی رہے۔ ایک اور احتیاط ضروری ہے اگر عورت قعدہ میں بیٹھی ہو یعنی نماز کی حالت میں تو بچے کے پاؤں ٹیڑھے ہونگے۔ آنکھیں بند کر کے لیٹے گی تو بچے کی آنکھوں میں نور کم ہوگا۔ اس کے علاوہ دوسرے مسلمانوں کو چاہئے کہ وہ ان اوقات میں عبادت و استغفار میں مشغول رہیں۔ مرد حضرات مساجد میں نماز کسوف یا خسوف ادا کریں یہ نماز باجماعت ہو۔ حدیث پاک میں بڑی تاکید آئی ہے۔ یہ وقت نحس ہوتا ہے اور اس کی تاثیر بہت طاقتور ہوتی ہے۔ گرہن کے وقت میں جو بھی عمل کیا جائے وہ نہایت سریع الاثر ہوتا ہے۔ گرہن کے وقت کیونکہ شعاعیں زمین پر نہیں پڑتی ہیں تو زمین پر اچھا اثر کی صورت میں نہیں پڑ سکتا۔ سابقہ تجربات و واقعات اس بات کے شاہد ہیں کہ دُنیا میں بہت سی آنے والی مصیبتیں گرہنوں، دم دار ستاروں کے ظہور اور دیگر شہاب ثاقب کے ظہور کے بعد نازل ہوئی ہیں۔ اس طرح ان آسمانی مظاہر کو ایک نمایاں شہرت حاصل ہے۔ قرآن پاک نے بھی قیامت کی نشانیوں میں سے

ایک نشانی گرہن کی بتائی ہے۔آج کل کے جدید زیور تعلیم سے آراستہ تعلیم یافتہ طبقے کا ان تمام اہم واقعات کے ظہور پذیر ہونے پر مادی دلائل کی طرف جھکاؤ ہے۔سائنس یہ بتاتی ہے کہ دُنیا کے اجسام قوت کے ایک زبردست کا سمک سمندر میں تیر رہے ہیں۔اس سے بھی زیادہ تیزی کے ساتھ جتنا کہ ایک جہاز بارش میں جاتا ہے۔اس کائنات میں ہر جسم قوت اور حرارت خارج کرتا ہے۔اس طرح یہ کائنات ایک قوت سے کھیل رہی ہے اور زمین اس قوت حرارت کی شعاعوں کو 67,000 میل فی گھنٹہ کی رفتار سے کاٹ رہی ہے۔ جس کی وجہ سے قوت کے اس لامتناہی سمندر کی شعاعوں کے رخ اور مقدار میں تبدیلی ہو جاتی ہے۔آسمانی اثرات سے زمین پر کیا تبدیلیاں ہوتی رہتی ہیں جیسے امور میں آج سائنس بڑی دلچسپی لے رہی ہے۔علم نجوم والے اس سے یہ اندازہ لگاتے ہیں کہ کسی خاص مواقع نجوم سے انسانوں کا ردعمل دنیاوی مدوجذر' نئی پیچیدگیاں اور حالات پیدا ہونے کا سیاروں سے آنے والی کا سمک شعاعوں سے کیا تعلق ہے اور وہ مختلف مقامات پر جا کر طاقت کی تقسیم کا کیا کیا کردار ادا کرتے ہیں۔

آئینہ قسمت چونکہ روحانی علوم سے وابستہ رسالہ ہے۔اس لئے گرہن کے اوقات کی مناسبت سے پیدا ہونے والی روحانیات سے فائدہ اٹھانے کی کوشش کریں گے۔اس دوران بندش کے تمام اعمال کی زکات ادا کی جاتی ہے۔مثلاً سر درد' بخار' دانت درد یا دوسرے جو بھی بست کے اعمال ہیں۔لیکن خصوصاً اس وقت حروف صوامت جو بغیر نقطہ کے حروف ہیں ان کی زکات دی جاتی ہے۔یہ قمری اعداد کے مطابق 543 بار حروف ''احد رسں طعک لموہ'' کو لکھا جاتا ہے۔پھر مداومت کے طور پر 13 بار روزانہ لکھنا پڑتا ہے۔ان حروف کی زکات کے بعد ہر قسم کی بندش مثلاً زبان بندی' قدم باندھنا' عشق باندھنا' جاری خون باندھنا' نظر باندھنا' ناجائز تعلقات کو باندھنا۔کسی شخص کی بری عادات کو باندھنا۔غرض انسانی زندگی کی حاجات کا چوتھائی حصہ پر عامل کو قدرت حاصل ہو جاتی ہے۔ان اعمال سے طلسم تیار کرنا ہر عامل جانتا ہے۔اس کے علاوہ گرہن کے اوقات میں عمل حب حاضری مطلوب کے سفلی اعمال کی زکات ادا کرنے کے ساتھ الحمد شریف کی ریاضت بھی کی جاسکتی ہے۔بعض حضرات مندرہ علی ڈنکا کی زکوٰۃ بھی ادا کرتے ہیں۔جیسا کہ میں نے اوپر لکھا ہے صرف صوامت ہر قسم کے امور کو باندھنا ان کے اعداد 543 ہیں۔حروف نورانی میں سے الٓمٓ طٰہٰ طٰسٓمٓ عٓسٓقٓ نٓ کے اعداد بھی 543 ہیں۔حروف نورانی سے تیار شدہ عمل ان تمام خباثتوں سے محفوظ رکھتے گا جو انسان وشیطان سے وابستہ ہیں مثلاً بدگویوں اور خلاف بولنے والوں کیلئے زبان بندی کا کام دے گا۔حاسدوں کے حسد سے محفوظ کرے گا۔نظر دزداں' ظالموں اور موذیوں سے مخفی رکھے گا۔جن لوگوں کو مخالفین سے واسطہ پڑتا ہے۔جن کے دشمن ہر وقت اسے نیچا دکھانے کی کوشش کرتے ہیں اور بدنام کرتے ہیں ان سب سے محفوظ رہنے کیلئے یہ حرز اسرار کا کام دے گا۔گویا شر اشرار سے محفوظ کرنے کیلئے ایک حصار کا کام دے گا۔یہ نقش خاکی 177 سے شروع ہو کر 185 پر ختم ہوگا۔اس نقش کے نیچے زبان بندی اور شر الاشرار سے محفوظ رہنے کیلئے الگ الگ عزیمت میں رسالہ میں دینے سے خواہ مخواہ حجم بڑھے گا۔اس موقع پر دو عمل دوں گا پہلے بندش کا عمل ہے یہ سورج گرہن یا چاند گرہن اول آخر درود شریف کے ساتھ 121 بار پڑھ لیں ایک سال کیلئے زکات ادا ہو جائے گی۔

عمل نمبر ۱: چھری بند کٹھاری بند۔ڈال بند ڈول بند۔سلامت والے کی علی بند۔ پکی بند ہی بند............۔

عمل نمبر ۲: شاہ نہ شاہ سینہ میں گُھسا کنجشك کالڑا دڑاڑا۔ تم ہو غریب پرور سارے جگت کے سرور دیکھو جمال انور یا مصطفی یا محمد ﷺ۔ مسجد میں محمد ﷺ میدان میں علی علیہ السلام۔ لائو لشکر کل علی علیہ السلام کل دفتر محمد ﷺ کا۔ کاجا دکاج بند ناڑہ و ناڑ بند نظر مکھی چوٹ بند مُکھی و سُکھی خبر رکھے۔ سلیمان پیغمبر کی دوہائی بحق لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ o

ترکیب و فوائد: یہ عمل زبان بندی' نظر بندی' آسیب جن' شیطان' برائے دفع دشمن وغیرہ ہر مطلب حاجت' دفع تکلیف ہر قسم' حب اور عداوت وغیرہ کیلئے جب تک حاجت پوری نہ ہو روزانہ باوضو مصلے پر بیٹھ کر مقررہ وقت پر پڑھیں۔عمل میں فقرہ (ہی بند) کے بعد اپنی حاجت بیان کریں ہر مرتبہ بسم اللہ شریف کے ساتھ شروع کریں۔ یہ عمل بھی ایک تحفہ ہے۔اس کی اگر زکات ادا کر لی جائے کسی اور عمل کی ضرورت نہیں رہتی۔

عمل خاص برائے ترقی رزق و وسعت رزق

گرہن کے وقت پر عمل میری طرف سے ایک سینہ کا راز اور تحفہ ہے۔عمل کی

ترکیب پر غور کریں اور وقت سے پہلے عمل تیار کریں۔ تفصیل درج ذیل ہے۔

(۱) سورۃ والشمس کے اعداد شمسی لیں اور ان کے حروف بنالیں۔ اگر تین حروف ہیں تو پہلے حرف سے مؤکل (آخر میں آئیل لگائیں) دوسرے سے جن (آخر میں یوش لگانے سے) تیسرے حرف سے اعوان (آخر میں طیش لگانے سے) بناؤ۔ اگر چار حروف ہوں تو پہلے دو اکٹھے کر کے مؤکل بناؤ اور باقی سے جن اور اعوان تیار کرو۔

(۲) اس سورۃ کے اعداد قمری لے کر ان کے حروف بنا کر حسب سابق اسمائے ثلاثہ مذکورہ پیدا کرو۔

(۳) اپنے نام معہ والدہ کے اعداد شمسی لے کر ان کے حروف بنا کر مؤکل جن اور اعوان پیدا کرو۔ یہ نو (۹) نام ہونگے۔

(۴) اب مثلث آتشی چال میں اس طرح پر کرو۔ سورت الشمس سے شمسی حروف سے پیدا کردہ مؤکل جن اعوان خانہ اول دوم سوم میں لکھیں۔ ابجد قمری سے پیدا کردہ مؤکل جن اور اعوان نقش کے خانہ نمبر چہارم پنجم اور ششم میں پر کریں۔ اپنے نام سے پیدا کردہ مؤکل جن اعوان خانہ نمبر ۷۔۸۔۹ میں لکھیں۔ نقش کے اوپر ۷۸۶ لکھیں۔

(۵) سورج گرہن کے وقت نقش لکھنے سے قبل غسل کریں۔ پاکیزہ کپڑا پہنیں۔ معطر ہو کر صندل سرخ کا بخور سلگائیں۔ رجال الغیب کا خیال رکھتے ہوئے نئی قلم سے زعفران سے نقش لکھیں بعد میں اس نقش کو نگینہ کے نیچے رکھ دیں۔ انگشتری چاندی کی ہو۔

(۶) سورج گرہن کے دوسرے دن جو تاریخ ہو اتنی بار سورت شمس پڑھ کر انگوٹھی پر دم کریں اور ایک ایک کے اضافہ سے روزانہ سورت پڑھ کر دم کرتے رہیں۔ پڑھنے کی تعداد 40 روز تک ہے۔ تو عمل ختم سمجھیں۔ پڑھنے کا وقت ساعت شمس ہے۔ رات کو نہ پڑھیں۔ اس طلسم کے اثرات میں سے ترقی ملازمت، وسعت رزق، تسخیر خلائق کے علاوہ بہت کچھ فوائد ملیں گے۔ مثال حاضر ہے۔

(۱) سورۃ شمس کے اعداد ۸۱۱۴۷ خ ش غ ا ظ ی
خشائیل ۔ غایوش ۔ ظیطیش

(۲) سورۃ شمس کے اعداد قمری ۱۷۰۷۱ ا ع ز ی غ
اعائیل ۔ زیبوش ۔ غطیش

(۳) انتظار حسین ۲۵۳۱ ا س ل ب ی
اسائیل ۔ لبیوش ۔ یطیش نقش اس طرح بنے گا۔

۷۸۶
جبرائیل

غطیش	خشائیل	لبیوش
اسائیل	زیبوش	ظیطیش
غایوش	یطیش	اعائیل

میکائیل

تحفظ حروفِ صوامت:

آئینہ قسمت ایک ایسا واحد ماہنامہ ہے جس نے وہ اعمال دیئے جو کہ کسی بھی جرائد نے پیش نہیں کئے ہیں اور خاص کر شہزادہ سید انتظار حسین شاہ زنجانی مبارکباد کے مستحق ہیں جن کی کوششوں اور توسط سے یہ ایک نادر عمل آپ تک پہنچ رہا ہے۔ بعض دوستوں نے حروف صوامت کی رجعت سے بچنے کیلئے اعمال دیئے ہیں چونکہ حروف صوامت کی تعداد 13 ہے۔ ایک دوست نے تیرہ الفاظ پر مبنی سورۃ اخلاص کو اس رجعت سے بچاؤ کیلئے کہا ایک دوست نے اسم الٰہیہ یا احد جس کے اعداد کی تعداد 13 ہے ورد کرنے کیلئے کہا جبکہ بات بنتے بنتے پھر بھی نہ بنی۔ حروف صوامت کی رجعت سے بچا نہ جاسکا تو بچاؤ یا توڑ تو ممکن نہیں لیکن یہ آئینہ قسمت ایک ایسا توڑ دے رہا ہے جس کی وجہ سے حروف صوامت کی رجعت تو درکنار وہ اس کے سامنے بالکل بے بس ہیں کیونکہ دُنیا میں کوئی ایسا کام نہیں جس کا توڑ نہ ہو وہ ہے ''قرآن مجید'' قرآن پاک میں 4 سورتوں میں 4 آیات ایسی ہیں جن کے سامنے یہ 13 حروف بالکل بے اثر ہو جاتے ہیں یہاں تک کہ اگر کسی آدمی کو پھانسی کا حکم ہو جائے جب تک قیدی ان 4 آیات کا ورد کرتا رہے گا اُس کو پھانسی نہ مل سکے گی۔ اگر اس کا نقش کسی جگہ آویزاں کر دیا جائے یا کسی آدمی کے پاس ہو وہ دُنیا کے تمام مصائب و آلام اور گردشوں سے مبرا ہو گا۔ اس پر نہ تو دنیاوی اور نہ ہی سیاروں کی وجہ سے گردش ہو گی۔ فوائد بعد میں عرض کرتا ہوں پہلے قرآن پاک کی وہ چار آیات جو کہ حقیقی طور پر دُنیا کی ہر قسم کی آفت

ومصائب کا ازالہ ہیں وہ یہ ہیں:

آیت نمبر 1: لَقَدْ سَمِعَ اللّٰهُ قَوْلَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ فَقِيْرٌ وَّنَحْنُ اَغْنِيَآءُ سَنَكْتُبُ مَا قَالُوْا وَقَتْلَهُمُ الْاَنْۢبِيَآءَ بِغَيْرِ حَقٍّ وَّنَقُوْلُ ذُوْقُوْا عَذَابَ الْحَرِيْقِ ۝ (سورۃ آل عمران آیت ۱۸۱)

آیت نمبر 2: اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ قِيْلَ لَهُمْ كُفُّوْٓا اَيْدِيَكُمْ وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ فَلَمَّا كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقِتَالُ اِذَا فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ يَخْشَوْنَ النَّاسَ كَخَشْيَةِ اللّٰهِ اَوْ اَشَدَّ خَشْيَةً ج وَقَالُوْا رَبَّنَا لِمَ كَتَبْتَ عَلَيْنَا الْقِتَالَ لَوْلَآ اَخَّرْتَنَآ اِلٰٓى اَجَلٍ قَرِيْبٍ ط قُلْ مَتَاعُ الدُّنْيَا قَلِيْلٌ وَالْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لِّمَنِ اتَّقٰى قف وَلَا تُظْلَمُوْنَ فَتِيْلًا ۝ (سورۃ النساء آیت ۷۷)

آیت نمبر 3: وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَاَ ابْنَيْ اٰدَمَ بِالْحَقِّ اِذْ قَرَّبَا قُرْبَانًا فَتُقُبِّلَ مِنْ اَحَدِهِمَا وَلَمْ يُتَقَبَّلْ مِنَ الْاٰخَرِ ط قَالَ لَاَقْتُلَنَّكَ ط قَالَ اِنَّمَا يَتَقَبَّلُ اللّٰهُ مِنَ الْمُتَّقِيْنَ ۝

(سورۃ مائدہ آیت ۲۷)

آیت نمبر 4: قُلْ مَنْ رَّبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ط قُلِ اللّٰهُ ط قُلْ اَفَاتَّخَذْتُمْ مِّنْ دُوْنِهٖٓ اَوْلِيَآءَ لَا يَمْلِكُوْنَ لِاَنْفُسِهِمْ نَفْعًا وَّلَا ضَرًّا ط قُلْ هَلْ يَسْتَوِي الْاَعْمٰى وَالْبَصِيْرُ لا اَمْ هَلْ تَسْتَوِي الظُّلُمٰتُ وَالنُّوْرُ ج اَمْ جَعَلُوْا لِلّٰهِ شُرَكَآءَ خَلَقُوْا كَخَلْقِهٖ فَتَشَابَهَ الْخَلْقُ عَلَيْهِمْ ط قُلِ اللّٰهُ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ وَّهُوَ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ۝ (سورۃ الرعد آیت ۱۶)

قرآن پاک کی یہ چاروں آیات "چہل قاف" کہلاتی ہیں۔ ایک وہ عزیمت ہے جسے بزرگوں نے عملیات میں استعمال کیا ہے اُسے بھی چہل کاف کہا جاتا ہے۔ فرق یہ ہے کہ کاف "ک" ہے اور یہ "ق" اس شکل کا ہے۔ ہر آیت آیت ۱۰ "ق" آئے ہیں یعنی چاروں آیتوں میں ۱۰، ۱۰ آئتیں ہیں اس طرح یہ چہل قاف آیات کہلاتی ہیں۔ بعض بزرگان نے اس میں اسم اعظم بتایا ہے۔ اس کے متعلق ایک بڑا عجیب وغریب واقعہ مشہور ہے ایک بادشاہ کو اپنے وزیر سے سخت دشمنی تھی یہاں تک کہ ایک دن بادشاہ نے جلاد کو کہا کہ جب وزیر آئے تو میں اشارہ کروں تو اس کی گردن تن سے جدا کر دینا۔ چنانچہ جب وزیر آیا تو سخت تعجب ہوا کہ بادشاہ کا غصہ دور ہو گیا ہے اور اس کی جگہ محبت پیدا ہو گئی ہے اور جلاد کو واپس کر دیا پھر کئی دن کے بعد بادشاہ نے وزیر سے پوچھا کہ جب تو مجھ سے دور ہوتا ہے تو مجھے سخت نفرت اور غصہ آتا ہے مگر جب تو سامنے آتا ہے تو نفرت محبت میں بدل جاتی ہے اس کا سبب کیا ہے؟ وزیر نے عرض کیا میرے اُستاد نے ایک قرآنی عمل مجھے عطا کیا ہے جسے میں حسب ضرورت ورد کرتا رہتا ہوں نتیجتاً میں ہر بلا و مصیبت اور ہر دشمن سے محفوظ رہتا ہوں۔ بادشاہ نے پوچھا وہ عمل کیا ہے؟ وزیر نے یوں عرض کیا کہ قرآن مجید میں چار آیات ایسی ہیں جن کے اندر ہر ایک آیت میں دس حرف "ق" ہیں۔

نقش مربع آتشی آیات "چہل قاف"

۱۱۷۲۸	۱۱۷۳۱	۱۱۷۳۴	۱۱۷۲۱
۱۱۷۳۳	۱۱۷۲۲	۱۱۷۲۷	۱۱۷۳۲
۱۱۷۲۳	۱۱۷۳۶	۱۱۷۲۹	۱۱۷۲۶
۱۱۷۳۰	۱۱۷۲۵	۱۱۷۲۴	۱۱۷۳۵

نقش مثلث آتشی آیات "چہل قاف"

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جبرائیل

۱۵۶۳۷	۱۵۶۴۲	۱۵۶۳۵
۱۵۶۳۶	۱۵۶۳۸	۱۵۶۴۰
۱۵۶۴۱	۱۵۶۳۴	۱۵۶۳۹

میکائیل — عزرائیل — اسرافیل — حمعسق — کھیعص — بسم — اللہ — الرحمن — الرحیم

نقش مربع اور نقش مثلث دونوں کسی میں بھی کسر نہ ہے جو کہ عاملین یہ بات اچھی طرح جانتے ہیں کہ بغیر کسر نقوش نہایت سریع التاثیر ہوتے ہیں۔

ثاقب ارسل جفر

''سورج گرہن اور چاند گرہن''

ازتحریر: منیر احمد میرانی، لاڑکانہ (سندھ)

سورج گرہن اور چاند گرہن 6 جنوری بروز اتوار سورج گرہن صبح 04:34 اور ختم ہوگا 08:48 پر اور چاند گرہن 21 جنوری بروز پیر آغاز 07:36 اور ختم 10:36 پر ہوگا

قرآن مجید حضرت محمد ﷺ کا معجزہ ہے اور تمام دینی و دُنیاوی علوم کا مرکز اور منبع ہے اسی سے فقہ اسی سے طب اسی سے قانون مملکت اور قانون انسانی وضع کئے گئے ہیں قرآن پاک آیات یا اللہ پاک کے ناموں کو اہل معرفت نے انہیں اعداد میں سمو کر اہل ارض کے لئے پیش کیا اور نتیجہ اہل خیر اوّل اہل تقویٰ پر چھوڑ دیا ہے۔ قارئین کرام! آئینہ قسمت آپ کی خدمت میں ایک نایاب عمل کے ساتھ حاضر ہوں مجھے یقین ہے کے نایاب و مقبول عمل آپ کو ضرور پسند آئیگا بس دوستوں آئینہ قسمت کی محبت میں اپنے سینہ کا راز دینا پڑتا ہے اس لئے کے خلق خدمت ہو اور کسی نا کسی مظلوم کی دل سے دُعا مل جائے۔ اس عمل سے فائدہ اُٹھانے کے بعد چشم خلائق میں معزز ہونا یا کسی آدمی کی کہیں بھی معاشرے میں عزت نا ہو اور ہمیشہ پریشانی میں مبتلا ہو کر مایوس بیٹھ جائے اس عمل کو کرنے سے اللہ تعالیٰ اسے خلائق میں معظم و مکرم بنا کر بلا مرتبہ عطا کرے گا۔ اور ہر جگہ اس کی تعظیم سے پیش آئیں گے۔ پہلے سورج گرہن اور چاند گرہن 6 جنوری بروز اتوار سورج گرہن جزوی کا آغاز ہوگا صبح 04:34 اور ختم ہوگا 08:48 پر اور چاند گرہن 21 جنوری بروز پیر آغاز 07:36 اور ختم 10:36 پر ہوگا۔ مزید معلومات کے لئے زنجانی جنتری کا مطالعہ کریں عین وقت میں عمل تیار کریں پہلے غسل کریں بعد میں عمل کریں اللہ پاک کے نام سے ''یَا حَیُّ'' معنی ہمیشہ زندہ رہنے والا اعداد قمری 18 جلالی، 18 الواح عین گرہن میں تیار کریں۔ مثلث بادی چال سے لکھ کر ہر ایک لوح پر اسم یَا حَیُّ 324 مرتبہ پڑھیں کل تعداد ہوگئی 5832 سارا کام گرہن میں کرنا ہے عامل اپنے ستارہ کی ساعت میں کسی اونچے درخت میں باندھ آئے بس ایک سال کے لئے عامل ہوگیا۔ عمل کو جاری رکھنے کے لئے 324 مرتبہ روزانہ نماز عشاء کے بعد پڑھیں تاکہ عمل جاری رہے کسی عزت بڑھانے کے لئے کسی نیک ساعت میں دو الواح بادی لکھیں ایک پیپل کے درخت میں باندھو ایک کو راست بازوں میں باندھو جہاں بھی جائے گا عزت و احترام پائے گا اس عمل کی اجازت شاہ زنجانی یا مجھ سے لیں۔

نقش کی چال بادی

۷۸۶

۲	۷	۶
۹	۵	۱
۴	۳	۸

اصل نقش یہ ہے

از تحریر: شہزادہ منظور علی سمون، ٹنڈو محمد خان

فیضان الجفر

حروف صوامت کے خفیہ راز

سورج گرہن کی ابتداء 06 جنوری 2019ء بوقت صبح 04:34 منٹ، انتہاء بوقت 06:41 منٹ، جبکہ اختتام 08:48 منٹ پر ہوگا

قارئین آئینہ قسمت السلام علیکم! نیا سال 2019ء مبارک ہو، اللہ تبارک وتعالیٰ سے طلب دُعا ہے کہ یہ سال آپ اور ہم سب کے لئے خوشیاں لائے۔ عزت شہرت لائے، تمام تکالیف کا خاتمہ کر کے خیریت سے گزرے۔ (آمین ثم آمین)

اس دفعہ پیارے قارئین آئینہ قسمت کی خدمت میں نئے سال کا پہلا نیا تحفہ حروف صوامت کے بہت ہی نایاب خفیہ راز حاضر ہیں۔ یہ ایسے راز ہیں جسے عاملین لوگ قطعاً ظاہر نہیں کرتے۔ چاہے آپ ساری زندگی کسی اُستاد، عامل، پیر، فقیر، مولوی، پروفیسر، دوست، عزیز، رشتہ دار کی زیر نگرانی کیوں نہ رہیں۔ سینکڑوں خدمات سرانجام دیں۔ ان کی قدم بوسی کریں مگر ایسے راز قطعاً نہیں ملیں گے۔ میں اس دفعہ جتنے بھی خفیہ راز ظاہر کر رہا ہوں آپ ان پر غور کریں گے تو ہر راز کے اندر راز ملے گا۔ حروف صوامت تعداد میں 13 بنتے ہیں

ترتیب قمری: ادھحطک لس، عصر **ترتیب شمسی:** احد رسص طعک لموہ۔ اعداد قمری 543 اور اعداد شمسی 3465 بنتے ہیں۔

خفیہ راز عدد 13

نام	علیحدہ حروف	اعداد مفردہ	مجموعہ اعداد
شرف	ش ر ف	8 2 3	13
قمر (چاند)	چ ا ن د	4 5 1 3	13
شمس	ش م س	6 4 3	13
ثور	ث و ر	2 6 5	13
مریخ	م ر ی خ	6 1 2 4	13
قوس	ق و س	6 6 1	13
دلو	د ل و	6 3 4	13
اردو	اردو	6 4 2 1	13
نہار (دن)	ن ہ ا ر	2 1 5 5	13

مختصر وضاحت: شرف، چاند، شمس، ثور، مریخ، قوس، دلو، اردو، نہار۔ ان سب کا مجموعہ 13 بنتا ہے جو کہ حروف صوامت کی تعداد کے برابر ہے۔

مثال 2: حاضر خدمت ہیں باقی رازوں پر آپ خود غور فکر کریں۔

1: حروف صوامت کا ہر عمل شرف قمر (چاند) میں کریں تو اثرات زیادہ ظاہر ہوں گے۔ کیونکہ شرف قمر برج ثور میں 3 درجہ پر ہوتا ہے۔ شرف 13، چاند 13، ثور 13۔ شرفی درجہ 3 ہے تو حروف صوامت کے اعداد 543 کا مفرد بھی 3 ہے۔

2: نہار (دن) کو کہتے ہیں۔ شمس دن سے منسوب ہے نہار 13، شمس 13، حروف صوامت 13۔ ترتیب شمسی سے دن میں حروف صوامت کا عمل کریں تو اثرات زیادہ ظاہر ہوں گے۔

بروج: حمل، اسد، دلو یہ تینوں برج بے نقطے ہیں۔ حروف صوامت کے ہیں ان میں اعمال پُر تاثیر ہوتے ہیں۔

صامت بروج: سرطان، عقرب، حوت۔

عطارد: اس سیارہ کے تمام حروف بے نقطے ہیں۔ حروف صوامت ہیں اس کی ساعت میں اعمال صوامت پُر تاثیر ہوتے ہیں۔

ماہ محرم الحرام: اس کے حروف بھی بے نقطے حروف صوامت کے ہیں۔

سورتیں: مائدہ، ھود، رعد، طٰہٰ، روم، ص، محمد، طور، ملک، دھر، عصر۔ یہ سورتیں نام کے لحاظ سے بے نقطے حروف صوامت کی ہیں۔

باقی صفحہ نمبر 29 پر

سورۃ الشعراء کی آیات اور 8 کا ہندسہ

از تحریر: سجاد حسین جعفری، سرگودھا

سورۃ الشعراء میں اللہ فرماتا ہے:

''إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَةً ۖ وَمَا كَانَ أَكْثَرُهُم مُّؤْمِنِينَ ﴿٨﴾''

''وَإِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيزُ الرَّحِيمُ ﴿٩﴾''

ترجمہ:۔ کچھ شک نہیں کہ اس میں (اللہ کی قدرت) کی نشانی ہے مگر یہ اکثر ایمان لانے والے نہیں اور تمہارا پروردگار غالب اور مہربان ہے۔

یہ دونوں آیات سورۃ الشعراء میں اکٹھی آئی ہیں اور 8 بار آئی ہیں۔ دیکھیں آیات 8,9 -67,68 -103,104 -121,122- 139,140-157,158-174,175-190,191-

اس طرح سورۃ الشعراء کی دوسری آیت

فَاتَّقُوا اللَّهَ وَأَطِيعُونِ

ترجمہ:۔ تو اللہ سے ڈرو اور میرا کہا مانو

یہ آیت بھی سورۃ الشعراء میں 8 بار آئی ہے دیکھیں آیات 108، 110، 126، 131، 144، 150، 163، 179 اگر آپ یہ تین آیات یاد کرلیں تو دوسرے لفظوں میں آپکو سورۃ الشعراء کی 227 آیات میں سے 24 آیات یاد ہوگئیں۔

قرآن پاک کے 8 پاروں کا نئی سورتوں سے آغاز

قرآن پاک کے 8 پاروں کا آغاز نئی سورتوں سے شروع ہوتا ہے۔ پارہ 1، 15، 17، 18، 26، 28، 29، 30

زکوٰۃ اور 8 کا ہندسہ

8 ہجری میں سورۃ التوبہ کی آیت کے نزول پر زکوٰۃ کا باقاعدہ نظام جاری ہوا سورۃ توبہ میں زکوٰۃ کے 8 مصارف بیان کئے گئے ہیں۔ 1:۔ فقراء 2:۔ مساکین 3:۔ عاملین 4:۔ مولفۃ القلوب 5:۔ غلاموں کی آزادی 6:۔ قرضدار 7:۔ فی سبیل اللہ 8:۔ مسافر

تخلیق آدم اور 8 کا ہندسہ

تخلیق آدم کا ذکر قرآن پاک کی 8 سورتوں میں آیا ہے۔ لفظ ''تخلیق آدم'' میں بھی 8 حروف ہیں۔ (قرآنی معلومات)

حضرت اسماعیل علیہ السلام کا نام اور 8 کا ہندسہ

حضرت اسماعیلؑ کا نام قرآن پاک کی 8 سورتوں میں آیا ہے۔ آپ کا اسم گرامی کل 12 مرتبہ آیا ہے۔ اور سورۃ بقرہ میں 5 مرتبہ آیا ہے۔ وہ 8 سورتیں یہ ہیں:۔ سورۃ بقرہ، سورۃ آل عمران، سورۃ النساء، سورۃ انعام، سورۃ ابراہیم، سورۃ مریم، سورۃ ص اور سورۃ انبیاء

قوم عاد پر عذاب اور 8 کا ہندسہ

قوم عاد کو نہایت تیز رفتار ٹھنڈی ہوا سے ہلاک کیا گیا جوان پر مسلسل 7 دن اور 8 راتیں چلتی رہی۔

مکہ معظمہ اور 8 کا ہندسہ

قرآن کریم میں مکہ معظمہ کو 8 مختلف ناموں سے پکارا گیا ہے۔ مکہ، بکہ، بلد، امین، قریہ، آمنہ مظمفہ، بلدۃ الحرام، مکہ معظمہ میں حروف کی تعداد بھی 8 ہے۔

وراثت میں بیوہ کا حصہ

اولاد یا والد سے رشتہ میں کسی اور اولاد کی موجودگی میں بیوی (بیوہ) کا حصہ 1/8 ہوگا۔ (جنرل ریاضی جماعت نہم صفحہ 35)

معتصم باللہ اور 8 کا ھندسہ

علامہ سیوطی فرماتے ہیں:۔ عباسی خلیفہ معتصم کو مثمن (آٹھواں) اسلئے کہتے ہیں وہ بنو عباس کا 8 واں خلیفہ حضرت عباس کی 8 ویں پشت سے تھا ہارون الرشید کا 8 واں بیٹا 18 سالہ بادشاہ 8 سال 8 مہینے 8 دن حکومت کی 178 ہجری پیدا ہوا 48 سال زندہ رہا اس کا برج عقرب تھا جو آٹھواں برج ہے 8 مرتبہ جنگوں میں فتح حاصل کی 8 دشمنوں کو قتل کیا مرتے وقت 8 لڑکے اور 8 لڑکیاں چھوڑیں ربیع الاوّل کے ختم ہونے میں 8 دن باقی تھے کہ دُنیا سے رُخصت ہوا۔ (تاریخ الخلفاء اُردو نفیس اکیڈمی)

علامہ کمال الدین الدمیری فرماتے ہیں:۔ معتصم کی مدت خلافت 8 سال 8 ماہ 8 دن ہے بنو عباس کا 8 واں خلیفہ ترکہ میں 8 ہزار اشرفیاں 180 لاکھ درہم 8 ہزار اونٹ 8 ہزار خچر 8 ہزار غلام اور 8 ہزار لونڈیاں چھوڑیں اسلئے اسے مثمن 8 واں کہا جاتا ہے۔ (حیوۃ الحیوان الکبریٰ مکتبہ رحمانیہ)

یونانی بادشاہ اور 8 کا ھندسہ

قدیم یونان میں بادشاہوں کا دور حکومت 8 سالوں پہ محیط ہوتا تھا سپارٹا کی حکومت کا اصول تھا کہ ہر 8 سال بعد اندھیری رات میں جب چاند نہ ہوتا تو ملک کے اہم افراد کھلے آسمان کے نیچے خاموشی سے بیٹھ کر آسمان کی طرف دیکھیں اور جونہی آسمان سے تارا ٹوٹے وہ اپنے حکمران کو معزول کر دیں کیونکہ ستارے ٹوٹنے کا مطلب ہے بادشاہ نے دیوتا کی نافرمانی کی ہے یونان میں بادشاہ کی مدت حکومت 8 سال کیوں رکھی گئی غالباً اس کی وجہ یہی بتائی جاتی ہے کہ ہر 8 سال بعد چاند اور سورج ایک دوسرے کے مقابل آجاتے ہیں یہ لوگ نئے بادشاہ کی تاجپوشی کا دن مقرر کرنے کیلئے چاند سے دونوں کا حساب لگاتے جنوبی ہند کے بادشاہ کی تبدیلی مشتری کے چکر (12 سال) مکمل ہونے پر کی جاتی تھی یونان میں بادشاہ کی تبدیلی 8 سال بعد کی جاتی اور یہ وہی وقت ہوتا جب کوئی برج رجعت کرتا۔

مرض اٹھراء اور 8 کا ھندسہ

حکیم نور محمد چوہان لکھتے ہیں بعض عورتوں کے رحم میں ایسی خرابی ہوتی ہے کہ 8 ویں مہینے حمل گر پڑتا ہے اور بچہ مرا ہوا پیدا ہوتا ہے اگر پورے ماہ کے بعد پیدا ہو تو پیدائش سے 8 ویں دن، آٹھویں مہینے یا آٹھویں سال کے اندر اندر فوت ہو جاتا ہے جاہل لوگوں کا خیال ہے جس عورت کا بچہ اس مرض سے بچ جائے تو اس کا سایہ دوسری عورت پر پڑنے سے یہ مرض لاحق ہو جاتا ہے اور جھاڑ پھونک اور چوراہے کے اندر بے لباس نہانا اس کا علاج ہے یہ غلطی ہے حالانکہ یہ ایک طبی مرض ہے۔ (امراض نسواں حکیم نور محمد چوہان)

قرآن میں چوپائیوں کی 8 اقسام

ثَمَانِيَةَ أَزْوَاجٍ

(یہ بڑے چھوٹے چوپائے) آٹھ قسم کے ہیں۔ (سورۃ انعام آیت 143)

کیمسٹری کا آکٹیٹ رول اور 8 کا ھندسہ

جب کسی ایٹم کے بیرونی شیل میں 8 الیکٹرونز موجود ہوں تو وہ قیام پذیر ہوگا اور اپنی توانائی کو کم کرنے کیلئے کسی سے نہیں جڑے گا اس اصول کو آکٹیٹ رول کا نام دیا گیا ہے کیمیائی بانڈ بنانے والے ایٹم اپنے بیرونی شیلز میں 8 الیکٹرونز مکمل کرنے کی کوشش کرتے ہیں اور جن میں 8 الیکٹرونز موجود ہوں ان کے ایٹمز کسی سے نہیں جڑتے۔ (کیمسٹری جماعت نہم صفحہ 2008114ء)

8 پہروں میں دن رات کی تقسیم

دن اور رات یعنی مکمل ایک دن کو 8 برابر حصوں میں تقسیم کر کے ہر حصہ کو پہر کا نام دیا گیا۔ سورج کے سایہ کی مدد سے دن کو 4 حصوں میں تقسیم کرنا ایک آسان سی بات تھی ان حصوں کو پہلا پہر، دوپہر، سہ پہر اور شام کا نام دیا گیا اگرچہ رات کو 4 حصوں میں تقسیم کرنا نسبتاً مشکل تھا تاہم انسان چاند اور دیگر سیاروں کی چال سے اسقدر واقف ہو گیا تھا ایک پہر کا وقفہ تو درکنار وہ رات کے تھوڑے سے تھوڑے وقفہ کا بھی کسی مخصوص سیارہ کی سمت دیکھ کر بخوبی اندازہ کرسکتا تھا۔ (والشمس والقمر بحسبان مکتبہ السلام)

8 پر قابل تقسیم اعداد کی پہچان

اگر کسی اعداد کے اکائی، دہائی اور سینکڑہ کے ہندسے 0 ہوں تو وہ عدد 8 پر پورا تقسیم ہو جاتا ہے۔ 286000/8=35750 اسی طرح اگر آپ

چاہتے ہیں کہ کسی کو ایسا عدد لکھوائیں جو 8 پر پورا تقسیم ہو جائے تو اس کے بتائے ہوئے عدد کے آخر میں اپنی طرف سے 000 تین صفریں بڑھا دیں وہ عدد لازمی طور پر 8 پر تقسیم ہو جائے گا۔

اسی طرح اگر کسی عدد کے آخری 3 ہندسے 8 پر پورے پورے تقسیم ہو جائیں تو وہ عدد 8 پر لازمی پورا پورا تقسیم ہو جائے گا۔ مثلاً 7424 کے آخری 3 ہندسے 424 ہیں اور یہ پورا عدد 8 پر قابل تقسیم ہے 7424/8=928 یعنی دوسرے لفظوں میں اگر آپ اپنی طرف سے بھی کسی کے بتائے ہوئے عدد کے آخر میں ایسے 3 ہندسے لگا دیں جو 8 پر قابل تقسیم ہیں تو وہ عدد لازمی 8 پر تقسیم ہو جائے گا۔ (ریاضی جماعت ششم)

انگریزی مہینے اور 8 کا ھندسہ

انگریزی کے پہلے 8 مہینے دیوی دیوتاؤں سے منسوب ہیں جنوری کا لفظ رومن دیوتا جینس، فیبروی فیبرو آ، مارچ جنگ کے دیوتا مریخ، اپریل اپی رائرمئی رومنوں کی نشو ونما کی دیوی میٹیا جون جونو دیوی جولائی جولیس سیزر اور اگست اگسٹس کی یاد تازہ کرتے ہیں باقی 4 ماہ اعداد سے متعلق ہیں ستمبر سیٹم سے بمعنی سات اکتوبر اوکٹوے سے بمعنی آٹھ نومبر نووم سے بمعنی نو اور دسمبر دیسم سے بمعنی دس یا دسواں متعلق ہیں غالباً آخری 4 ماہ کے نام اُس دور میں رکھے گئے جب شمسی تقویم میں دس ماہ شمار کئے جاتے تھے۔

(الشمس والقمر بحسبان مکتبہ السلام)

لفظ Octa مطلب 8 کا استعمال مختلف لغات میں

لاطینی میں مطلب آٹھ	Octa
ہر آٹھویں دن آنیوالا بخار	Octam Fever
لیگن کا آٹھواں حصہ	Octarius
عورت جو آٹھویں بار حاملہ ہوتی ہو	Octigravida
عورت جو 8 بچوں کو جنم دے چکی ہو	Octipara
8 ضلعی شکل	Octagon
وہ عمارت جسکے 8 ستون ہوں	Octastyle
توریت کی پہلی 8 کتابیں	Octatench
8 مصرع والی نظم	Octave
8 ورقی کتاب	Octavo
8 سال والا	Octennial
8 آنکھوں والا	Octonocular
سمندری کیکڑا جس کے 8 ہاتھ ہوتے ہیں	Octopus

عالمِ حیوانات اور 8 کا ھندسہ

انسان کے سر میں 8 ہڈیاں ہوتی ہیں۔

مکڑی کی 8 ٹانگیں ہوتی ہیں۔

مکڑی کی 8 آنکھیں ہوتی ہیں۔

شتر مرغ کی اونچائی تقریباً 8 فٹ تک ہوتی ہے۔

شہد کے ایک چھتے میں تقریباً 80 ہزار مکھیاں ہوتی ہیں۔

انسانی کلائی میں 8 ہڈیاں ہوتی ہیں۔

انسانی جسم میں 8 بلین خلیئے ہوتے ہیں۔

8 کے ھندسے سے 1000 بنانا

میں پانچویں کلاس میں پڑھتا تھا تو ایک ریاضی کی پہیلی سُنی تھی کہ 8 کو 8 بار لکھ کر 1000 بنایا جاسکتا ہے۔

888
88
8
8
8
1000

شطرنج اور 8 کا ہندسہ تاریخ ہندوستان کی کتابوں میں موجود ہے کہ شطرنج کے خانے 8x8 کے تحت بنائے گئے۔

از تحریر: سید حیدر شاہ شیرازی، جھنگ

قرآن کریم سے مسائل کا حل

اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم کو تمام انسانیت کی ہدایت کے واسطے نازل فرمایا اور یہ تا قیامت تمام انسانوں خواہ وہ مسلمان ہوں یا کسی اور مذہب سے تمام کے لئے باعث ہدایت ہے۔ آج کل بہت سے جعلی عاملوں نے لوگوں کو بلند و بالا دعوے کرکے دھوکہ دے رکھا ہے جس وجہ سے لوگ عدم اعتماد کا شکار ہیں۔ مگر قرآن پاک ہر ہر انسان کو پورا اعتماد ہے۔ ہمارے بزرگان نے پشتوں سے ہمیں جو علم سکھایا وہ قرآن سے استفادہ ہے۔ حالانکہ بہت سے لوگ قرآن سے عملیات بتاتے ہیں مگر پھر بھی کامیابی نہیں ہوتی اسکی اصل وجہ علم الاعداد کو مخلوط نہ کرنا ہے۔ ہم پورے سال میں قرآنی آیات کو علم الاعداد سے مخلوط کرکے مختلف کاموں کے واسطے آزماتے ہیں جس میں کامیابی ہو صرف اس کو فلاح انسانیت کے لئے شائع کرواتے ہیں۔

1۔ دشمن پر غلبہ یا بچاؤ کے واسطے

سورۃ طٰہٰ آیت نمبر 68 قلنا لا تخف تک ق + ی =10+100 110>1+1+0=2 مفرد کے حساب سے اس آیت کو صبح صادق کے وقت صندور اور عرق گلاب سے دو کاغذ پر لکھیں جس دشمن پر غلبہ چاہے اسکا نام مع والدہ لکھ کر پاس رکھے جہاں جائے گا رعب اور تقویت رہیگی۔ یا اسکا نام کیل پے لکھ کر درخت پے گاڑ دے۔

2۔ ناجائز تعلق کے خاتمے کیلئے

سورۃ احزاب آیت نمبر 35 آیت کا آخری حصہ وَ الْحٰفِظِیْنَ فُرُوْجَهُمْ سے اَجْرًا عَظِیْمًا تک۔ و+ الف =6+1 =7 اسکا مفرد عدد 7 نکلا ہے۔ لہٰذا اگر کوئی شخص غلط تعلق میں مبتلا ہو یا اسکے آفس کا ماحول ایسا ہو جس وجہ سے خطرہ ہو یا وہ جان بوجھ کر ایسے تعلقات رکھے تو تعلق چھڑانے کے لئے دونوں کے نام مقناطیس پر لکھیں اور اسکو توڑ کر الگ الگ دفنا دیں جلدی تعلق کا خاتمہ ہوگا نام 7 مرتبہ لکھنا ہے۔

3۔ بحالی تعلق یا مابین صلح کے لئے

سورۃ ممتحنہ آیت عَسَى اللّٰهُ اَن سے غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ تک۔ ع +م 40+70 =110 =1+1+0 =2 اسکا مفرد عدد 2 نکلا ہے اگر کوئی رشتہ نہ ہو رہا ہو یا پہلے محبت اور تعلق رہا ہو مگر اب ختم ہو چکا ہو یا والدین کی باہمی رضامندی کے لئے یا حسب توفیق 2000 مرتبہ مٹھائی کے 2 دانوں پر آیت پڑھ کر کھلا دیں یا پھر کامیابی کے لئے آتشی زعفرانی عمل کریں جو کہ مجرب ہے۔

4۔ رکاوٹ یا بندش کے واسطے

سورۃ نمل آیت نمبر 92 و آن اَتْلُوا الْقُرْاٰنَ سے مِنَ الْمُنْذِرِيْنَ تک۔ و+ن =6+50=56=5+6=11=1+1= 2 اسکا مفرد عدد 2 نکلا ہے۔ یہ بندش کے لئے آزمودہ ہے بندش کئی قسم کی ہوتی ہے کاروباری، رشتوں کی، شادی میں رکاوٹ، اولاد کی بندش، اس کے لئے یا تو اتارے یا توڑ کا عمل کریں یا پھر اس آیت کو زحل ساعت میں زعفران سے لکھ کر وزن تلے دبا دیں۔ 21 یوم میں بندش کا خاتمہ ہوگا۔ انشاء اللہ۔

5۔ ترقی و برکت کے لئے مجرب

سورۃ فاطر آیت نمبر 30 لِيُوَفِّيَهُمْ اُجُوْرَهُمْ سے غَفُوْرٌ شَكُوْرٌ تک۔ ل+ر 30+200=230=2+3+0=5 اگر کسی کو کاروبار میں فائدہ نہ ہو رہا ہو یا اچانک نقصان کی طرف چلا گیا ہو یا ویسے تنگی رزق ہو تو اس آیت کو پانچ الگ کاغذ پر لکھ کر وزن تلے دبا دیں انشاء اللہ جلد ٹھیک ہوگا۔

لاعلاج مریضوں کے لئے نوید شفاء

از تحریر: سیّد قاسم علی نقوی البھاکری، سیالکوٹ

✲ یہ دُعا علامہ احمد بن فہد کی کتاب عدۃ الداعی مترجم طبع قسم مُقدّس صفحہ 436 پر لکھی گئی ہے۔

✲ چشمِ رستگار سے تالیف عبدالباسط شبیب زادگان طبع قم مُقدّس صفحہ 125 میں یہ روایت نقل ہے کہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں کہ میرے جد امجد حضرت پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے کہ جو کوئی مندرجہ ذیل دُعا کو بعد نماز فجر چالیس مرتبہ پڑھے گا اس کے جسم میں کوئی بیماری نہ رہے گی نہ کسی قسم کا درد رہے گا۔

✲ یہ دُعا دو ہزار دستور العمل مجرب تالیف سید محمد تقی حامد سجادی طبع مشہد مُقدّس (ایران) صفحہ 360,352 اور 363 پر نقل کی گئی ہے۔ اور اس کے حوالے مندرجہ ذیل ہیں۔ تحفۃ الرضویہ صفحہ 121,120 حاشیہ خلاصہ الاذکار (قلمی نسخہ) سے اس دُعا کو سید ابن طاؤس علامہ باقر مجلسیؒ شیخ ابراہیم کفعمیؒ اور دیگر علماء کرام نے اپنے مجربات میں لکھا ہے۔

✲ علامہ ابن فہد حلی نے اس دُعا کو سرطان کینسر کے مریضوں کے لئے مجرب ترین قرار دیا ہے۔

نوٹ:۔ چونکہ یہ دُعا رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تعلیم کردہ ہے۔ اور آئمہ معصومین کے فرمان کے مطابق ہے۔ لہٰذا یہ دُعا صرف اُس کو فائدہ دے گی۔ جو تقویٰ اختیار کر کے پڑھے گا۔

قرآن مجید کا ارشاد ھے:۔

الٓمٓ ۞ ذٰلِكَ الْكِتَابُ لَا رَيْبَ فِيهِ هُدًى لِلْمُتَّقِينَ ۞

ترجمہ:۔ اس کتاب میں کوئی شک نہیں لیکن ہدایت (فائدہ) صرف متقی کو ملے گا۔"

قرآن مجید کے فرمان کے مطابق جو لوگ یقین اور تقویٰ کے ساتھ عمل کریں گے انشاء اللہ ان کو صحت اور تندرستی حاصل ہوگی۔ اگر لاعلاج مرض نے نڈھال کر دیا ہو تو تقویٰ اختیار کر کے ضرور اس دُعا کا عمل کر کے صحت مند ہو جائیں۔ جب ڈاکٹروں سے علاج کروا کروا کر تھک جائیں تو ناامید نہ ہوں۔ اس نورانی دُعا کا ورد کر کے صحت حاصل کریں۔

عمل:۔ بعد از نماز فجر 40 چالیس مرتبہ اوّل و آخر 11,11 مرتبہ درود شریف پڑھ کر محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم و آل محمدؑ کے توسل سے دُعا مانگیں انشاء اللہ تعالیٰ مکمل صحت ملے گی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَ نِعْمَ الْوَكِيْلُ تَبَارَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخَالِقِيْنَ وَ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ

40 دن بلا ناغہ بعد از نماز فجر 40 مرتبہ ورد کریں۔

مرحوم نائینیؒ نے اپنی تالیف گوہر شب چراغ جلد نمبر 7 صفحہ 37 طبع قسم مقدس لاعلاج مریضوں کے لئے نوید شفاء ہے۔

بسم

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَ نِعْمَ الْوَكِيْلُ

يا حمی

ولا تحر بی فلاں بن فلاں

اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ

ھم کم ال

نقش لکھ کر مریض کے گلے میں بھی ڈالیں اور تکیہ کے نیچے بھی رکھیں۔

(دو ہزار دستور العمل مجرب صفحہ 365)

انسانی ضرورتوں کا مکمل حل

قرآن مجید تمام انسانی ضرورتوں کا حل بیان کرتا ہے قرآن مجید کا افتتاحی مقدمہ خود ربِ ذوالجلال بیان کرتا ہے قرآن مجید ایک زندہ معجزہ ہے۔ لیکن شرط تقویٰ ہے۔

آغاز قرآن مجید ہوتا ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

الٓمٓ ۞ ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ فِيْهِ هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ ۞

الٓمٓ ۞ قرآن وہ کتاب ہے جس میں کوئی شک نہیں۔ (بلکہ شک کی گنجائش نہیں) لیکن ہدایت اُس کو دے گی جو تقویٰ اختیار کرے گا۔ (پارہ 1 آیت نمبر 1 تا 2)

قرآن مجید کے ہر لفظ کے اندر سمندر بند ہے لیکن ہدایت ہر آدمی کا مقدر نہیں۔ ہدایت صرف خداوند تعالیٰ ہی دیتا ہے۔ اُس نے ہدایت یافتہ لوگوں کا انتخاب کر کے بتا دیا ہے کہ ان کی پیروی کرو۔ یہ وہ لوگ ہیں جنہوں کے اعمال انعام یافتہ ہیں انعام یافتہ لوگوں کی پیروی کروان کا راستہ ہی "صراط المستقیم" ہے۔ ان کے راستے پر چلو گے تو بھٹکو گے نہیں۔

قرآن کا خاص علم صرف خاص بندوں کو ہی ہے وہ اللہ کے خاص بندے ہیں جو انسانوں کی راہنمائی کرتے ہیں۔

قرآن مجید کے اندر چار آیات ایسی ہیں جن کے اندر ہر یک آیت میں دس (10) حرف "ق" ہیں۔ قرآن کے اندر جو حرف "ق" ہے۔ قابل غور فکر ہے۔

حرف "ق" کے اعداد 100 ہیں بحساب ابجد قمری۔

حرف "ق" کا ستارہ: عطارد ہے

حرف "ق" کا منسوبی دن: بدھ ہے

حرف "ق" کا صدقہ: ثابت مونگ، دال مونگی چھلکے والی، باجرہ، ڈالڈا گھی، سبز کپڑا

حرف "ق" کا عنصر: آبی ہے

حرف "ق" سے شروع ہونے والے اسماء اعظم اَلْقَادِرُ، اَلْقَدِیْرُ، اَلْقَیُّوْمُ، اَلْقَدِیْمُ، اَلْقَهَّارُ، اَلْقَابِضُ، اَلْقَاهِرُ، اَلْقُدُّوس، اَلْقَرِیْبُ، اَلْقَوِیُّ، اَلْقَائِمُ، اَلْقَاسم، اَلْقَاضِیُ۔

"ق" کا ملفوظی اعداد:۔ 181

"ق" کا مؤکل ظاہری:۔ یَا قائیلُ

"ق" کا مؤکل باطنی:۔ یَا عطرائیلُ

پہلا طریقہ مؤکل باطنی کے ساتھ پڑھنے کا: اَجب یَا عطرائیلُ بحق قاف۔

دوسرا طریقہ مؤکل ظاہری کے ساتھ پڑھے کا: اَجب یا قائیلُ بحق قاف۔

تیسرا طریقہ مؤکل ظاہری: اَجب یا عطرائیلُ بحق قاف یَا قائیلُ

قرآن مجید کے اندر چار آیات ایسی ہیں جن کے اندر ہر ایک آیت میں 10,10 قاف ہیں جو شخص قبل و غروب آفتاب روزانہ ان کا ورد کرے تو ہر چیز انسان/حیوان اس کے حق میں مسخر ہو جائے کسی حاجت کے لئے اگر صبح و شام تلاوت کریں تو تمام حاجات پوری ہوں۔ شادی میں رکاوٹ ہو تو وہ حسبِ منشاء ہو جائے۔ کسی بھی دنیاوی حاجت کے لئے اِن آیات کو تلاوت کریں۔ وہ حاجت فوری پوری ہو جائے۔

1:۔ سورۃ آل عمران آیت نمبر 181 "لَقَدْ سَمِعَ اللّٰهُ" سے لے کر "ذُوقُوا عَذَابَ الْحَرِيقِ"

2:۔ سورۃ اَلنِّسَاء آیت نمبر 77 "اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ" سے لے کر "وَلَا تُظْلَمُوْنَ فَتِيْلًا"

3:۔ سورۃ اَلْمَائدہ آیت نمبر 27 "وَاتْلُ عَلَيْهِمْ" سے لے کر "مِنَ الْمُتَّقِيْنَ"

4:۔ سورۃ الرعد آیت نمبر 16 "قُلْ مَنْ رَّبُّ السَّمٰوٰتِ" سے لے کر "وَهُوَ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ"

جو بھی ان آیات کا عمل کرے گا۔ انشاء اللہ کامیابی سے ہمکنار ہوگا۔

مجربات دامانیہ

تسخیرات جنات، مؤکلات الارواح

ازتحریر: عبداللطیف دامانی، اسلام آباد

اپنے چاہنے والوں کی خدمت میں ایک طویل غیر حاضری کے بعد آئینہ قسمت کی وساطت سے چند اعمال تسخیرات پیش کر رہا ہوں۔ بندہ کچھ عرصہ روحانی ریاضت کے سلسلے میں چند دوستوں کے ساتھ افریقہ کے ویران کھنڈرات اور جنگلات میں رہا۔ وہاں کئی ایک مشاہدات سامنے آئے۔ ایک طویل داستان ہے مناسب موقع پر اس پر بات ہوگی۔ اب اصل موضوع کی طرف آتا ہوں جو میں نے خود جا کر وہاں آزمائے ہیں۔ میرے پڑھنے والے دوست احباب سے گذارش ہے کہ تمام شرائط وضوابط کو پورا کرنے کے بعد استعمال میں لائیں وہ لوگ جو عملیات سے متعلق تمام نکات سے باخبر ہونگے۔ یہ تمام اعمال مجرب ہیں کسی بات کی سمجھ نہ آئے تو جوابی لفافہ لکھ کر پوچھ سکتے ہیں۔

1:۔ جنات کی حاضری

سورۃ المومنون کی آخری چار آیات افحسبتم سے لیکر خیر الراحمین تک 25 مرتبہ صبح وشام وقت مقرر کر کے پڑھیں۔ جب بھی حاضری کرنی ہو تو 25 بار پڑھ کر حاضری کریں تمام محاصل میسر ہونگے کبھی مایوسی نہ ہوگی۔ یہ وہ آیات ہیں جن کے بارے میں حدیث مبارک میں ہے کہ اگر یقین رکھنے والا پہاڑ پر بھی پڑھ لے تو پہاڑ پھٹ جائے۔ بہترین اور مجرب عمل ہے۔

2:۔ جادوئی اشیاء نکالنا اور جادو کرنے والے کا نام وپتہ معلوم کرنا

ایک نایاب عمل پیش خدمت ہے۔ عروج ماہ نوچندی جمعرات یا اتوار سے کسی پاک صاف جگہ پر بیٹھ کر اگربتی کا بخور جلائیں اور جگہ کو خوب معطر رکھیں اوّل وآخر 11 بار درود محمد وآل محمد پڑھیں اپنا حصار کیلئے 11 بار قل شریف پڑھ کر اپنے اوپر دم کرلیں۔ عمل اسم: یَابَدُّوحُ 1100 بار روزانہ پڑھیں۔ 40 یوم کا عمل ہے۔ طریقہ: کسی انڈے پر یہ عمل کر کے دیکھا جا سکتا ہے، جس کسی نے جادو کیا ہوگا اسکا سب حال معلوم ہو جائے گا، مریض کی قمیض پر عمل کرنے سے یہ جادوئی چیزیں نکلیں گی۔

3:۔ گھر مکان سے جنات، دیو، آسیب سے حفاظت کا عمل

گھر کے اندر اکثر نقصان ہو جاتا ہو، جنات تنگ کرتے ہوں، بدروح کا اثر ہو یا آسیب زدہ بداثرات ہوں اس عمل سے دوبارہ گھر کا رخ نہیں کریں گے گھر اور مسکن محفوظ رہیں گے۔ میرا ایک دوست اس آیت کا عامل ہے جسکے مؤکلات ہیں وہ ان کے ذریعے ہر چشم وزن میں ہر ہوائی چیز کو پکڑ لیتا ہے مریض اور سحر زدہ فوراً ٹھیک ہو جاتا ہے۔ بڑا زبردست عمل ہے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ إِنَّهُ مِن سُلَيْمَانَ وَإِنَّهُ بِسْمِ اللَّهِ أَلَّا تَعْلُوا عَلَيَّ وَأْتُونِي مُسْلِمِينَ (سورۃ نمل آیت نمبر 31,30)

آخر میں ادارہ آئینہ قسمت کی پوری ٹیم کی صحت سلامتی وروحانی ترقی کیلئے دُعا کریں اور مجھ گنہگار عبداللطیف دامانی کو دُعاؤں میں یاد رکھیں۔

کرشماتِ بخاری

آسیب کو دفع کرنے کا آسان علاج

ازتحریر: شیخ عبدالخالق

قارئین محترم کو السلام وعلیکم! جیسا کہ میں نے آپ قارئین سے کہا تھا کہ جنات وسفلی مؤکلات کو دفع کرنے کا عمل اور ان کے متعلق بتاؤں گا آج اسی سلسلہ کا دوسرا مضمون شائع کر رہا ہوں ''آسیب کو دفع کرنے کا آسان علاج'' شیطانی جنات جو لوگوں پر سوار ہو جاتے ہیں انہیں جناتوں کو آسیب کے نام سے یاد کیا جاتا ہے کہ اثر ہو گیا یا آسیب تنگ کر رہا ہے جنات انسانوں پر کبھی جنسی خواہش اور عشق کی وجہ سے سوار ہوتے ہیں جیسا کہ انسان کا انسان کے ساتھ ہوتا ہے اور اکثر وہ بیشتر دشمنی اور انتقامی جذبات اسکے دل میں ہوتے ہیں کوئی انسان ان کو تکلیف دے یہ وہ سمجھتا ہے کہ انسان انہیں جان بوجھ کر پریشان کر رہا ہے کہ کسی پر پیشاب کر دیا، یا کسی پر گرم پانی ڈال دیا یا کسی کو قتل کر دیا، حالانکہ انسانوں کو اسکے علم نہ ہو لیکن جنات میں ظالم و جاہل ہوتے ہیں اسکے علاوہ انسانوں سے اس سے زیادہ سزا دیتا ہے کہ کبھی کبھی جنات انسانوں پر ایسی شرارت کے طور پر سوار ہوتا ہے اگر جنات انسان پر سوار ہو جائے اور بات چیت کریں تو جنات کو ضرور سمجھنا چاہئے کہ اس سے بات چیت کر کے مسئلہ کا حل کرنا چاہئے بات چیت کرنے جلد جان چھوڑ جاتی ہے بعض اوقات جن انسان پر جنسی خواہش کی وجہ سے اور عشق کی وجہ سے سوار ہوتے ہیں یہ فحش کام ہے۔ جس کو اللہ نے انسانوں اور جنوں دونوں پر حرام قرار دیا ہے اگر دوسرے فریق کی ذمہ داری ہو تب بھی کہ یہ گناہ اور ظلم ہے لہٰذا جنوں سے اس بارے میں گفتگو کر کے انکو سمجھایا جائے کہ یہ حرام ہے اور گناہ کبیرہ ہے اگر جن پر انسان پر دوسری وجہ سے کسی انسان کے اسکو تکلیف دینے کی وجہ سے سوار ہوا و انسان نے یہ حرکت لاعلمی میں کی ہو تو جنات سے کہا جائے کہ اس نے نہ جانے کی وجہ سے ایسا کیا ہے اور جو غیر ارادی طور پر تکلیف دے ہے وہ سزا کا مستحق نہیں ہے اور وہ اپنی ملکیت میں جو چاہئے کر سکتا ہے آپ کو بغیر اجازت انسانوں کی ملکیت میں رہنے کا حق نہیں آپ ویرانوں اور صحراؤں میں جا کر رہیں اور آپ لوگ نظر تو آتے نہیں کہ آپ کو تکلیف نہ دی جائے اور غیر ارادی طور پر اگر تکلیف ہو تو اسکا انسان ذمہ دار نہیں کیونکہ اپ لوگ انسانوں کو نظر نہیں آتے انسان اسکا مستحق نہیں عمل بتاتا ہوں۔

اس عمل کو دو صورتوں میں استعمال کر سکتے ہیں:۔

1:۔ سورۃ یوسف آیت نمبر 4 کو 500 دفع پڑھیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ إِذْ قَالَ يُوسُفُ لِأَبِيهِ يَا أَبَتِ إِنِّي رَأَيْتُ أَحَدَ عَشَرَ كَوْكَبًا وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ۝

2:۔ سورۃ رحمٰن آیت نمبر 33

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يَا مَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْإِنسِ إِنِ اسْتَطَعْتُمْ أَن تَنفُذُوا مِنْ أَقْطَارِ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ فَانفُذُوا ۚ لَا تَنفُذُونَ إِلَّا بِسُلْطَانٍ ۝

شیشے کی پلیٹ پر یا اسٹیل کی صاف پلیٹ پر کندہ کرائیں اس آیت کو اور سورۃ بقرہ کی آیت کو آیت نمبر 102

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَاتَّبَعُوا مَا تَتْلُو الشَّيَاطِينُ عَلَىٰ مُلْكِ سُلَيْمَانَ ۖ وَمَا كَفَرَ سُلَيْمَانُ وَلَٰكِنَّ الشَّيَاطِينَ كَفَرُوا يُعَلِّمُونَ النَّاسَ السِّحْرَ وَمَا أُنزِلَ عَلَى الْمَلَكَيْنِ بِبَابِلَ هَارُوتَ وَمَارُوتَ ۚ وَمَا يُعَلِّمَانِ مِنْ أَحَدٍ حَتَّىٰ يَقُولَا إِنَّمَا نَحْنُ فِتْنَةٌ فَلَا تَكْفُرْ ۖ فَيَتَعَلَّمُونَ مِنْهُمَا مَا يُفَرِّقُونَ بِهِ بَيْنَ الْمَرْءِ وَزَوْجِهِ ۚ وَمَا هُم بِضَارِّينَ بِهِ مِنْ أَحَدٍ إِلَّا بِإِذْنِ اللَّهِ ۚ وَيَتَعَلَّمُونَ مَا يَضُرُّهُمْ وَلَا يَنفَعُهُمْ ۚ وَلَقَدْ عَلِمُوا لَمَنِ اشْتَرَاهُ مَا لَهُ فِي الْآخِرَةِ مِنْ خَلَاقٍ ۚ وَلَبِئْسَ مَا شَرَوْا بِهِ أَنفُسَهُمْ ۚ لَوْ كَانُوا يَعْلَمُونَ ۝

عرق گلاب و آب زم زم سے دھو کر سات روز تک پلائیں صبح 9 بجے پلائیں عصر اور مغرب کے درمیان پلائیں اور ان آیت کو سات بار پلیٹ پر دم کر کے پلائیں اور اسکے علاوہ گلاب کے سات عدد پھول پر اس آیت کو ایک پھول پر 7 بار پڑھ کر دم کریں اور پورے جسم پر ملیں اور ان پھولوں کو دریا میں ڈال دیں اور یہی آیت ہرن کی جھلی پر لکھ کر گلے میں ڈالیں انشاءاللہ آسیب و جنات دفع ہو جائیں گے یہ کورس 90 دن کا ہے۔

کرشماتِ بخاری

"شیطانوں کے ٹولے کو دفع کرنے کا عمل"

قارئین محترم کو السلام علیکم! اللہ پاک ہم کو شیطان کے شر سے محفوظ رکھے جنات و سفلی مؤکلات کا تیسرا مضمون پیش کر رہا ہوں یہ نہایت ہی خطرناک شیطانی عمل کو ختم کرنے کے لئے دے رہا ہوں اور بہت آسان عمل ہے مگر یہ عمل تجربہ کار عامل کے لئے ہے ورنہ ایک عام بندہ کرے تو وہ لازمی ہلاک ہو جائے گا۔ میرے مضمون کا تیسرا سلسلہ شیطانوں کے ٹولے کو دفع کرنے کا عمل ہے۔

قارئین محترم! شیطان آج کل بہت عروج پر ہے شاید بہت سے لوگ میرے اس جملے سے ناخوش ہوں۔ آج کے دور میں بہت کچھ ہو رہا ہے خیر اللہ ہمیں بچے شیطانی وسوسے سے اور اس بڑی وجہ دین سے دُوری بھی ہے نماز نہیں پڑھنا، روزہ نہیں رکھنا، قرآن کی تلاوت نہیں کرنا، میں مکمل روحانی ریسرچ کی ان شیطانوں کے بارے میں جو آپ قارئین ہدیہ پیش کر رہا ہوں اور عامل حضرات کے لئے میرے یہ تمام مضمون اہم ہونگے یہ عمل صرف اور صرف نوری عامل کے لئے ہے کالے عامل کے لئے نہیں یہ عمل صرف اور صرف قرآن کریم سے ہے شیطان بھاگ جائے گا اور شیطانی عمل کرنے والے عامل کو منہ توڑ جواب ملے گا۔

شیطانوں کے ٹولے کو دفع کرنے کا عمل آج مضمون کا عنوان ہے۔ عامل و جادوگر شیطانوں سے کام لیتے ہیں اور کبھی کبھی منتر کر کے ان سے بول کے کام کرواتے ہیں جو عمل میں بتا رہا ہوں اسکو عامل اس طرح کرے اور اپنی روحانی قوت کا استعمال کرے انشاء اللہ اس شیطانی ٹولے سے نجات حاصل ہو گی اور ہاں عامل اپنی حفاظت بھی کرے کیونکہ یہ شیطانی ٹولے عامل کو ہلاک کر دیتے ہیں عامل کی ذرہ غلطی اسکو موت کے منہ میں لے جائے گی پھر بھی میں عامل کی حفاظت کے لئے بھی عمل دے رہا ہوں۔

شیطانوں کے ٹولے کو بھگانے کا عمل

عامل سب سے پہلے اپنی جان کا صدقہ دے باجماعت نماز پڑھے سیاہ جوتا، سیاہ لباس یا ٹوپی استعمال نہ کرے۔ عامل پاک صاف رہے اس شیطانوں کے ٹولے کے لئے بہترین عمل یہ ہے کہ آیت الکرسی نماز فجر کے بعد **1100** بار پڑھیں اوّل و آخر سورۃ الناس **3** بار پڑھیں اپنے اوپر دم کریں اور اپنے گھر میں **3** دن برابر عصر اور مغرب کے درمیان لاحول ولاقوۃ الاباللہ العلی العظیم **500** بار اور اوّل و آخر سورۃ فلق **3** بار پھر **4** دن عامل اس خاندان یا اس بندہ کا علاج کرے جس پر شیطان کا ٹولہ قبضہ کیا ہوا ہو اس مکان میں عامل نماز فجر پر سورۃ بقرہ کی تلاوت کروائے پوری اور اُس گھر کے تمام افراد سے عامل ہر بندہ یعنی لاحول ولا قوۃ الا باللہ **500** بار پڑھے نماز عصر اور مغرب کے درمیان اور ہر نماز کے بعد عامل اُن یعنی گھر کے افراد یا اس بندے سے نماز عشاء میں سورۃ ماعون **90** بار پڑھیں اور ہر نماز کے بعد **3** بار آیت الکرسی اوّل و آخر اور اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم **1100** بار **90** دن تک اور حرمل لوبان کا بخور دیں اور کوئلہ بیری کی لکڑی کا ہو انشاء اللہ **7** دن کے اندر اندر ایسی روحانی ہوا چلے گی مکان کے چاروں کونوں سے ایک خوشبو آنے لگے گی گھر میں **50** دن بعد روشنی نمودار ہو جائے گی وہ اس عمل کی ہی ہو گی اور اسکی برکت سے شیطان ہمیشہ ہمیشہ کے لئے دفع ہو جائے گا۔ اس دوران عامل سورۃ بقرہ کی پوری سورۃ زعفران و عرق گلاب سے تحریر کر کے آب زم زم اور عرق گلاب میں ڈال کر تمام گھر والوں کو پلایا جائے **90** دن تک برابر ایک نقش دے رہا ہوں عامل باوضو ہو کر زعفران سے یہ نقش تیار کرے اور اس مکان میں لگایا جائے

جہاں شیطانوں کا ٹولہ ہو اس مکان کی اندرونی چوکھٹ پر لگائیں یہ نقش مبارک نام دیکھتے ہی شیطان کمزور ہو جائیں گے اور وہاں سے بھاگ جائیں گے یہی نقش گھر کے تمام افراد کے گلے میں عامل ڈلوائے سفید کپڑے میں اور یہی نقش عامل اپنے مکان اور ہجرے میں بھی لگائے اپنی حفاظت کے لئے انشاء اللہ تعالیٰ وہ مکان اور خاندان شیطانوں کے وسوسے سے پاک ہو جائے گا مجھے اُمید ہے کہ آپ قارئین محترم اس مضمون کو باخوبی سمجھ گئے ہوں گے یہ عمل صرف نوری عامل ہی کر سکتا ہے لہٰذا کالے عمل کرنے والے اس عمل کو نہ کریں عامل آیت الکرسی **1100** بار پڑھتا رہے تقریباً **92** دن یہ عمل اسکی جان و مال و اولاد گھر کی حفاظت کرے گا مجھے اپنی خاص و خاص دُعاؤں میں یاد رکھنا۔

مجرب عملیات

از تحریر: صوفی ظفر محمد کھوکھر، جھنگ (صدر)

عمل نمبر1:۔ مشکل پریشانی دُور کرے عزت بچائے یا سرکش جن کا مقابلہ کرنے کے لئے عمل مبارک

عبارت عمل:۔ بَسْطَلَعِ سَلْطِعِ بَسْلِطَقِ سَلْطِقِ تَهْكِرَانٍ بِحَقِّ اَرْقَاشِ شَمْلِيخِ لِيَاخٍ شَرَاهِيمٍ اُحْدَاعٍ تَتَلاً اَجِبْ يَاطَقَاطَقَا قَوَاشٍ اَنْزَلَ بِحَقِّ هٰذِهِ الْاَسْمَاءِ الَّذِىْ اَقْسَمْتُ عَلَيْكُمْ اَنْزَلَ يَا اَيُّهَا الْاَرْوَاحُ الرُّوْحَانِيَةِ بِالَّذِىْ هَدٰيكُمْ وَاَبْنٰكُمْ وَاِنَّهٗ لَقَسَمٌ لَّوْ تَعْلَمُوْنَ عَظِيْمٌ وَ اِنَّهٗ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَلَّا تَعْلُوْا عَلَيَّ وَ اْتُوْنِيْ مُسْلِمِيْنَ۔

طریقہ عمل:۔ جس دن عمل پڑھنا ہو اِن دن روزہ رکھیں افطار کھجور سے کریں پھر کھیر استعمال کریں دودھ والی زیتون آئل بھی استعمال کر سکتے ہیں اگر سالن استعمال کرنا ہو تو لیکن سبزی یا دال استعمال کر سکتے ہیں۔ رات بارہ بجے وضو کر کے نہا دھولیں تو زیادہ بہتر ہے علیحدہ کمرہ ہو جس میں کوئی سامان نہ ہو سامنے چراغ جلائیں گیارہ بار درود شریف پڑھیں پھر پانچ سو تینتیس بار (533) بار پڑھیں دیکھ کر بھی پڑھ سکتے ہیں نظر چراغ پر رکھ لیا کریں زبانی یاد ہو جائے تو نورٌ علیٰ نورٌ ہے چنبیلی کا تیل ڈال کر مٹی کا چراغ جلائی اگر وہیں سو جائیں تو زیادہ بہتر ہے۔ یا جہاں بھی جا کر سو سکتے ہیں اپنے مقصد کا خیال کر کے سوئیں عمل کے بعد دُعا بھی کریں یہ عمل تین دن کرنا ہے پرہیز ساتھ روز ساتھ تیسرے دن سامنے یا خواب میں کوئی ہستی سلام کرے گی عمل کر رہے ہیں تو اشارہ سے جواب دیکر ٹھہرنے کا اشارہ دیں عمل پورا کرنے کے بعد اپنی مشکل کے حل کی التجا کریں اس مشکل سے نکال دیں گھر میں جنات ہیں تو بتا دیں یہ گھر چھوڑ دیں یا تکلیف دینا چھوڑ دیں اپنا مطلب ہونے پر چھوڑ دیں جب ضرورت ہو گی دوبارہ اس طریقے پر عمل کریں گے آکر مقصد حل کر دیا کریں گے ایک کلو گوشت ویران جگہ پر ڈالنا یا غریبوں میں تقسیم کرنا لازمی ہوگا۔ کڑا احصار کرنا ہو تو کر سکتے ہیں نہ کریں تو کوئی حرج نہیں کوئی خطرہ نہیں ہے۔

عمل نمبر2:۔ بندش روزی فراخ کرنے بے اولاد کی بندش دُور کرنے والے حالات معلوم کرنے اس کے مؤکل کو تسخیر کرنے کے لئے مجرب عمل مبارک

عبارت عمل:۔ یا مُفَتِّحُ الْاَبْوَابِ وَ یَا مُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ وَ یَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ وَ الْاَبْصَارِ وَ یَاغِیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ وَ یَ دَلِیْلَ الْمُتَحَیِّرِیْنَ وَیَامُفَرِّحَ الْمَحْزُوْنِیْنَ اَغِثْنِیْ اَغِثْنِیْ اَغِثْنِیْ تَوَکَّلْتُ عَلَیْكَ یَا رَبِّیْ وَ فَوَّضْتُ اِلَیْكَ اَمْرِیْ یَارَبُّ یَارَبُّ یَا اللّٰہُ یَا بَاسِطُ یَارَزَّاقُ یَافَتَّاحُ یَا کَرِیْمُ۔

طریقہ عمل:۔ روزی فراخ ہونے کے لئے چارپائی کے دائیں پائیں پر بیٹھ کر منہ مشرق کی طرف ہو یعنی دائیں پیٹھ اس پائے پر ہو یہ عمل تین سو بار پڑھا کریں اوّل آخر درود شریف چند دن میں روزی فراخ ہوگی عقل دنگ ہو جائے گی روزی میں برکت بہت زیادہ ہو ویران جگہ گوشت ڈالنا اور بچوں میں شیرینی تقسیم کریں جب تک کریں گے مراد پوری رہے چھوڑ کر آہستہ آہستہ اثرات عمل ہوں گے۔

اولاد ہونے کے لئے عمل کا طریقہ:۔ اس طرح چارپائی کے دائیں سرہانے کے پائیں پر بیٹھ کر اپنے سامنے پانی رکھ کر دم کریں پہلے درود شریف دم پھر عمل پڑھ کر دم پھر درود شریف پڑھ کر دم کر کے دو حصے پانی کے کر کے میاں بیوی پی لیا کریں یہ طریقہ ماہواری ختم ہونے کے بعد نہا دھو کر کریں عورت بھی کر سکتی ہے جب جسم صاف نہ ہو تو مرد کر سکتا ہے پانی پر دم روزانہ کرنا ہو تو پانی پر دم اور آخر میں دُعا کر لیا کریں۔ اگر ہمیشہ ورد رکھیں گے ثواب کے علاوہ آنے والے حالات کا خواب میں پہلے پتہ چل جایا کرے گا۔

اور جلدی بڑھاپا نہیں آئے گا بیماری سے نجات رہے گی۔

عمل نمبر 3:۔ دولتمند بننے کے لئے منتر، کچھ لوگ منتروں کے بڑے شوقین ہوتے ہیں ان کے لئے تجربہ شدہ منتر جو زندگی کی مراد پوری کریگا وقت کا بادشاہ ہوسکتا ہے دولت میں۔

عبارت عمل:۔ چل رے بستر رام یا شیطان میرا کام کر اگر کام نہ کرے تیری ماں بہن کو تین طلاق ایک طلاق دو طلاق تین طلاق

طریقہ عمل:۔ دوپہر بارہ بجے زمین کو کچی مٹی سے جگہ پر گارہ بنا کر لیپ کر دو دوسرے دن جب خشک ہوجائے تو دن کے بارہ بجے چراغ کو روا جلا کر سامنے رکھے چاروں طرف اپنے سیندور چٹکی چٹکی زمین پر کچھ فاصلہ کے لگا دیں اس کے اندر بیٹھ کر عمل کو گیارہ سو بار پڑھیں یہ طریقہ چالیس دن کرے گوشت ہر قسم کا پرہیز عمل سے پہلے ویران جگہ گوشت اور کالے چنے ڈال دیں یہ کھلی جگہ میدان یا قبرستان یا علیحدہ گھر میں کرنا ہے گھوڑوں پر گدھوں پر سوار شیطان کی فون آئے گی چراغ میں دکھائی دے گی چراغ کے باہر بھی آسکتی ہے چیزوں سے ڈرنا نہیں ہے اس سے دولت لانے کا کہہ دیں جب ضرورت ہو پہنچا دیا کریں اگر ضد کرے تو کہہ دیں یہ عمل کرتا رہوں گا جب تک مسئلہ حل نہیں ہوگا آخر وہ ضد چھوڑ دے گا جب مطلب پورا ہوتا جائے چھوڑ دیں صدقہ دیتے رہیں اس کے شر فساد سے دُور رہیں گے کوئی چیز حاصل کرنے کے لئے کچھ دینا پڑتا ہے گل بغیر خار کے نہیں ملتا۔

عمل نمبر4:۔ حضور اکرم ﷺ سے روحانی رابطہ کے لئے عمل مبارک

ترکیب عمل عبارت:۔ نماز فجر پڑھنے کے بعد اکیس (21) بار سورۃ فاتحہ ہر بار بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے ساتھ پڑھیں پھر گیارہ بار درود شریف جو یاد ہو اسکے بعد گیارہ بار سورۃ اخلاص ہر بار بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ کے ساتھ پڑھنا ہے پھر دُعا مانگیں یا اللہ اس عمل کی برکت سے مجھے میرے رسول پاک ﷺ سے رابطہ عطا فرمادے آخر میں پھر ایک بار درود شریف پڑھ کر منہ پر ہاتھ پھیر لیں عمل مکمل ہوا یہ روزانہ کرنا ہوگا انشاء اللہ رابطہ نصیب ہوگا اُن کا کرم عطا ہوگا آپ کے وسیلے کے بغیر کوئی کام مکمل نہیں ہوتا قیامت والے دن اللہ پاک ہمارا حساب سرکار دو عالم ﷺ کے فرمانے پر شروع کریں گے اس سے بہتر اور کیا بتایا جائے۔

بقیہ فیضان الجفر (حروفِ صوامت)

سورۃ رعد:۔ اس سورۃ کے تینوں حروف صوامت کے ہیں۔ اعداد قمری 274 ہیں جمع کریں تو 13 بنتے ہیں کلام الٰہی میں یہ سورت نمبر 13 پر ہے۔

عامل:۔ جس شخص کے نام کے تمام حروف صوامت کے ہوں۔ ان کی زکات صوامت و اعمال صوامت کے اثرات زیادہ ظاہر ہوتے ہیں۔

شہر:۔ پاکستان کے ایسے شہر تلاش کریں جن کے سارے حروف صوامت کے ہوں۔ اس شہر میں حروف صوامت کی زکات دی جائے یا کوئی صوامت کا عمل کیا جائے تو اثرات زیادہ ظاہر ہوں گے۔ جیسے لاہور، سرگودھا، الہ داد، احمد وال، سوارہ، ملکوال، کلام، کموک، ارمارہ، کالو، اسکردو، گوادر، کسووال، لورا، سکھو، واہ، دادو، ہالا، سکھر، گھارو، کھوروا،، مورو، سامارو، ساکرو، وغیرہ

ملک:۔ جیسے روس، مصر، روم۔ وغیرہ

منازل قمری:۔ عوا، سماک، سعود، یہ منزلیں بے نقطے ہیں۔ اس میں حروف صوامت کا ہر عمل زیادہ اثرات ظاہر کرے گا۔

نچھتر:۔ مرگسرا، آدرا، مگھا، مولا۔ ان نچھتروں میں حروف صوامت والے اعمال کے اثرات زیادہ ظاہر ہوں گے۔

نوٹ:۔ حروف صوامت کے باقی خفیہ راز آئینہ قسمت کے آئندہ شماروں میں ملاحظہ فرمائیں۔

اقوالِ حضرت علی علیہ السلام

جو تمہیں خوشی کے موقع پر یاد آئے سمجھ لو کہ تم اُس سے محبت کرتے ہو اور جو تمہیں غم کی شدت میں یاد آئے تو سمجھ لو کہ وہ تم سے محبت کرتا ہے۔

فاتحہ برائے مرغوب حسن رضوی ولد مولانا ظہیر الحسنین رضوی

ملتمس دُعا ملک بلتستانی و اہل خانہ

از تحریر: سیّد قاسم علی نقوی البھاکری، سیالکوٹ

نظامِ خدا اور علم الاعداد

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ کے اعداد 786 ہیں۔ اگر 786 کو غور سے پڑھا جائے تو عجیب حقیقتیں سامنے آئیں گی 786 کو اگر الگ الگ پڑھا جائے تو 7-8-6 آئے گا۔ اگر ان کو کیمیا کے عناصر سے منسلک کر دیا جائے تو 7 ایٹمی نمبر ہے۔ Nitrogen کا۔ 8 ایٹمی نمبر ہے۔ Oxygen کا۔ 6 ایٹمی نمبر ہے۔ Carbon کا۔ اگر ان تینوں عناصر کو کسی بھی جاندار کے جسم سے نکال دیں تو وہ بے جان ہو جائے گا۔ حتیٰ کہ وہ کوئی Virus ہی کیوں نہ ہو۔ یعنی ان عناصر کے بغیر زندگی کا وجود ممکن ہی نہیں۔ اب (6+8+7) تو 21 آتا ہے اب اگر 21 الگ الگ پڑھیں تو 2 اور 1 آئے گا۔ 1 ایٹمی نمبر Hydrogen کا۔ 2 ایٹمی نمبر ہے۔ Helium کا۔ اب اگر ان دو عناصر ہیلیم اور ہائیڈروجن کو سورج سے نکال دیا جائے تو کائنات کھنڈر بن جائے گی۔ اور موت اور تاریکی کا بسیرا ہو جائے گا۔ اگر ہائیڈروجن کو پانی سے الگ کر دیا جائے تو زندگی کا وجود ممکن نہیں کیونکہ پانی زندگی کی اہم ضرورت ہے اگر ان اعداد کو جمع کیا جائے (2+1) 3 ایٹمی نمبر ہے لیتھم کا جو سب سے ہلکی دھات ہے۔ قدیم یونانی حکماء اپنے مریضوں کو مشورہ دیتے تھے کہ شفاء بخش کنوؤں Healing Wells سے جا کر غسل کرو اور ان کا پانی ایک خاص مقدار میں پیو ایسا کرنے سے مریض شفاء یاب ہوتے تھے۔ بیسویں صدی میں تحقیق نے ثابت کیا کہ اس پانی میں لیتھم کی مقدار سب سے زیادہ تھی۔

✷ تحقیق نمبر2 سورۃ الحدید

حدید= ح دی د (8+4+10+4)=26 چنانچہ حدید کے اعداد بنتے ہیں 26 اور اتفاق سے حدید "لوہا" یا آئرن (Iron/Ferium) کا ایٹمی نمبر بھی 26 ہے غرض تحقیق سے بے شمار اسرار سے پردہ اُٹھتا ہے۔ اور ہم قرآن مجید کو صحیح طرح سے پڑھیں اور اس پر عمل کریں تو زندگی کے ہر شعبے میں انقلاب آسکتا ہے۔ قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے "سوچو سمجھو اور غور کرو اور غور کرنے والوں کے لئے بڑی نشانیاں ہیں۔

✷ علوم وایجادات القرآن

علوم القرآن، علم، اصول، الفقہ۔ سورۃ النساء آیت نمبر 83

"علمِ الفقہ" سورۃ بقرہ آیت نمبر 43

✷ **علمِ التاریخ:** سورۃ ابراہیم آیت نمبر 5

✷ **علمِ الحکائیت:** سورۃ الاعراف آیت نمبر 176

✷ **علمِ الاوقات:** سورۃ بقرہ آیت نمبر 183

✷ **علمِ المقاویر:** سورۃ القمر آیت نمبر 49

✷ **علمِ الادویہ:** سورۃ النحل آیت نمبر 69

✷ **علمِ الحکمت:** سورۃ آل عمران آیت نمبر 49

✷ **علمِ العمارت:** سورۃ مومن آیت نمبر 36

✷ **علمِ زراعت:** سورۃ واقعہ آیت نمبر 63

✷ **علمِ الاعداد:** سورۃ جن آیت نمبر 28

✷ **علمِ الکتابت:** سورۃ علق آیت نمبر 4

✷ **علمِ الخطابت:** سورۃ الرحمٰن آیت نمبر 4

✷ ایجادات قرآن

✷ **ہوائی جہاز:** سورۃ سباء آیت نمبر 12

✷ **بحری جہاز:** سورۃ بقرہ آیت نمبر 164

✷ **آبدوز:** سورۃ فصلت آیت نمبر 142

✷ **ریڈیو:** سورۃ حج آیت نمبر 28

✷ **ٹیپ ریکارڈر:** سورۃ بنی اسرائیل آیت نمبر 44

✷ **تسخیر آفتاب وقبضہ قمر:** سورۃ ابراہیم آیت نمبر 33

✷ **خلائی سفر:** سورۃ انشقاق آیت نمبر 19

✷ **میزائیل:** سورۃ ملک آیت نمبر 5

✷ **ایکس ریز:** سورۃ ق آیت نمبر 22

✷ **ایٹم بم:** سورۃ فیل آیت نمبر 4

انسانی جسم اور ساخت

✷ **انسانی جسم کی رگیں (وینز)** بہتر ہزار کلو میٹر (72000 Km) لمبی ہیں دُنیا کا بڑے سے بڑا واٹر پمپ بھی سات ہزار فٹ تک پانی دے سکتا ہے۔ لیکن اللہ تعالیٰ نے چھوٹا سا دل لگا دیا جو پورے جسم کی بہتر ہزار (72000) کلومیٹر رگوں کو خون فراہم کرتا ہے۔ انسانی آنکھ میں پندرہ کروڑ بلب نصب ہیں جنھیں جلانے کے لئے 15 لاکھ تاروں کی ضرورت ہوتی ہے۔ دُنیا کا بڑے سے بڑا کیمرہ بھی اتنا صاف نہیں دیکھ سکتا جتنا انسانی آنکھ دیکھ سکتی ہے۔ انسان کا دماغ اربوں چھوٹی بڑی وینز کو ایک وقت میں قابو کر سکتا ہے۔ انسان کا دل پورے جسم کو خون کی گردش کو قابو کرتا ہے سانس لینے کا عمل موت کے وقت رُکتا ہے نبض مسلسل چلتی اور موت آنے پر رُکتی ہے۔ اگر انسان خلا میں روشنی کی رفتار سے سفر کرے تو وقت رُک جائے گا۔

انسان کے جسم میں کل 206 ہڈیاں ہیں انسان کے جسم میں چھوٹے بڑے سب ملا کر 360 جوڑ ہیں اگر انسانی جسم میں (Acids) نہ ہوں جو کھانا ہضم کرتے ہیں تو کھانا ہضم نہ ہو۔ اگر انسان کے ناک میں بال نہ ہوں جو گرد روکتے ہیں تو انسان کے پھیپھڑے 3 دن میں ختم ہو جائیں اگر کوئی دے کا مریض ہو جائے تو سانس نہ لے پائے گا۔

اللہ تعالیٰ قرآن مجید میں سوال کرتا ہے:

فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ۝

ترجمہ: ”تو تم اپنے رب کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے۔“

(مؤلف کی ذاتی کتاب قرآن زندہ معجزہ سے اقتباس)

رحمکاریہ جفر

طلسماتی بندشیں (حصہ دوئم)

ازتحریر: سیّد شعیب الرحمٰن شاہ، ایبٹ آباد

آج کل کے دور میں ہر دوسرا تیسرا آدمی بدنظری کا شکار ہوتا ہے ہر دوسری عورت، لڑکی بندش کا شکار ہے ہر وقت اس کی صحت خراب رہتی ہے یا کسی کی محبت میں مبتلا ہوتی ہے۔ کاروبار کی بندش ہو جاتی ہے، ستاروں کی نحوست کی بندش ہو جاتی ہے، اس بندش کو کھولنے کے لئے ایک طلسماتی مندرہ لکھتا ہوں عمل مندرجہ ذیل ہے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم، یا الٰہی کھول جا یا الٰہی کھول جا بحق حضرت خواجہ خضرؑ کھول جا حضرت الیاسؑ کھول جا یا خالص یا مخلص یا اخلاص بحق خضرؑ والیاسؑ کھول جا تمام جادو ٹونہ، پری، بھوت، چڑیل، ہمزاد کی بندشیں کھول جا بحق یا حی یا قیوم کھول جا یہ عمل روزانہ دو چلوں تک (226) مرتبہ پڑھیں بعد میں روزانہ تین مرتبہ پڑھا کریں۔ اس سے ہر قسم کی بندش ٹوٹ جاتی ہے۔ چاہے روحانی ہو یا جسمانی۔

آخر میں مجھ گنہگار سیّد شعیب الرحمٰن شاہ اور میرے صاحبزادے سیّد محمد ابوعبداللہ شاہ اور ادارہ آئینہ قسمت کے بزرگوں کے لئے دُعائے خیر فرمائیں۔

لوح تحفظ کائنات اکبر

یہ نقش جب زہرہ قمر تثلیث کی نظر قائم ہو تو تیار کر کے اپنے پاس رکھیں۔

اللہ اللہ لہ ھو محمد
احمد حامد محمود
وھاب داعٌ
مّاح
قائم عاقب
حق کریم رزاق باسط
عاقب باسط
ستار واسع
داعٌ مصّور
فتّاحٌ غفار
مّاح فتاح غفار
ستار مصّور
ربطق

اِسم اعظم

اِسم اعظم سے مراد اللہ تعالیٰ کا وہ صفاتی یا ذاتی نام ہے جسے پڑھنے سے اللہ تعالیٰ ہر لحاظ سے مالا مال کر دیتا ہے۔ پڑھنے والے کا خصوصی تعلق اللہ تعالیٰ سے ہو جاتا ہے۔ معرفت کے دروازے کھلتے ہیں۔ وہ اپنے ربّ سے اِسم اعظم کی بدولت جو کچھ مانگتا ہے اسے اِسم اعظم کے صدقے میں ہر دُعا قبول ہوتی ہے۔ وہ اس کا خاص بندہ بن جاتا ہے نہ ختم ہونے والی عزت، دولت اور شہرت ملتی ہے۔ گویا کہ اِسم اعظم ہر کام کی کنجی ہے۔

حاجات اور ضروریات کے لئے مناسب اِسم الٰہی کا استخراج ہی وہ کام ہے جس سے دنیاوی حاجات پوری ہوتی ہیں اور روحانی مدارج طے ہوتے ہیں۔ جو موافقت اِسم اعظم سے ہو وہ مثل سَیف قاطع او برق ساطع ہوتے ہیں۔ اس کے ذریعے سے بحکم الٰہی جلد مراد حاصل ہوتی ہے۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں فرمایا ہے ''وَ اللّٰہُ الْاَسماء الحُسنٰی فَادعُو بِہَا'' یعنی اللہ کے اسمائے حسنٰی کے ذریعے دُعا مانگا کرو۔ جب انسان ایسے اس کے واسطے سے دُعا کر لے جو اِسم مطلوب ہے تو وہ جلد قبول ہوگی۔ ہر اسم اپنے اندر ایک خاص صفت رکھتا ہے اور اللہ پاک کی اس صفت کے واسطے سے دُعا کرنا خاص متخرجہ اِسم کے واسطے سے دُعا کرنا ہی مناسب ہے۔ طریقہ اِسم اعظم مناسب اور موافق اپنے نام کا حاصل کرنا۔ طریقہ جفر کے مطابق حرف ''مستوی۔ حرف دلیلی حرف سری کے مطابق اِسم ہو اور اس کا ورد کیا جائے اس کے ذریعے سے دُعا مانگی جائے تو جلد قبول ہوتی ہے اگر ایک اِسم نہ ملے تو دو یا تین کا استخراج کر کے ورد کرنا چاہئے تا کہ ان کی برکت سے ہر کام تسخیر کا ہو۔ یا حصول مراد کا یا دفع بلا کا یا کسی بھی قسم کا مقصد حاصل ہوگا۔

طریقہ:۔ اپنے نام یا کام یا حصول مقصد سے تین حروف استخراج کر کے ان کے مطابق اِسم الٰہی نکالا جائے اور ورد کیا جائے۔ ہر مقصد آسان ہوگا۔ عدد کے مطابق اِسم کا پڑھنا ضروری شرط ہے۔ نہ کم نہ زیادہ

مثال:۔ اسم محمد ہے۔ قاعدہ کے مطابق تین حرف ''م ح ذ'' اس سے برآمد ہوئے اِسم الٰہی یا مغنی کے جب حرف استخراج کئے تو ''م ح ذ'' نکلے پس یہ اِسم موافق طبع باطن کے نکالا عدد اس کے ''1100'' ہیں لہٰذا جب صاحب نام اس اِسم ''مغنی'' کو تعداد کے مطابق پڑھنا شروع کرے گا تو وہ جلد غنی ہو جائے گا۔ اس کے علاوہ اگر وہ کوئی اسم ورد کرے گا تو اس سے اس قدر جلد فیضیاب نہ ہو سکے گا جس قدر کہ ''یا مغنی'' کے۔

''اس قاعدہ کی تصریح اس طرح ہے''

1:۔ ہر ایک اِسم یا نام کا پہلا حرف ''مستوی'' کہلاتا ہے اور جب اس اِسم کے اعداد کو منازل قمر کے اعداد پر تقسیم کئے جائیں اور باقی اعداد کو ابجد پر تقسیم کیا جائے تو وہ تعداد جس پر حرف ختم ہوگی وہ حرف ''دلیلی'' ہوگا۔ پھر دلیلی کے اعداد کو 28 پر تقسیم کریں تو جو باقی رہے گا اُس حرف کو ابجد پر تقسیم کریں جس حرف پر منتہی ہوگا تو وہ حرف ''سری'' ہوگا۔

مثال سے وضاحت کرتا ہوں:۔

1:۔ اِسم ''احمد'' کا حرف ''ا'' مستوی ہوگا۔

2:۔ احمد کے عدد 53 کو 28 پر تقسیم کیا باقی 25 بچے 25 واں حرف ''ذ'' ہے لہٰذا ''ذ'' دلیلی ہوا۔

3:۔ ''ذ'' کے 700 عدد ہیں 700 کو 28 پر تقسیم کیا تو باقی صفر بچا ہم

اسے 28 ہی لیں گے حرف "غ" سری نکلا۔

دوسری مثال پیش کرتا ہوں:۔

اِسم "محمدؐ"

1:۔ "م" حرف مستوی ہوا۔

2:۔ "محمدؐ" کے اعداد 92 کو 28 پر تقسیم کیا باقی 8 بچے آٹھواں حرف "ح" ہے حرف "ح" دلیلی ہوا۔

3:۔ چونکہ 8 کا عدد 28 پر تقسیم نہیں ہوسکتا اس لئے 28 سے تفریق کیا باقی 20 بچے 20 واں حرف "ز" سری ہوگا۔

پس اِسم محمد ﷺ کے حرف باطن "م ح ز" نکلے۔ اس قاعدہ سے فائدہ اُٹھانے کے لئے آنے والے جدول پر نظر کریں۔ اور اِن تینوں حرفوں کے اعداد کے موافق اِسم الٰہی نکالیں۔ یعنی ایسا اِسم لوجس سے یہی تین حرف پیدا ہوں۔ اگر ایسا اِسم نہ ملے تو دو یا تین اِسموں کو ملا کر یہی تین حرف پیدا کریں جن اسماء سے وہی تین حرف جو تمہارے نام سے نکلے ہیں۔ ان اسماء کو تقویٰ طہارت سے اور خلوص نیت سے پڑھیں۔ اس قاعدے کے مطابق آیات اور سورتوں کے اعداد مستوی، دلیلی اور سری کے موافق قاعدہ نکال کر ان کے اسمائے باطن نکال سکتے ہیں۔ جس سورۃ کے اعداد آپ کے نام کے موافق ہوں گے یعنی حروف باطن یکساں ہونگے۔ وہی آپ کے لئے مناسب ہوگی اور اِسم اعظم کا کام دے گی۔

مثلاً:۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ کے عدد 786 اور حروف باطن "ب ب ض"

سَلَامٌ قولاً مِنۡ رَّبٍّ رَّحِیۡم ط۔ کے اعداد 818 اور حروف باطن "س و ت"

اسی طرح دیگر آیات وسورتوں کے اعداد نکال کر استخراج کرنا چاہئے۔

چند اسمائے الٰہی کے حروف باطن نکالے گئے ہیں۔ اگر آپ کے نام کا حرف اِن میں نہ ملے تو باقی اسماء خود نکال لیں محنت کرنا پڑے گی۔ محنت اور ریاضت کے بعد کامیابی مل جائے تو سمجھ لیں بہت بڑا خزانہ ہاتھ آ گیا ہے۔

جدول بقاعدہ جفر اسمائے الٰہی معہ حروف باطن اور اعداد ابجد

"جدول بقاعدہ جفر"

اسمائے الٰھی	اعداد	حروف باطن
اللہ	66	ا ی ص
رحمٰن	298	ر ص و
رحیم	258	ر و ت
ملک	90	م و ت
قدوس	170	ق ب ض
سلام	131	س ق ع
مومن	136	م خ ل
مھیمن	145	م و ث
عزیز	94	ع ی ص
جبار	206	ج ی ص
متکبر	662	م ص و
خالق	731	خ ج ذ
باری	213	ب ف خ
خافض	1481	خ ا غ
مُصّوِرُ	336	م غ ر
غفار	1281	غ ش ر
قھار	306	ق ض ع
وھاب	14	و ن ت
رزاق	308	ر خ ر
فَتَّاحُ	489	ف م ل
علیم	150	ع ی ص
قابض	903	ق ز ش
باسط	72	ب ع ن
رافع	351	ا س د
معز	117	م ھ ث
مذل	770	م ع ن
سمیع	180	س ل ب
بصیر	302	ب ت ح
حکم	68	ح ل ب
عدل	114	ع ر د
لطیف	129	ل ف ح

خبیر	812	خ غ ر
حلیم	88	ح و خ
عظیم	1020	ع ل ب
غفور	1286	غ ض ح
شکور	526	ش ت ح
علی	110	غ ض ع
کبیر	232	ک ح ر
حفیظ	998	ع ص د
مقیت	550	م ص و
حبیب	80	ح خ ل
باعث	573	ب م ل
جلیل	73	ج ف خ
رقیب	312	ر و خ
واسع	137	و د خ
ودود	20	و ر د
شہید	319	ش ک ح
وکیل	66	و ی ص
متین	500	م خ ل
مجید	57	م اط
احد	13	ا م ل
قادر	305	ق ذ غ
مقدم	184	م ع ن
اول	37	اط ق
ظاہر	1106	ظ ن ت
والی	47	و ق ع
برو	202	ب و ت
مُنعِمُ	200	م و ح
رؤف	286	ر و ت
ذوالجلال والاکرام	1100	ذ ح ر
مقسط	209	م م ل

غنی	1060	غ خ ل
ضار	1001	ض ش ر
نور	256	ن و خ
بدیع	86	ب ب ض
موارث	707	و ز ش
صبور	298	ص ص و
کریم	270	ک ص و
مجیب	55	م ظ و
حکیم	78	ح ت ح
حمید	62	ح و ت
حق	108	ح خ ل
قوی	116	ق ف ک
ولی	46	و ص و
واحد	19	و ق ع
صمد	134	ص ت ح
مقتدر	744	م ع ل
مؤخرُ	846	م و ت
آخر	801	ا ف خ
باطن	62	ب و ت
متعال	551	م ق ع
تواب	409	ت ف ح
عضو	156	ع ع ن
مالِك ملك	212	م ع ن
جامع	114	ج ب ض
مغنی	1100	م ح ر
نافع	201	ت و ش
ہادی	20	ھ ر ح
باقی	113	ب اط
رشید	814	ر ی ص

آج کا دِن کیسا گذرے گا؟

”کے متعلق جانیئے“

از تحریر: ایس۔اے شہزاد، پشاور

روزانہ کے حالات زندگی معلوم کرنے کے لئے عدد قسمت یعنی تاریخ پیدائش کے مفرد عدد میں مطلوبہ سال ماہ اور دن کے عدد کا مفرد عدد جمع کریں حاصل نمبر مطلوبہ تاریخ کے بارے میں رہنمائی کرے گا۔ مثلاً ایک شخص کی تاریخ پیدائش 12 نومبر 1979ء ہے اور اُس کے 6 اگست 2018ء کے حالات معلوم کرنے میں کہ اس کا یہ دن کیسا گذرے گا؟ تو طریقہ یہ ہے کہ تاریخ پیدائش 1979-11-2-

1+2+1+1+1+9+7+9 =31= 1+3 =4 مطلوبہ تاریخ:۔

2018-8-6-8-1+0+2+8+6 =23= 2+3 =5

تاریخ پیدائش اور مطلوبہ تاریخ کے عدد کو جمع کیا۔ 4+5 =9 یعنی اس شخص کے لئے 6 اگست 2018ء کا حاکم عدد 9 ہے۔ اس کے اس دن کے حالات عدد 9 کے مطابق ہوں گے۔ عدد 1 یہ دن کسی نئے کام کرنے کیلئے سعد ہے۔ نوکری اور روزگار کے لئے درخواست یا انٹرویو دینے کیلئے بہتر ہے ہر کام میں کامیابی ملے، گھریلو اشیا کے فروخت کے لئے بہتر وقت ہے، عزت و مرتبہ میں اضافہ ہو، صحت بہتر ہو۔

عدد 2:۔ قوت خیال ہمدردی صلح صفائی کیلئے نیک ہے ازدواجی مسرت ملے شادی یا رومانس کیلئے بہتر ہے نئے دوست بنے، انعامی اسکیموں میں فائدہ پہنچ سکتا ہے، سفر کیلئے اچھا وقت ہے، کوئی اچھی خبر ملے۔

عدد 3:۔ صلح جوئی، خوش مزاجی کے لئے مفید ہے بڑے آدمیوں سے ملاقات کی جائے تو بہتر ہے، محبت اور رومانس حاصل ہو، صحت بہتر ہو، گھریلو خوشی ملے، حصول دولت کے کاموں میں رکاوٹ رہیں، کام کا بوجھ اور زیادتی ہو، ہمت سے کام لے تو طبیعت فیاض ہو۔

عدد 4:۔ غیر متوقع اور بمعہ روزگار اور خراب خبریں سننے کو ملیں، مصیبت سے بچ نکلنے کی کوشش کریں اور آپ خود بھی کسی سے فراڈ نہ کریں ورنہ نقصان ہوگا۔

عدد 5:۔ یہ دن گفت وشنید، خط و کتابت، تفسیر و تبدیل، سفر مصدی اور مہلک کام کرنے کیلئے مفید ہے، دلی خواہش پوری ہوسکتی ہے، نفسیاتی وجنسی خواہش کی شدت ظاہر ہوتی ہے عیش وعشرت کا موقع میسر آسکتا ہے تبدیلی ظاہر ہوتی ہے۔

عدد 6:۔ صنعتی کاموں کی طرف توجہ دینا، جانچ پڑتال کرنا اور خیالات کو درست کرنے کے لئے مفید ہے۔ گھریلو فرائض میں اضافہ ہو بحث ومباحثہ سے پرہیز کریں، رشتہ مانگنے کے لئے موزوں دن ہے، لڑائی جھگڑوں، صحت خراب رہے گی۔

عدد 7:۔ صبر و تحمل سے کام لینے کا وقت ہے جلد بازی نقصان دہ ثابت ہوگی محتاط رہنے کا وقت ہے۔ روحانی عمل کا بہتر وقت ہے، البتہ کوئی دُنیاوی کام یا سفر نہ کریں خوراک کا خیال رکھیں، مشورہ کے بغیر کوئی نیا کام شروع نہ کریں۔

عدد 8:۔ ترقی کرنے اور تعمیری کام کرنا قوت ارادی کو استعمال میں لانے کے لئے بہترین دن ہے، مخفی علوم سے تعلق پیدا کرنے کسی بزرگ روحانی سے رابطہ کرنے کا دن ہے، اچھا اور بہتر دن ثابت ہوگا مگر سخت محنت اور کوشش کی ضرورت ہے۔

عدد 9:۔ اس دن خواہشات زیادہ ہوجاتی ہیں مگر اپنے اوپر قابو رکھیں۔ لڑائی جھگڑے سے پرہیز کریں ورنہ مقدمہ ہوسکتا ہے، اچانک راہ چلتے کوئی حادثہ یا چوری ہوسکتی ہے، صحت کام عاملہ خراب ہوسکتا ہے، خوراک میں احتیاط رکھیں، کاروباری معاملات میں بحث ومباحثہ سے پرہیز کریں، سخت دن ہے۔

طلسمات عقاقیر

از تحریر: سجاد حسین جعفری، سرگودھا

اللہ تعالیٰ قرآن پاک میں ارشاد فرماتا ہے:

وَيُسْقَوْنَ فِيهَا كَأْسًا كَانَ مِزَاجُهَا زَنْجَبِيلًا ۝

ترجمہ:۔ اور وہاں ان کو ایسی شراب پلائی جائے گی جس میں ادرک کی آمیزش ہوگی۔ (سورۃ دہر آیت 17)

یعنی جنتی لوگوں کو نعمت کے طور پر ادرک ملی ہوئی یا ادرک کے ذائقے والی شراب پلائی جائے گی اسکے برعکس دوزخیوں کے بارے میں اللہ تعالیٰ قرآن پاک میں فرماتا ہے:۔

لَآكِلُونَ مِن شَجَرٍ مِّن زَقُّومٍ ۝ فَمَالِئُونَ مِنْهَا الْبُطُونَ ۝

ترجمہ:۔ تم تھویر کے درخت کھاؤ گے اور اس سے پیٹ بھرو گے۔

(سورۃ واقعہ آیت 52-53)

اللہ تعالیٰ نے قرآن پاک میں جن نباتات کا ذکر کیا ہے ان میں انار، انگور، ادرک، سدرہ (بیری) پیاز، کدو، کھجور، کھیرا اور ککڑی، لہسن، مسور، التین (انجیر) زیتون، شہد، کافور، حنا وغیرہ شامل ہیں۔

اللہ تعالیٰ نے ان نباتات میں نوع انسانی کے لئے شفائی اثرات رکھے ہیں۔ ایک شخص نے امام علیؑ سے اولاد نہ ہونے کی شکایت کی آپ نے فرمایا پیاز انڈے کے ساتھ کھایا کرو، امام جعفر صادقؑ سے روایت مروی ہے کہ ہر انار میں جنت کا ایک دانہ ہوتا ہے۔

تاریخ سحر کا مطالعہ کیا جائے تو یہی نتیجہ نکلتا ہے کہ ساحر اور جادوگر کسی طرح ان جڑی بوٹیوں کے طلسماتی اثرات سے واقف ہو گئے تھے اسلئے جب وہ لوگوں کا روحانی علاج کرتے تھے تو ان جڑی بوٹیوں کو بھی استعمال کرتے تھے لوگوں کو اُلو بنانے کیلئے اور اپنی مذہبی بادشاہت قائم کرنے کے لئے اپنے اعمال کو دیوی دیوتاؤں سے منسوب کرتے تھے تا کہ کہیں عوام ان جڑی بوٹیوں کے کرشمات سے آگاہ ہو کر خود علاج کرنے نہ لگ جائیں۔

اسی طرح ہندوستان کے سادھوؤں اور سنیاسیوں کو مسیحائی قوت کا دارومدار بھی انہی جڑی بوٹیوں کی واقفیت پر تھا۔ سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ لوگوں کو ان نباتات کے طلسمات و شفائی اثرات کا علم کیسے ہوا۔ مشہور نظریہ یہی ہے کہ لوگوں ان بوٹیوں پر تجربات کرتے تھے اور اپنے تجربات آنیوالی نسلوں تک منتقل کرتے تھے یہ نظریہ جزوی طور پر ٹھیک ہے۔ علوم اہل بیتؑ پر مشتمل کتاب توحید آلائمہ میں حدیث اھلیلج (ہلیلہ یا ہریر) موجود ہے یہ یک مناظرہ کی روداد ہے جو امام جعفر صادقؑ نے ہندوستان کے ایک طبیب سے اس موضوع پہ کیا کہ انسان کو ان جڑی بوٹیوں کے اثرات کا علم کیسے ہوا۔ امام جعفر صادقؑ نے عقلی فکری اور فلسفیانہ دلیلوں سے ثابت کیا ہے کہ ان اشیاء کا علم لوگوں کو انبیاء و آئمہ اطہار کی تعلیمات کی بدولت ہوا۔ تفصیل کے لئے یہ مناظرہ پڑھا جا سکتا ہے۔ شعبہ طبیب بوعلی سینا نے اپنی کتب میں آئمہ اطہار سے سیکھے ہوئے طبی اصول و مبادیات کو درج کیا ہے۔

طلسمات زعفران

علامہ قزوینی اپنی مشہور و معروف تصنیف عجائب المخلوقات میں تحریر فرماتے ہیں: زعفران ہنسی لاتا ہے جو شخص کھائے اس پر ہنسی غلبہ کرے شیخ الرئیس کہتے ہیں خواب لاتا ہے بلیناس کہتے ہیں جس عورت کو ولادت دشوار ہو دس درم زعفران اس کے ہاتھ میں دیا جائے کم و بیش نہ ہو تو اسی وقت وضع حمل کرے۔ زہر کا اثر زائل کرنے والی بوٹی۔ (عجائب المخلوقات اُردو)

حکیم محمد عبداللہ تحریر فرماتے ہیں۔

ایک امیر آدمی جنگل میں کوٹھی تعمیر کرا رہا تھا مگر رات کے وقت بندر آ کر تعمیر شدہ دیوار گرا جاتے تھے امیر آدمی نے بہت سا سم الفار باریک پیس کر کھیر میں ملا کر رکھ دیا اور خود کونے میں چھپ کر دیکھنے لگا بندر کھیر کو سونگھ کر علیحدہ ہو بیٹھے آخر ایک بندر اُٹھا اور جنگل سے ایک درخت کا سبز ڈنڈا لایا اور کھیر میں پھرا دیا اور پھر کھیر کھانے لگ گیا سب بندر کھیر کھا گئے ان پر زہر کا کوئی اثر نہ ہوا وہ صاحب حیران ہوئے انہوں نے جا کر دیکھا تو وہ ڈنڈا ارنڈ کا تھا اس کے بعد کئی زہر کھائے ہوئے آدمیوں پر تجربہ کیا گیا ارنڈ کے پتوں سے انہیں صحت ہوتی رہی۔ (پاکستان وہندوستان کی جڑی بوٹیاں، حکیم عبداللہ)

ہاتھا جوڑی بُوٹی کا طلسم

ہاتھا جوڑی بُوٹی جسے فارسی میں پنجہ مریم کہا جاتا ہے ہاتھ سے مشابہ ہوتی ہے اس کے متعلق یہ مشہور ہے کہ اگر اسے پانی میں گھس کر کسی شخص کے جسم پر لگائیں تو وہ لگانے والے کا مطیع وفرمانبردار ہو جاتا ہے۔ (کتاب المفردات حکیم مظفر اعوان)

پتھر پھوڑی بُوٹی کا طلسم

اسے اردو میں پتھر چٹ کہا جاتا ہے ویدوں میں لکھا ہے پکھان بید پتھروں کو توڑ کر اُگ آتی ہے اسلئے بعض مصنفین پتھر پھوڑی کو پکھان بید سمجھتے ہیں یہ صحیح نہیں ہے البتہ پتھر پھوڑی کے پتے پانی میں پیس کر مصری ملا کر پلاتے ہیں گردہ اور مثانہ کی پتھری کو خارج کر دیتی ہے۔ (کتاب المفردات حکیم مظفر اعوان)

عود بلسان

انطا کی نے عیسائیوں کی کتب سے نقل کیا ہے کہ جب حضرت مریمؑ اور ان کے بیٹے مسیحؑ بھاگ کر مطریہ میں آئے اور وہاں ایک کنویں کے پاس ٹھہر کر کپڑوں کو دھو کر پانی پھینکا تو یہ درخت اُگ گیا اسلئے عیسائی اس کی تعظیم کرتے ہیں اس کے کاڑھے میں عورت کو بٹھانے سے بانجھ پن دفع ہو جاتا ہے۔
(کتاب المفردات حکیم مظفر اعوان)

پیٹ میں لڑکا یا لڑکی

انسان قدرت حق کو دیکھ کر حیران رہ جاتا ہے کہ جب لاجونتی (شرمیلی بُوٹی) کو مرد ہاتھ لگاتا ہے تو وہ مرجھانے لگتی ہے اور جونہی اس کے پودے سے ہاتھ کو دُور کیا جاتا ہے تو پھر اپنی تروتازگی پہ آجاتی ہے۔ اسی بناء پر اس کو چھوئی موئی لجالو اور شرم بوٹی کہتے ہیں یعنی مرد کے ہاتھ لگانے سے شرمانے والی بُوٹی اور یہی اس کی پہچان ہے میں اکثر حاملہ عورتوں کو "پیٹ میں لڑکا یا لڑکی" کی شناخت کیلئے لاجونتی بُوٹی کو چھونے کی ہدایت کرتا ہوں اگر حاملہ کے ہاتھ لگانے سے بُوٹی مرجھائے تو اس کے پیٹ سے ہونے والا بچہ ہوگا اگر نہ مرجھائے تو لڑکی ہوگی اور یہ تجربہ کامیاب رہا ہے میرے نظریہ کے مطابق لاجونتی سب سے زیادہ افضل ہے جو مرد کے پاؤں یا لڑکے کے حمل والی عورت کے پاؤں کی آہٹ سے سکڑ جائے اور ہاتھ لگانے کی نوبت بھی نہ آئے۔ (پاکستان وہندوستان کی جڑی بوٹیوں کا انسائیکلوپیڈیا، ڈاکٹر ہری چند ملتانی، جلد اوّل)

ہاتھوں میں تاثیر مسیحائی

آم کا پھول جب پہلے پہل دیکھیں تو اس کو توڑ کر ہاتھوں میں اچھی طرح مسل دیں اس کا اثر سال بھر رہے گا اگر کسی کو بھڑ یا بچھو وغیرہ زہریلے جانور نے کاٹا ہو تو اس جگہ تین بار ہاتھ پھیرنے سے تکلیف دور ہو جائے گی پھول کو بھی بچھو یا بھڑ کے ڈنگ والی جگہ پر ملنے سے فوراً درد کافور ہو جائیگا۔ (پاکستان وہندوستان کی جڑی بوٹیوں کا انسائیکلوپیڈیا، مکتبہ دانیال)

انکول بوٹی کے قدرتی معجزات

انکول نام کا درخت پیپل کی طرح سوائے ہندوستان کے کسی اور ملک میں پیدا نہیں ہوتا یہ بوٹی اپنے اندر ایسے عجیب وغریب طبی خواص اور قدرتی معجزات لئے ہوئے ہے کہ انسان جنہیں دیکھ کر انگشت بدنداں ہو جاتے ہیں۔ لفظ "انکول" آنکلا سے نکلا ہے جس کے معنی ہی حیران کرنے والا اس بُوٹی کے طبی خواص انسانی عقل و دانش پر اپنے حیران کن تاثرات چھوڑ کر معجزہ قدرت دکھائے ہی آپ نے اکثر مداریوں اور بازیگروں کو لوگوں کے جم غفیر میں کھیل تماشے کرتے دیکھا ہوگا کہ یہ لوگ تماشائیوں کو آم کی سوکھی گھٹلی دکھا کر اور اس پر پانی چھڑک کر آن کی آن میں آم کا ایک ہرا بھرا پودا پیدا کرتے اور ہتھیلی پر سرسوں جما کر محوِ حیرت کر دیتے ہیں ایسے جادوگر اپنے مجمع میں تماشائیوں کے رُو برو لکڑی کے کھڑاؤں پر پاؤں رکھ کر بغیر کسی کھونٹی یا کسی سہارے کے چلنے لگتے ہیں کبھی آپ نے سوچا ہے اس چُھومنتر کا راز کیا ہے یہ مداری یا بازیگر لوگ انکول کے بیجوں کے تیل میں آم کی سوختہ گھٹلی یا سرسوں کے خشک دانے تر کر کے

اپنے پاس رکھتے ہیں اور ضرورت کے وقت مجمع کے سامنے آم کی گٹھلی یا سرسوں کے دانوں پر پانی کے چھینٹوں سے تر کر کے پلک جھپکتے ہیں لہلہاتا پودا نمودار کرنے میں کامیاب ہو جاتے ہیں۔ یہ ہندوستانی انکول ہی کا معجزہ ہے۔

(پاکستان و ہندوستان کی جڑی بوٹیاں، جلد 6)

عسر ولادت

عسر ولادت کیلئے اونٹ کٹارا کی جڑ پیس کر پیٹ پر لیپ کریں بچہ بآسانی پیدا ہوگا یا اس کی جڑ چھال چھ ماشہ پانی میں جوش دے کر پلائیں۔ (پاکستان و ہندوستان کی جڑی بوٹیوں کا انسائیکلو پیڈیا، جلد اوّل)

زہریلا بچھو پکڑنا

پٹھکنڈہ جس کا دوسرا نام چرچٹہ ہے اس کی جڑ ہاتھ میں لے کر زہریلے سے زہریلا بچھو پکڑ لیجئے مگر وہ ڈنگ نہ مار سکے گا یہ بالکل درست ہے مگر جڑ کو تین بار مولی کے پانی میں بھگو لیں پنڈت ٹھاکرات شرما۔ (جڑی بوٹیاں اور ان کے عجیب وغریب فوائد، مطبوعات سلیمانی)

دودھ میں پانی چیک کرنے کا دیسی لیکٹومیٹر

جوار کے خشک پودوں کو چھیل لیں اس طرح چھیلیں جس طرح تازہ جوار کے گنے کا چھلکا اُتارا جاتا ہے بس اسی طرح خشک جوار کے پھرڑوں کو چھیل کر پوریاں کاٹ کر رکھ لیں۔ اس طریقہ سے آپ ایک گھنٹہ میں پورے ایک ہزار لیکٹو میٹر تیار کر سکتے ہیں دودھ جس کا امتحان کرنا ہو اس میں یہ ایک دیسی لیکٹومیٹر ڈالیں اگر دودھ میں پانی کی آمیزش ہوگی تو لیکٹومیٹر پانی سے بھر جائے گا یعنی بھیگ جائے گا اگر دودھ ہوگا تو لیکٹومیٹر بھیگے گا نہیں یہ ایسا لیکٹومیٹر ہے کہ دودھ سے پانی الگ نکالا جا سکتا ہے جو انگریزی اور جاپانی ساخت کے لیکٹومیٹر سے ناممکن ہے۔

(جڑی بوٹیاں اور ان کے عجیب وغریب فوائد، ناشر مطبوعات سلیمانی)

قارئین جو جڑی بوٹیوں کے طلسمات وعجائبات میں دلچسپی رکھتے ہیں اپنے علاقے میں پائی جانے والی جڑی بوٹیوں کے بارے اپنے تجربات ومشاہدات سے آگاہ کریں اور اپنی تحقیقات شائع کروائیں تاکہ ان سے استفادہ کیا جاسکے ہزاروں سالوں سے جڑی بوٹیوں کے کرشمات وطلسمات پر تحقیق جاری ہے اور آج بھی یہی طریقہ علاج کامیاب وکامران ہے۔

ہمارے ضلع سرگودھا کے گاؤں سردار پورنون میں جو درخت اور بوٹیاں پائے جاتے ہیں اور جن کا میں نے بذات خود مشاہدہ کیا ہے یہاں درج کرتا ہوں۔ آم، مالٹا، جامن، ارجن، برگد (بوڑھ) سنبھل، پیپل، کچنار، ببول (کیکر) جھاؤ (پلچھی) لہوڑہ، سرس (شرینہ) سرو، شیشم (ٹاھلی) انار، امرود۔

جڑی بوٹیوں میں بید انجیر (ہرنواب) دھتورہ، کٹائی خورد (مہوڑی) چرچٹہ (پٹھکنڈا) ہرن کھری (لیلھی) اسگندھ (اکھسن) امربیل (افتیموں) اونٹ کٹارا، مدار (اك عشر) ستیاناسی، بھنگ (حشیش) کاسنی، سونف، کنوار گندل، بھکڑا (گوکھرد) عنب الثعلب (مکوہ کاچ ماچ) بسکھپرا (اِٹ سٹ) وغیرہ عام پائی جاتی ہیں۔

سرکش محبوب تابع کرنے کے منتر

از تحریر: صوفی ظفر محمد کھوکھر، جھنگ (صدر)

کافی لوگوں نے اعتراض کیا آپ اس بار تمام محبت کے منتر تجربہ شدہ بھیجیں اس لئے لوگوں کے اصرار پر بھیج رہا ہوں عمل کریں اور دیکھیں الفاظ میں کتنی زبردست طاقت ہے۔

عمل نمبر1:۔ سرکش محبوب اور دشمن کو مسخر کر کے کام لینے کا مجرب منتر

عبارت عمل:۔ نورگا نورگا لونگ لونگا سپاری بڈھی پورپ ساری ایک لونگ چوراتے ماتے دوجھی لونگ دکھاوے چھاتی ریجی لونگ کھڑی ملاوے چوتھی لونگ سُتی گل لاوے لونگ تُوں لقمان تُوں جے چڑویکھیں اونچی ماڑی چھٹ لیا واں تیرے تن دیاں ناڑیں لاالہ الیس الاّ اللہ آن مَلِس میں بھانج فلاں بنت چین نہ دلِیس

ترکیب استعمال:۔ رات 12 بجے یا سونے سے پہلے علیحدہ جگہ جسم کو خوشبو لگا کر صندل کی آگ پر دھونی سلگا کر محبوب کی طرف منہ کر کے اپنے پاس دوسو لونگ رکھیں ہر لونگ پر ایک بار دم کریں اور رکھ دیں صندل کی دھونی کوئلے جلا کر اوپر صندل کا بورا اس میں ڈال دیں دم کر کے یہ طریقہ دوسو لونگ پر کریں آخر میں محبوب کے گھر کی طرف پھونک مار کر محبوب کا تصور کر کے پھونک مار دیں یہ عمل اکیس رات کرنا ہے اگر صندل کوئلے جلا کر عمل نہیں کر سکتے تو اگربتی سات عدد جلائیں اگر انگیٹھی کا انتظام نہیں ہے تو عمل لونگ پر دم کر کے رکھتے جائیں جب عمل ختم ہو تو اُٹھ کر چولہے میں ڈال دیں یا تندور جلتے میں ڈال دیں جلتے تولیے پر رکھ دیں جو طریقہ آسان ہو کر کے جلائیں جب جل جائیں لوگ تو راکھ محبوب کے راستے یا گھر کے دروازے پر یا بستر پر پھینک دیں جو ناکام ہو چکے ہیں دل ہار گئے عمل کریں لیکن پڑھائی سے پہلے پانچ کلو برفی رسول اکرم ﷺ کی نیاز دلا کر بچوں میں تقسیم مسجد میں نمازیوں کو اور چلتے مسافروں کو اپنے ہاتھ سے تقسیم کرنی اس کے بعد عمل شروع کرنا ہے اور پاؤ گوشت کسی یتیم یا مسکین کو دیں یا پکا کر سالن تقسیم کر دیں یہ زیادہ بہتر ہے جلد اثر عمل میں ہوگا۔

عمل نمبر2:۔ گھر کا کوئی فرد ناراض ہو کر نہ آتا ہو گھر میں اسکو لانے کے لئے منتر

عبارت عمل:۔ گڑ تُوں گڑ وَن تُوں دِیس مُلک بھاوَن تُو مَاس لہو کھاویں، پیر چنیڈی آویں تُوں، پیراں دا جھنڈا ربنا دیں هتھ بن غلام کر اوں، ھاں تروڑ گھنائوں سَٹ پرائی گڈھی مڑ گھتائوں، ھَاں تروڑ گھنائوں کالا گڑ دھرتی جِن کا بُھوت بیٹھی ھیں تاں اُٹھ کھڈی ھو آجا میرے پاس آویں تا آویں نھیں تاں چھوڑ گر بار، گرو کی سَکت چیلے کی بھَگتُ پھر مَنتَر عَسَرُ تیری وَاچ پُھرلے کم صحیح اللہ تے پیر اُستاد چا کرلے

طریقہ عمل:۔ نوچندی پیر کو رات سونے سے پہلے علیحدہ جگہ بیٹھ کر اگربتی چھ عدد جلا کر بیٹھیں منہ مشرق کی طرف ہو۔ ایک سو اکتالیس بار یہ عمل پڑھیں اسکے بعد آپ جا کر سو جائیں جب جاگ آئے تو ہر کام کر سکتے ہیں یہی پابندی ہے روزانہ اسی طرح اکتالیس رات کرنا ہے عمل میں آجائے گا اس کے بعد تصور کر کے پڑھیں اور مخالف کے سینہ پر دم کر دیا کریں مطیع ہو کر آئے گا گیارہ دن میں حد اکیس دن میں مطلب حل ہوگا کسی دوسرے کو فائدہ دینے کے لئے چینی برفی پر دم کر کے دیں تین دفعہ کھلانے سے آدمی پیچھے پھرے گا لیکن عمل کرنے سے پہلے ایک دیگر پکا کر زردہ یا پلاؤ کی تمام لوگوں یتیموں کو کھلائیں ایک بار سورۃ فاتحہ تین بار سورۃ اخلاص تین بار درود شریف پڑھ کر تمام مومنین مومنات مسلمین مسلمات کو پہنچانا ہوگا تب پڑھائی شروع کریں عمل ختم ہونے پر دو کلو برفی پر ایصال ثواب کر کے بچوں بڑوں اور صاحب عمل اور لکھنے والوں کو بھی پہنچا دیں تو جلدی اثر شروع ہوگا اگر مشتری ساعت یا قمر ساعت میں شروع کریں تو نورٌ علیٰ نور ہے یہ ساعت آپ کو زنجانی جنتری میں مل جائے گی اور بڑی تفصیل سے آپ کو اس میں سمجھ لگ جائے گی اس سے آپ رجعت سے محفوظ رہیں گے ورنہ جنات گھر میں لڑائی تفرقہ پیدا کر دیں گے بہت جلالی بجربہ شدہ منتر ہے جو ظاہر کر دیا ہے۔

عمل نمبر3:۔ مجرب تجربہ شدہ منتر لونا چماری محبت میں دیوانہ بنانے کے لئے

عبارت عمل:۔ سروپ دِلس سے لونا دیوی جھاں بستے اسماعیل جوگی اسماعیل جوگی کو لگی پھلواڑی جھاں بسے لونا چماری جھاں جائے ھمارے پھولوں کی باس سو سوائے ھمارے پاس دھائی لوناں چماری کی

ترکیب عمل:۔ لونا چماری منتر آپ نے کتابوں رسالوں میں یہ منتر پڑھا ہوگا۔ آپ نے عمل کیا لیکن ناکام اس میں عبارت بھی مکمل اور مختصر ہے اور مکمل ہے کوئی چیز نہیں چھپائی اس کا عمل کرنے سے آپ کو پتہ لگ جائے گا یہ بڑی مشکل سے درست عبارت دستیاب ہوئی کئی سال دوسرے منتروں کے عمل کئے لیکن نتیجہ صفر نکلا جب درست عمل عبارت دستیاب ہوئی مقصد حاصل ہو گیا اس عمل کو روزانہ نہا دھو کر صرف ایک سو آٹھ بار پڑھنا ہے چالیس روز تک لیکن نہانا ضرور ہے اپنے اردگرد چند گلاب کے پھول بکھیر دیا کریں پھر عمل کے بعد اُٹھا دیا کریں پھول روز رکھنے ہوں گے اس عمل کو اکتالیس رات کرنا ہے اسکے بعد چند بار پڑھتے رہیں تا کہ عمل قابو میں رہے عمل شروع کرنے سے پہلے ایک دیگ چاول کی یا مٹھائی تقسیم غریبوں میں کرے ہر ہفتہ بعد یہ کام دوبارہ کرتے رہنا ہے۔

طریقہ استعمال:۔ جب صاحب ضرورت آدمی یا عورت آئے اس سے پھول گلاب یا چنبیلی ایک عدد منگوا کر ایک سو آٹھ بار دم کر کے دیں وہ اپنے مخالف کی پیٹھ پر پیچھے سے مار دے مطیع ہوگا جب تک غلط رویہ سے باز رہو گے تو مطیع رہے گا جب شریعت سے بغاوت کی بات کرو گے تو اس عمل کا اثر ہوگا آدمی دور ہوتا جائے گا دوستی دشمنی میں تبدیل ہو جائے گی۔

عمل نمبر4: کسی مصیبت بیماری تنگی دشمن دُور کرنے کے لئے ایک رات کا عمل

عبارت عمل:۔ رَھْیناً سَرِیْناً اَکُجْ اَکَجْ سَرِیْ سَنْدُوْنِیْ اَوْ اَوْ اَمْ مَطْ بَحِطْ سَوَاھَا ثُمَّ بُدُّوْحْ یا شیخ الثقلین یا قُطبِ ربّانی محبوبِ سُبحانی غوثِ صمدانی یا حضرت محی الدین عبدُ القادرِ الِنِ محمّد صالح جیلانی اُحضُہٗ بِحقِّ لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ ﷺ

ترکیب عمل:۔ نوچندی جمعرات کا روزہ رکھیں شام دودھ کی کھیر سے افطار کریں نصف شب میں بخور لوبان صندل بڑے چولہے میں زیادہ سے زیادہ سلگا دے مکان علیحدہ ہونا ضروری ہے اس پڑھائی کو ہر بار تسمیہ کے ساتھ ایک ہزار ایک سو بار حصار ڈال کر پڑھنا ہے بڑی خطرناک صورتیں آئیں گی سامنے چراغ روشن کر کے اس میں دیکھ کر پڑھیں اِن صورتوں سے نہ ڈریں وقتی طور پر ڈر ہوگا آپ حصار کے اندر ہیں اس لئے گھبرانے کی کوئی ضرورت نہیں اِن کو اپنا مسئلہ بیان کر دیں۔ جب وہ دیکھ لے گی یہ آدمی یا عورت عمل کرنے والی مضبوط ہے وہ خود پوچھیں گی کہہ دیں میں بڑی تکلیف میں ہوں اس کا حل بتا دیں اور حل کرانے میں مدد کریں عمل کرنے سے پہلے سوا کلو گوشت ویران جگہ درختوں کی جڑوں میں ڈال دیں عصر کے بعد میٹھی چیز پر رسول پاک ﷺ اور غوث پاک کی ارواح کی نیاز دلا کر بچوں میں تقسیم کر کے عمل کریں ایک رات کا عمل ہے اگر نہ آئیں تو اس عمل کو پڑھتے رہیں صبح ہونے سے پہلے اشارہ ملے گا یا حاضری ہوگی اسی کمرے کے اندر بیٹھے رہیں اور پڑھائی بڑی توجہ سے کریں جائز مقصد حاصل کرنے کے لئے زبردست عمل ہے۔

عمل نمبر5:۔ اپنی محبت میں گرفتار کر کے مطیع کرنے والا تعویز منتر

عبارت عمل:۔ یا شیطان الاسود وَ یا شیطان الاصغر وَ یا شیطان الاجفر وَ یا شیطان الاصمد فلاں علیٰ حب فلاں بیقرار گردان حاضر کن حاضر کن حاضر کن

ترکیب عمل:۔ اس عمل کو گیارہ دن اکتالیس بار روز لکھ کر چلتے پانی میں ایک ایک کر کے ڈال دیا کریں گیارہ دن کے بعد مطلب حل ہو جائے گا یہ صرف اپنے مسئلے کے لئے حل ہے۔ بھاگے ہوئے کو بلانے کے لئے یہ گیارہ بار لکھ کر ایک وزن کے نیچے ایک دھوپ میں مٹی کے کوزے میں ریت ڈال کر ڈھک کر سورج کی شعاؤں میں رکھیں رات کو اُٹھا کر کمرے میں رکھ دیا کریں صبح پھر سورج میں رکھ دیں یہ کام مشکل ہو تو زمین میں آگ والی جگہ دفن کر دیں تا کہ گرمائش پڑتی رہے راستے میں دفن کر دیں جس جگہ سے بھاگ کر گیا ہے یا راستہ میں دفن کر دیں اگر روزانہ ایک لکھ کر جلا دیا کریں تو عمل زیادہ زود اثر ہوگا۔

عمل نمبر6:۔ مطلوب کو گھیر کر لانے والا منتر جلالی

عبارت عمل:۔ چل رے بسترام اے عزازیل ھین فلاں کو مسخر کر کے میرے پاس حاضر کر اگر یہ کام نہ کرے تو تہ پر لعنت اور تیری ماں بہن کو تین طلاق

ترکیب عمل:۔ نوچندی منگل صبح سورج نکلنے کے سامنے کھڑے ہو کر تین سو ایک بار یہ عمل پڑھا کریں میدان میں کھڑے ہو کر بھی پڑھ سکتے ہیں چھت پر کھڑے ہو کر پڑھ سکتے ہیں اس طرح مشکل ہو تو رات سونے سے پہلے اپنے پیچھے موم بتی جلا کر رکھ دیں جسم کے کپڑے اُتار کر رکھ دیں کھڑے ہو کر اپنے سایہ پر نظر رکھ کر پڑھا کریں ایک بار سرکش جن بھی آ کر پوچھے گا یہ کام ہے رات کو سر پر تیل لگا کر سوئیں اپنے پیر استاد سے اجازت لیکر عورت یا مرد یہ عمل کرے دن کو مٹھائی بچوں میں لازمی تقسیم کریں جو عملیات کے منکر ہیں کریں اور پتہ کریں کتنا وزن ہے عمل میں۔

کراماتِ جفر

''حصول انعام کا خاص الخاص عمل ولوحِ دفع جادوٹونہ''

از تحریر: محمد اسد اللہ سلیمانی، جھنگ

قارئین کی خدمت میں اس دفعہ خاص الخاص عمل حصول انعام کا پیش کر رہا ہوں۔ جس کی برکت سے آپ دُنیا کی کسی بھی انعامی اسکیم مثلاً پرائز بانڈ، انگلینڈ کی نیشنل لاٹری، افریقہ، انڈیا، ملائیشیا، تھائی لینڈ کی نیشنل لاٹری اور روزمرہ ہونے والی ملکی وغیر ملکی انعامی اسکیموں میں کامیابی کیلئے اس عمل سے استفادہ کریں اس عمل کی برکت سے پیکٹ نمبر بل جاتے ہیں۔ فسٹ سیکنڈ انعام یافتہ نمبرز ہوتے ہیں۔ طریقہ یہ ہے کہ نوچندی جمعرات کو ساعت مشتری میں علیحدہ پاک وصاف کمرہ میں داخل ہو جائیں۔ اور کمرہ میں خوشبودار اگربتیاں سلگائیں اور رجال الغیب پشت پر رکھ کر بیٹھ جائیں اور سفید کاغذ پر مشک وزعفران اور عرق گلاب سے مندرجہ ذیل نقش مبارکہ بنائیں اور 450 روپے کی مٹھائی جو کہ عمل سے پہلے لیکر رکھی ہو اس پر مؤکلات نقش وعمل کی نیاز دلوائیں اور بچوں میں تقسیم کریں۔ اسی طرح نو (9) روز کرنا ہے اور روزانہ وقت مقررہ پر کرنا ہے۔ پھر حصول انعام ونمبرز کیلئے رات سونے سے پہلے نقش مبارکہ اپنی جیب میں ڈال لیں اور عبارت عمل 500 بار پڑھ کر سو جائیں اور اوّل وآخر 110,110 بار درود شریف ضرور پڑھیں۔ انشاء اللہ تین تا پانچ رات آپ کو واضح نمبرز خواب میں نظر آئیں گے۔ اور صبح ہونے تک آپ کے ذہن میں رہیں گے۔ پس عامل کو چاہیے کہ جو نمبرز ملیں وہ جا کر خرید لے اور یہ نمبرز کسی کو نہ بتائیں ورنہ نقصان ہوگا۔ یہ عمل زندگی میں صرف اور صرف ایک بار کام دے گا اور عمل پورے لوازمات سے تیار کریں۔ اور دوران عمل بدبودار اشیاء نہ کھائیں۔

عبارت عمل یہ ھے: لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ یا خبیر یا علیم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جمعسق

یاخبیر	یاعلیم	یاھادی	یارزاق
یارزاق	یاھادی	یاعلیم	یاخبیر
یاعلیم	یاخبیر	یارزاق	یاھادی
یاھادی	یارزاق	یاخبیر	یاعلیم

جمعسق

وکفی باللہ شہیدا محمد رسول اللہ

لوحِ دفع جادوٹونہ

آج کل کے دور میں جادوٹونہ سحر آسیب عام ہوتا جا رہا ہے۔ اور لوگوں کو نقصان پہنچانا حاسدین کا پیشہ ہے کیونکہ کسی کو ترقی کرتے دیکھ نہیں سکتے ہیں۔ اس حسد کی وجہ سے جادوٹونہ کروا دیا جاتا ہے۔ تاکہ نقصان شروع ہو جائے بہرحال اللہ تعالیٰ ہر کسی کو حاسد سے بچائے۔ اگر کسی پر کالا علم، جادوٹونہ ہو جائے تو اس طرح کریں کہ نوچندی منگل کو صدقہ دے کر مندرجہ ذیل لوح مبارکہ رجال الغیب پشت پر رکھ کر سفید کاغذ پر مشک وزعفران سے تیار کریں اور سورۃ فلق اور سورۃ ناس 500,500 بار پڑھ کر لوح مبارکہ پر دم کریں۔ پھر نیاز دے کر اپنے پاس رکھ لیں اور روزانہ وقت پر نماز عشاء کے بعد مندرجہ ذیل بالا دونوں سورتیں 500,500 بار 41 روز تک پڑھنا ہے۔ اور پانی پر دم کر کے پینا ہے اور اپنے اوپر دم کرنا ہے۔ انشاء اللہ فائدہ ہوگا کوشش کریں کسی صاحب علم کی نگرانی میں یہ سب کریں اور اپنا حصار وغیرہ کر لیں تاکہ نقصان نہ ہو۔

لوح مبارکہ یہ ھے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جمعسق

یاوکیل	یاحفیظ	یاحافظ	یارقیب
یارقیب	یاحافظ	یاحفیظ	یاوکیل
یاحفیظ	یاوکیل	یارقیب	یاحافظ
یاحافظ	یارقیب	یاوکیل	یاحفیظ

جمعسق

(یہاں مقصد لکھیں)

وکفی باللہ شہیدا محمد رسول اللہ

ہم ہیں دیوانے تیرے انعام کے

از تحریر: میاں فاروق چشتی، کراچی

دوستو قارئین کرام و جملہ اسٹاف آئینہ قسمت خصوصاً شاہ صاحب کو السلام وعلیکم! دوستوں کافی عرصہ کے بعد حاضر خدمت ہوں اب ہر بار آئینہ قسمت میں روٹ بھی پوسٹ کیا کرونگا اور ہر ڈرا کی ڈبیاں گیم بھی انشاء اللہ ہر ڈرا آپکا اپنا ہوگا۔ میرے لئے دُعا کیا کریں کہ میں آپکو ایسے ہی روٹ دیا کروں۔

بانڈ مالیت -/15000، شہر کراچی، ڈرا نمبر 77، تاریخ 02 جنوری 2019ء، دن بدھ

اوپن طاق	اوپن جفت	خطرناک آکڑے ٹنڈولے
3-9-5	8-4-0	50-51-58-55-57-59
کلوز طاق	کلوز جفت	504-509-510-514-519-570
1-5-7-9	0-8	580-584-585-589-550-554-559
سنٹر طاق	سنٹر جفت	574-579-590-594-599
5-9	0-4	
کلوزبند 6-3		

صفحہ آپکا آکڑہ چشتی کا لگاؤ موج کرو۔

0	1	2	3	4	5	6	7	8	9
00	10	20	30	40	50	60	70	80	90
08	18	28	38	48	58	68	71	81	91
01	11	21	31	41	51	65	78	85	95
05	15	25	35	45	55	67	75	87	97
07	17	29	37	47	57	61	77	89	98
09	19	29	39	49	59	69	79	88	99

بانڈ مالیت -/750، ڈرا نمبر 77، تاریخ 15 جنوری 2019ء، دن منگل، شہر پشاور

اوپن طاق	اوپن جفت	خطرناک فورکاسٹ
6-8	7-9-3-5	5332-5382-3532-5387
کلوز طاق	کلوز جفت	3582-3587
5-3	2-4-6-8	لگاؤ موج کرو
تعلق سال ٹو سال		0-5-2-7
تعلق بانڈ ٹو بانڈ		9-6-1-7-8
بانڈ ٹو بانڈ گنتی کا فرسٹ		9-10-11

اوپن آپکا آکڑہ چشتی کا لگاؤ موج کرو۔

0	1	2	3	4	5	6	7	8	9
05	13	23	35	43	53	63	73	80	90
00	15	25	37	45	50	65	75	83	92
08	17	20	30	47	52	67	70	85	94
03	10	24	34	48	54	64	74	84	96
07	18	26	36	42	56	68	76	86	95
09	14	28	38	46	58	60	78	82	93

جنوری 2019ء کیلئے پرائز بانڈز خریدنے کی تواریخ بمعہ اوقات

3	5
1	8

تاریخ: 02-01-2019
دن: بدھ
شہر: کراچی
مالیت بانڈ: -/15,000

2	5
9	3

تاریخ: 15-01-2019
دن: منگل
شہر: پشاور
مالیت بانڈ: -/750

جنوری 2019ء کے لئے پرائز بانڈز خریدنے کی لکی تواریخ بمعہ اوقات

نمبر شمار	تاریخ	نیک وقت خریداری
1	04 جنوری	09 بجکر 00 منٹ سے لے کر 11 بجکر 00 منٹ تک
2	10 جنوری	13 بجکر 00 منٹ سے لے کر 13 بجکر 30 منٹ تک
3	14 جنوری	16 بجکر 00 منٹ سے لے کر 16 بجکر 45 منٹ تک
4	20 جنوری	10 بجکر 15 منٹ سے لے کر 11 بجکر 00 منٹ تک
5	28 جنوری	12 بجکر 10 منٹ سے لے کر 13 بجکر 10 منٹ تک

نوٹ: یہ اوقات پاکستان سینڈرڈ ٹائم کے مطابق دیے جا رہے ہیں۔

	0	1	2	3	4	5	6	7	8	9	ممکنہ ٹنڈولے	
0		01	02			05				09	021	095
1				13		15			18		135	183
2	20			23		25				29	205	259
3			32		34	35				39	324	395
4		41		43		45			48		431	485
5	50		52	53						59	520	593
6		61			64		66	67	68		648	678
7	70		72			75				79	702	759
8		81			84	85			88		841	858
9	90		92	93		95					903	952

تاریخ: 02-01-2019
دن: بدھ
شہر: کراچی
مالیت بانڈ: -/15,000

43 34 81 13
85 51 54 41

تاریخ: 15-01-2019
دن: منگل
شہر: پشاور
مالیت بانڈ: -/750

02 09 35 92
53 25 59 93

3
4 1 5
8

5
9 0 2
3

تاریخ: 02-01-2019	تاریخ: 15-01-2019
دن: بدھ	دن: منگل
شہر: کراچی	شہر: پشاور
مالیت بانڈ: 15,000/-	مالیت بانڈ: 750/-

821676	
21	86
67	72

591637	
37	91
63	73

0428-4028-2048

042	0	3	04
204			20
220	6		22
687	8	1	68
867			86

2207-2079

2235-2325

216	4	3	21
673			67
223	8		22
232	6	7	23
681			68
834			83

8304-8340

کراچی	مالیت بانڈ 15,000	تاریخ: 02-01-2019				
85	81	53	35	18	13	(بونس) 0185

پشاور	مالیت بانڈ 750/-	تاریخ: 15-01-2019				
92	59	39	32	25	23	(بونس) 3595

کراچی	تاریخ: 02-01-2019
مالیت بانڈ: 15,000/-	132/351 =532
	851/385 =835

پشاور	تاریخ: 15-01-2019
مالیت بانڈ: 750/-	239/931 =321
	951/352 =935

2018
2017
2016
2015
2014
2013
2012
ہماری دعا ہے کہ آپ ان لکی نمبرز سے فیض یاب ہوں۔ کسی نقصان سے بچنے کے لیے پرچی نمبر کی بجائے پرائز بانڈز کی خرید پر توجہ دیں۔
ماہرین علم الاعداد کی تمام تر ذہانت آپ کے لیے وقف ہے۔ (ادارہ)

خصوصی عزیمت رجعت ونحوست سیارگان

آپکا ماہِ جنوری 2019ء کیسا رہے گا؟

astrology January

یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا حَافِظُ یَا نَاصِرُ یَا مُعِیْنُ یَا شَافِیُ یَا کَافِیُ یَا قَادِرُ یَا کَرِیْمُ بِحَقِّ کٓھٰیٰعٓصٓ بِحَقِّ حٰمٓ عٓسٓقٓ بِحَقِّ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ اَحْفِظْنِیْ مِنَ النَّحُوْسَتُ الشَّمْسُ وَالْقَمَر وَالْمُشْتَرِیْ وَالزُّحَلْ وَالزُّھْرَہ وَالْعَطَارِد وَالْمَرِیْخ وَالرَّاس وَالذَّنَب بِحَقِّ یَا اَللّٰہُ یَا اَحَدُ یَا صَمَدُ یَا لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ o اول وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ کوئی سا بھی درود شریف پڑھ لیں۔ بچوں کیلئے والدین بھی پڑھ سکتے ہیں۔ اگر آپ مندرجہ بالا عزیمت کو صرف 9 بار روزانہ پڑھنا اپنا معمول بنالیں تو پھر کسی سیارے کی نحوست آپکے قریب نہ آئیگی۔ میری طرف سے آپکو اس عمل کی عام اجازت ہے۔ **دعا گو عامل شاہ زنجانی**

جن قارئین کو اپنی صحیح تاریخ پیدائش یاد نہیں وہ برج دو طرح سے معلوم کر سکتے ہیں۔ ایک نام کے پہلے حرف سے اور دوسرا حروف ابجد سے۔ پھر تحقیق کریں کہ برج کا احوال ان پر صحیح بیٹھتا ہے۔

پہلا طریقہ آپکے نام نامی میں جو پہلا حرف ہے اسی سے برج بنتا ہے۔ ذیل میں دیئے گئے بارہ بروج میں سے اپنے نام کا پہلا حرف تلاش کر کے پہلے برج معلوم کریں پھر اسی برج کے تحت نیک وبدحالات ملاحظہ فرمائیں۔ ساتھ ہی اپنا ستارہ اور برج معلوم کر کے ادارہ آئینہ قسمت سے مفت مشورہ بذریعہ کوپن لے کر نگینہ پہنیں۔

دوسرا طریقہ اگر خدانخواستہ نام برج سے آپ کے حالات درست نہ آتے ہوں تو اس طریقہ سے اپنے نام کا برج معلوم کریں۔ اپنا مکمل نام اور اپنی والدہ کے نام کے حروف ابجد قمری سے اعداد نکالیں اور ان کو بارہ پر تقسیم کریں۔ اگر باقی 1 بچے تو برج حمل ہے۔ اگر 2 باقی بچے تو ثور۔ 3 بچے تو جوزا۔ 4 بچے تو سرطان۔ 5 بچے اسد 6 بچے تو سنبلہ۔ 7 بچے تو میزان۔ 8 بچے تو عقرب۔ 9 بچے تو قوس۔ 10 بچے تو جدی۔ 11 بچے تو دلو اور اگر 0 باقی بچے تو برج حوت ہوگا۔

نوٹ صحیح تاریخ پیدائش معلوم ہو تو ان قواعد کو نظر انداز کر دیں۔

حروف ابجد قمری

ا	ب	ج	د	ہ	و	ز	ح	ط	ی
1	2	3	4	5	6	7	8	9	10
ک	ل	م	ن	س	ع	ف	ص	ق	ر
20	30	40	50	60	70	80	90	100	200
ش	ت	ث	خ	ذ	ض	ظ	غ		
300	400	500	600	700	800	900	1000		

ASTROLOGY FOR January جنوری 2019ء

ARIES

حمل
21Marc
20April

ستارہ: مریخ
حروف: ال ع
دن: منگل
عدد: 9
رنگ: سرخ یا قرمزی
پتھر: یاقوت، مرجان، سرخ عقیق، ہیرا

Element: Fire
RulingPlanet: Mars
Symbol: The Ram
YourStone: Ruby
LifePursuit: The thrill of the moment.
SecretDesire: To lead the way for others.

آپکا حاکم ستارہ مریخ 2 تا 31 جنوری تمام ماہ طالع میں رہتے ہوئے سوچ میں مثبت ہو۔ ہمت وحوصلہ دلائے جبکہ مشترکہ مفادات کے کام بھی احسن طریقے سے چلانے کی قابلیت بڑھے۔ 6 جنوری دسویں شمسی گرہن سے کیریئر کاروبار میں خاص احتیاط برتنے اوراہم معاہدے کرتے وقت مشاورت ضرور کریں۔ 9,8 جنوری مریخ تربیع سے کام میں تیزی اور جلد بازی سے گریز کریں۔ بحث وتکرار سے اجتناب صبر وتحمل اپنائیں 19,18 جنوری مریخ زہرہ تثلیث سے صحتِ جسمانی بہتر اور صحتمند اقدامات ہوسکیں۔ گھریلو تزئین وآرائش کرسکیں۔ 21 جنوری پانچویں چاند گرہن سے اولاد کے روز وشب پر نگاہ رکھیں جبکہ رومانوی اُمور حساس رہیں۔ 22,21 جنوری مریخ زحل تربیع سے مسائل ومشکلات پر قابو پانے کی ضرورت۔ صبر وتحمل کا مظاہرہ کریں۔ 26,25 جنوری مریخ مشتری تثلیث سے مثبت سوچ وکردار سے عملی اقدامات فائدہ مند۔ کام، کاروبار میں بہتری آسکے۔ سورج گرہن کیلئے دونفل نمازِ کسوف اور چاند گرہن کیلئے دونفل نمازِ خسوف ضرور ادا کریں تاکہ گرہن کے منفی اثرات سے محفوظ رہ سکیں اور صدقات حسبِ توفیق ضرور دیں۔

پہلا ہفتہ: گھریلو معاملات خاص توجہ کے مستحق ہونگے۔ شراکتی کام منافع بخش رہیں گے۔ لمبے عرصے کیلئے سرمایہ کاری کرتے وقت اچھی طرح سوچیں اور تسلی کریں تاکہ بعد میں پچھتاوا نہ ہو۔ دوست مددگار رہیں گے۔ بیرون ملک مقیم دوست احباب' رشتہ دار رابطہ کرسکتے ہیں جس سے مالی فوائد ممکن ہوں گے۔ کسی اہم تقریب میں شرکت سے کاروباری منافع کا حصول ممکن ہو۔

دوسرا ہفتہ: صحت بہتر رہے گی اور دوستوں اور عزیزوں کیساتھ تعلقات بحال رہیں گے۔ سفر کا پروگرام بن سکتا ہے۔ محنت رنگ لائے گی اور اہم کام مکمل ہونے سے فائدہ ہوسکے گا۔ رشتے داروں کا تعاون رہے گا جس سے مسائل میں کمی ہوگی۔

تیسرا ہفتہ: محبت کے معاملات میں مصروفیت رہے گی اور قسمت کا ساتھ بھی رہے گا۔ اس کے علاوہ نصیب یاوری کرنے سے کاروباری معاملات میں بھی فائدہ ہوگا اور نامکمل کام کرسکیں گے جس کے باعث ذہنی بوجھ میں کمی آئے گی۔ کاروباری لین دین نفع بخش ثابت ہوگا۔ مشترکہ مفاد کے کاموں میں آپس میں مالی اختلافات ومسائل پیش آسکتے ہیں۔ انعامی سکیموں میں دلچسپی رکھنے والے حملی افراد کا نصیب یاوری کرسکے گا۔

چوتھا ہفتہ: شراکتی کاموں کو فروغ ملے گا اور کاروبار وسعت اختیار کرسکے گا۔ اساتذہ کا تعاون حاصل ہوگا جس سے بہت سے مسائل حل ہوسکیں گے۔ بیرون ملک سفر کا پروگرام بن سکتا ہے۔ روحانیت کے شوق میں اضافہ ہوسکے گا۔ تعلیمی امور میں کامیابی ہوگی۔ ملازمت سے متعلقہ امور میں ذمہ داریاں بڑھیں گی۔ ڈرائیونگ کرتے وقت محتاط رہیں۔

سعد تواریخ: 31,25,18,7,2 جنوری **نحس تواریخ:** 26,20,13,8,5 جنوری

TAURUS

ثور
21April
21May

ستارہ: زہرہ ♀
حروف: ب۔و
دن: جمعہ
عدد: 6
رنگ: ہلکا نیلا یا سبز
پتھر: اوپل، سبز پکھراج

Element: Earth
RulingPlanet: Venus
Symbol: The Bull
YourStone: Emerald
LifePursuit: Emotional and financial security.
SecretDesire: To have a secure, happy and wealthy life/ marriage.

آپکا حاکم ستارہ زہرہ یکم تا 7 جنوری ساتویں رہتے ہوئے شراکتی وازدواجی تعلقات میں مضبوطی اور مشترکہ اُمور خاص توجہ وفوائد کے حامل جبکہ ازدواجی زندگی بھی خوشحال رہے۔ 8 تا 31 جنوری زہرہ آٹھویں رہتے ہوئے بغیر مشاورت فیصلوں سے گریز جبکہ مشترکہ اُمور میں مالی فوائد کا حصول ممکن۔ 6 جنوری نویں شمسی گرہن سفر وبیرون ملک تعلیم سے متعلقہ اُمور میں رکاوٹ کا اندیشہ۔ 18 تا 19 جنوری زہرہ مریخ تثلیث سے صحتمند اقدامات سے مشترکہ اُمور میں کامیابی۔ تزئین وآرائش میں دلچسپی۔ 22,21 جنوری زہرہ نیپچون تربیع سے کام میں خامیوں کا اندیشہ۔ جلد بازی سے گریز کریں جبکہ 21 جنوری چوتھے چاند گرہن خانگی اُمور میں خاص احتیاط۔ والدہ کی صحت کا خیال رکھیں۔ 23,22 جنوری زہرہ مشتری قران سے سخاوت، دوستی، اہم تقریبات میں شمولیت، عزت وتوقیر بڑھے۔ سورج گرہن کیلئے دونفل نمازِ کسوف اور چاند گرہن کیلئے دونفل نمازِ خسوف ضرور ادا کریں تاکہ گرہن کے منفی اثرات سے محفوظ رہ سکیں اور صدقات حسبِ توفیق ضرور دیں۔

پہلا ہفتہ: ناگہانی اخراجات پیش آسکتے ہیں۔ غیر اخلاقی یا غیر قانونی معاملات میں ملوث ہونے سے گریز کریں۔ زیارات یا بیرون ملک سفر کے خواہاں افراد کی خواہش پوری ہوسکے گی۔ سوشل یا رفاہی کاموں میں دلچسپی بڑھے گی۔ دوسروں کی بے وفائی کا صدمہ ہوسکتا ہے۔ رومانوی سلسلے مشکلات اور پریشانیوں کا شکار رہیں گے۔ اخراجات میں اضافے کا امکان ہے۔

دوسرا ہفتہ: زیادہ تر توجہ محبت سے متعلقہ معاملات پر رہے گی۔ جس کے باعث بہت سے دوسرے کام ادھورے رہ سکتے ہیں۔ جن کے باعث بعد میں احساس ہوگا۔ صحت متاثر ہوسکتی ہے لہٰذا محتاط رہیں۔ بیرون ملک مقیم دوست احباب رابطے میں رہیں گے اور مالی معاملات پر توجہ مرکوز رہے گی۔ خواہشات پوری ہونے سے انجانی خوشی محسوس ہوگی۔ اس ہفتے جو بھی نیا کام شروع کریں گے وہ آپ کی زندگی میں بہت اہمیت کا حامل ہوگا۔

تیسرا ہفتہ: دوستوں کا تعاون رہے گا۔ سیر وسیاحت کا پروگرام خوشگوار گزرے گا۔ مقاصد میں کامیابی ہوسکے گی۔ شریک حیات کا تعاون حاصل ہوگا جس سے گھریلو ماحول پرسکون رہے گا۔ کاروبار وسعت اختیار کرسکے گا اور آمدنی میں خاطر خواہ فائدہ کا امکان ہے۔ ملازمت پیشہ افراد کو اپنے فرائض میں غفلت سے پرہیز کرنا چاہیے، ورنہ ترقی کے امکانات طول پکڑ سکتے ہیں۔

چوتھا ہفتہ: نصیب یاوری کرنے سے بہت سے بگڑے ہوئے کام بن جائیں گے اور کاروباری سفر فائدہ مند رہے گا۔ روحانیت کے شوق کو فروغ حاصل ہوگا۔ دوست احباب کی وجہ سے پریشانی ہوسکتی ہے۔ صحت بہتر رہے گی۔ ہمسائیوں کا تعاون حاصل ہوگا۔ شریک حیات کا تعاون حاصل ہوگا۔ گھریلو مسائل کے باعث خواہ مخواہ کی ٹینشن رہے گی۔ بچوں کی صحت کا خاص خیال رکھیں۔ شاپنگ کا پروگرام بن سکتا ہے۔

سعد تواریخ: 31,22,13,2 جنوری **نحس تواریخ:** 24,21,10,6 جنوری

Gemini

جوڑا

22May
21June

ستارہ: عطارد
حروف: ق ک
دن: بدھ
عدد: 5
رنگ: پیلا یا ملے جلے
پتھر: عقیق سبز، زمرد، فیروزہ

Element: Air

RulingPlanet: Mercury

Symbol: The Twins

YourStone: Aquamarine

LifePursuit: To Explore a little bit of everything.

SecretDesire: To be ahead of the crowd.

آپکا حاکم ستارہ عطارد یکم تا 5 جنوری ساتویں رہتے ہوئے شراکتی وازدواجی خوشیاں اور مثبت سوچ جبکہ 6 تا 24 جنوری عطارد آٹھویں رہتے ہوئے شراکتی اُمور میں کامیابی جبکہ بغیر مشاورت فیصلوں سے گریز کریں۔ 25 تا 31 جنوری عطارد نویں رہتے ہوئے اعلیٰ تعلیم کیلئے خواہشمند طلباء کیلئے نیک وقت۔ 5,4 جنوری عطارد یورانس تثلیث سے تجرباتی رویہ اور تکنیکی مہارت 6 جنوری آٹھویں شمسی گرہن وراثتی، قانونی، انشورنس کلیم کے اُمور میں مثبت پہلو جبکہ پارٹنرشپ کے اُمور میں احتیاط برتیں۔ 9,8 جنوری عطارد مریخ تربیع کے باعث مسائل کا مثبت حل نکالنے کی ضرورت۔ بحث وتکرار سے اجتناب۔ 14,13 جنوری عطارد زحل قران سے سنجیدگی سے معاملات کی انجام دہی بہتر اور سوچ مثبت رہے۔ 15,14 جنوری عطارد نیپچون تسدیس سے تخیل اور پلاننگز کو حقیقت کا رنگ دے سکیں۔ فنکارانہ صلاحیتیں نکھر سکیں۔ 20,19 جنوری عطارد پلوٹو قران سے انداز گفتگو متاثر کن اور خیالات کا اظہار کر سکیں۔ 21 جنوری تیسرے چاند گرہن سے سفر اشد ضرورت ہو تو صدقہ دے کر کریں۔ 24,23 جنوری عطارد یورانس تربیع سے ذہن پریشان، بات چیت کا سلسلہ منقطع ہونے سے پریشانی۔ 31,30 جنوری عطارد شمس قران سے سفر وسیلہ ظفر جبکہ مثبت سوچ اور خود اعتمادی بڑھے۔ سورج گرہن کیلئے دو نفل نماز کسوف اور چاند گرہن کیلئے دو نفل نماز خسوف ضرور ادا کریں تاکہ گرہن کے منفی اثرات سے محفوظ رہ سکیں اور صدقات حسبِ توفیق ضرور دیں۔

پہلا ہفتہ: شراکتی ازدواجی اہم کاروباری وجذباتی اُمور آپ کی توقعات کے برعکس ہوں تو صبر وتحمل سے کام لیجئے۔ خوانخواہ کی غلط فہمیاں پیدا ہوسکتی ہیں۔ سنجیدہ نوعیت کے اُمور توجہ طلب رہیں گے۔ خواہاں افراد کو حسب منشاء ملازمت کے مواقع ملیں گے۔ نئے کاروباری معاہدوں پر کام کر سکیں گے۔ کاروباری اغراض و مقاصد کے تحت کئے گئے سفر فائدہ مند رہیں گے۔ حیثیت وشخصیت متاثر ہوسکتی ہے' محتاط رہئے۔

دوسرا ہفتہ: انعامی فوائد اور اولاد سے خوشی ملے گی۔ پیدا شدہ مسائل حل ہوسکیں گے۔ کسی بھی مسئلے کے حل میں مخلصین بزرگوں سے مشاورت ضرور لیں۔ حاسدین کی سرگرمیاں اچانک نقصان پہنچا سکتی ہیں۔ دوسروں سے والسطہ توقعات پوری نہ ہونے سے ذہن منتشر رہے گا۔ کاروباری اُمور طے کرتے وقت محتاط رہیں۔ شخصیت میں نکھار آئے گا۔ کاروباری معاملات مسائل کا شکار رہیں گے۔

تیسرا ہفتہ: بہن بھائیوں کا تعاون رہے گا۔ بحث اور تکرار سے گریز کریں ورنہ لڑائی کی صورت پیش آسکتی ہے۔ جس کے باعث مسائل اور پریشانی میں اضافے کے سوا کچھ حاصل نہ ہوگا۔ مالی مسائل کا خاتمہ ہوسکے گا۔ رشتے داروں کے تعاون سے گھریلو مسائل کا خاتمہ ہوگا اور پریشانی میں کمی ہوگی۔ شریک حیات کا تعاون بھی رہے گا۔

چوتھا ہفتہ: سوچ مثبت ہونے سے بہت سے مسائل کا خاتمہ ہوگا۔ ملازمت سے متعلقہ معاملات حساس رہیں گے۔ بیرون ملک جانے کے خواہشمند افراد کی خواہش پوری ہوسکے گی۔ شراکتی کام منافع بخش رہیں گے۔ تخلیقی کاموں کو سراہا جائے گا۔ حاسدین زیر ہوسکیں گے۔ کاروباری معاملات تسلی بخش حد تک بہتر رہیں گے۔ کاروباری معاملات تسلی بخش حد تک بہتر رہیں گے۔ آمدن میں اضافہ کا امکان ہے۔

سعد تواریخ: 30,25,18,14,10 جنوری **نحس تواریخ:** 21,13,8,6 جنوری

Cancer

سرطان

22June
23July

ستارہ: قمر
حروف: ح ہ
دن: پیر
عدد: 2
رنگ: دودھیا
پتھر: درِ نجف، سفید مرجان

Element: Water

RulingPlanet: The Moon

Symbol: The Crab

YourStone: Moonstone

LifePursuit: Constant reassurance and intimacy.

SecretDesire: To feel safe (emotionally, spiritually, romantically and financially).

آپکا حاکم چندرماں (قمر) ہر ماہ سعد تواریخ میں اپنی ٹھنڈک کا احساس دلائے۔ اس ماہ یہ ایام 21,20,17,16,15 جنوری رہیں لیکن ماہ کے آغاز اور اختتام پر قمر درعقرب کی تواریخ اس ماہ خاص پلاننگ اور احتیاط کی طرف اشارہ کر رہی ہیں۔ بالخصوص یکم 29,28,7,6,5,2 جنوری جب قمر نحس پوزیشن میں تو تب احتیاط لازم اور صدقات ضرور دیں بالخصوص 6 جنوری ساتویں سورج گرہن اور 21 جنوری خانہ مال چاند گرہن اس ماہ آمدن، لین دین، قرض، شراکتی وازدواجی اُمور میں خاص احتیاط رکھیں اور بغیر مشاورت کوئی کام نہ کریں۔ 3,2 جنوری شمس زحل قران اور 31,30 جنوری شمس عطارد قران سے مالی حالات میں سدھار اور بہتری کیلئے نیک وقت جبکہ ماہ کے آغاز سے ہی اپنی پلاننگ ضرور مرتب کریں۔ سورج گرہن کیلئے دو نفل نماز کسوف اور چاند گرہن کیلئے دو نفل نماز خسوف ضرور ادا کریں تاکہ گرہن کے منفی اثرات سے محفوظ رہ سکیں اور صدقات حسبِ توفیق ضرور دیں۔

پہلا ہفتہ: مالی مسائل پیش آسکتے ہیں۔ سفر کا پروگرام بن سکتا ہے۔ اجنبی افراد سے محتاط رہیں۔ کاروباری اُمور میں خاطر خواہ فائدہ ممکن ہے اور کیریئر میں مزید بہتری ہوسکے گی۔ جذبات کا اظہار ہوسکے گا۔ مقاصد میں کامیابی کیلئے محنت ضروری ہے۔ بہتر نتائج حاصل ہوسکیں اور نئی چیزوں کا پتہ چل سکے گا۔ سفری اُمور میں احتیاط برتیں۔ دوسروں سے متاثر ہوسکتے ہیں۔ کیریئر سے متعلق اُمور توجہ کے حامل رہیں گے۔

دوسرا ہفتہ: سفر کے مواقع پیش آئیں گے جس کے باعث نصیب یاوری کر سکے گا اور درپیش شدہ مسائل حل ہوسکیں گے۔ غلط فہمیاں دور ہوسکیں گی۔ کاروبار وسعت اختیار کر سکے گا جس کے باعث مالی پوزیشن مزید مستحکم ہوسکے گی۔ زیادہ تر توجہ تخلیقی کاموں کی طرف رہے گی۔ آرٹ کے شعبہ میں دلچسپی بڑھے گی۔ گھر کی سجاوٹ کر سکیں گے۔ رشتے داروں کیساتھ تعلقات مستحکم رہیں گے۔

تیسرا ہفتہ: صحت بہتر ہوسکے گی اور گھریلو ماحول خوشگوار اور پرسکون رہے گا جس سے آپ اپنے آپ کو تر وتازہ محسوس کریں گے۔ خواہشات کے مطابق کام ہوسکے گا۔ اولاد کا ساتھ رہے گا۔ جس سے مصروفیت میں کمی ہوسکے گی۔ ڈرائیونگ کے دوران محتاط رہیں اور غیر ذمہ دارانہ رویہ نہ اپنائیں ورنہ نقصان کا اندیشہ ہے۔ مستحکم فیصلے کر سکیں گے۔

چوتھا ہفتہ: اس ہفتے کاموں کو فروغ ملے گا جس کے باعث آمدن میں اضافہ سے مالی مسائل اور پریشانیوں کا خاتمہ ہوگا۔ بہن بھائیوں کا تعاون رہے گا۔ جس سے گھریلو ماحول مزید خوشگوار ہوجائے گا۔ والدین کی صحت کا خاص خیال رکھئے۔ عزیز واقارب کیساتھ تعلقات مستحکم رہیں گے۔ مہمانوں کی آمد ورفت رہے گی۔ سیر وسیاحت کا پروگرام بن سکتا ہے۔ بچوں سے متعلقہ اُمور میں مصروفیت رہے گی۔ رومانوی اُمور میں خوشی نصیب ہوگی۔ ذمہ داریوں اور فرائض میں خاص توجہ دیں۔ شریک کار سے تعاون کریں۔

سعد تواریخ: 20,19,17,16,15 جنوری **نحس تواریخ:** 29,28,27,21,6,5,4 جنوری

Leo

اسد

24July
23August

ستارہ: شمس
حروف: م
دن: اتوار
عدد: 1
رنگ: سنہرا، گولڈن
پتھر: یاقوت، ہیرا

Element: Fire
RulingPlanet: The Sun
Symbol: The Lion
YourStone: Peridot
LifePursuit: To lead the way.
SecretDesire: To be a star.

آپکا حاکم ستارہ یکم تا **20** جنوری چھٹے رہتے ہوئے صحتِ جسمانی کا خاص خیال رکھنے کی ضرورت۔ جبکہ **21** تا **31** جنوری شمس ساتویں رہتے ہوئے شراکتی ازدواجی اُمور خاص توجہ کے حامل اور سوچ میں جدت پیدا کرے۔ **3,2** جنوری شمس زحل قران حدود میں رہتے ہوئے معاملات بہتر طریقے سے انجام دے سکیں۔ مثبت فیصلے۔ **6,5** جنوری شمس نیپچون تسدیس اخراجات پر کنٹرول کی ضرورت۔ تزئین و آرائش کر سکیں جبکہ صحتِ جسمانی کا خیال رکھیں۔ **6** جنوری چھٹے شمس گرہن ملازمتی ذمہ داریوں میں کوتاہی نہ برتیں جبکہ صحتِ جسمانی بہتر ہو۔ **12,11** جنوری شمس پلوٹو قران سے جنسِ مخالف کی طرف رغبت اور مالی طاقت کا استعمال۔ **20,19** جنوری شمس یورانس تربیع کے باعث بدلتے حالات اور رویے پریشان کریں۔ **21** جنوری طالع میں چاند گرہن ذہن پریشان، خود اعتمادی متاثر، احتیاط برتیں۔ **31,30** جنوری شمس عطارد قران سے سفر وسیلہ ظفر۔ حالات کے مطابق فیصلے مثبت۔ سورج گرہن کیلئے دو نفل نماز کسوف اور چاند گرہن کیلئے دو نفل نمازِ خسوف ضرور ادا کریں تا کہ گرہن کے منفی اثرات سے محفوظ رہ سکیں اور صدقات حسبِ توفیق ضرور دیں۔

پہلا ھفتہ: محققانہ و تخلیقی صلاحیتیں اُجاگر ہونے سے آپ کی زندگی کے روز و شب بدل سکتے ہیں۔ زمین' جائیداد کی خرید و فروخت' زراعت سے تعلق رکھنے والے اسدی افراد کا نفع اِس سال بڑھ جائیگا۔ مقاصد میں کامیابی حاصل ہو سکے گی۔ مشترکہ دورانیہ اہم شراکتی سلسلوں میں دانشمندانہ فیصلے کا طالب ہوگا۔ سوچ سمجھ کر مشاورت سے درست فیصلے کریں۔

دوسرا ھفتہ کاروباری امور حساس رہیں گے۔ کیرئیر میں بہتری متوقع ہے۔ والدین بہتر راہنمائی کر سکیں گے۔ مخالفین کی ریشہ دوانیاں خانگی زندگی کو متاثر کر سکتی ہیں۔ انعامی سکیموں میں حد سے زیادہ حصہ لینا نقصان کا باعث ہو سکتا ہے۔ عزت و وقار میں اضافہ اور اساتذہ کا تعاون حاصل رہے گا۔ روحانیت کے شوق میں بتدریج اضافہ ہو سکے گا۔ خواہشات پوری ہو سکیں گی۔

تیسرا ھفتہ دوست نقصان پہنچا سکتے ہیں۔ خواہشات پوری ہونے سے انجانی خوشی محسوس ہوگی۔ پیچیدہ مسائل حل ہونگے اور مالی پوزیشن میں بہتری کے امکان ہونگے۔ قسمت کا ساتھ رہے گا۔ جس سے شریک حیات اور شریک کار کے ساتھ تعلقات مستحکم رہیں گے اور غلط فہمیوں کے بادل چھٹ سکیں گے۔ معاملات محبت مزید بہتر ہونے سے آپ خود کو فریش محسوس کریں گے۔

چوتھا ھفتہ: گھریلو معاملات مسائل کا شکار رہیں گے لیکن غصے اور جذبات سے یہ مسائل حل نہ ہونگے بلکہ مزید بگڑیں گے۔ لہٰذا تحمل مزاجی سے کام لیں ورنہ لڑائی جھگڑے کا اندیشہ ہے۔ صحت متاثر ہو سکتی ہے۔ لہٰذا خوراک کا خاص خیال رکھیں۔ غصے اور جذبات پر قابو رکھئے اور صبر و تحمل سے کام لیں ورنہ لڑائی جھگڑے اور نقصان کا اندیشہ ہے۔ جلد بازی سے گریز کریں شراکتی کام مسائل کا شکار ہو سکتے ہیں۔

سعد تواریخ: یکم,**25,16,11,6** جنوری   **نحس تواریخ:** **28,21,14** جنوری

Virgo

سنبلہ

24August
